مفتاح القرآن

کلمات القرآن کی صرفی، معنوی اور تحقیقی ڈکشنری



تالیف

ابومعاویہ
حافظ عبدالغفور فاروقہ
سرگودھا

نظر ثانی
شیخ القرآن والحدیث مولانا سرفراز احمد (پل 111)

تصدیق و تصویب
پروفیسر حافظ عبدالستار حامد

ناشر مرکزی جمعیۃ اہلحدیث ضلع سرگودھا

مفتاح القرآن

کلمات القرآن کی صرفی، معنوی اور تحقیقی ڈکشنری

تالیف

ابو معاویہ حافظ عبد الغفور فاروقہ ۔ سرگودھا

نظر ثانی

شیخ القرآن والحدیث مولانا سرفراز احمد (پل ۱۱۱)

تصدیق و تصویب

پروفیسر حافظ عبد الستار حامد

ناشر مرکزی جمعیۃ اہلحدیث ضلع سرگودھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تالیف: ابومعاویہ حافظ عبدالغفور (فاروقہ۔سرگودھا)
0301-6719756

ناشر: مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع سرگودھا

تعداد: ایک ہزار (1000)

طبع اول: 2017ء

مطبع: ثنائی پریس سرگودھا

عطیہ: ازمرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع سرگودھا

ملنے کا پتہ

۱۔ ادارہ البلاغ المبین ابومعاویہ منزل بستی کلیار
نزد مسجد مبارک اہلحدیث فاروقہ (سرگودھا)

۲۔ ضلعی مرکز ابوبکر صدیق۔مروہ ویلی شہر سرگودھا

۳۔ مدرسہ دارالکتاب والسنہ پل ۱۱۱ نزد سرگودھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ

انتساب

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا اعجازی کلام ہے
بندہ ناچیز اپنی اس کاوش کی نسبت مالکِ حقیقی
کی طرف کرتا ہے جس نے مجھے یہ توفیق بخشی
دعا ہے اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت بخشے
اور اس گنہگار کے لئے ذریعہ نجات بنائے
وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ

فہرست مفتاح القرآن

عرض مؤلف

الحمد للہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین ۔ اما بعد عرصہ دراز سے خواہش تھی کہ کلمات القرآن کے ہر لفظ کی ضروری تحقیق پر ایک کتاب لکھی جائے جس سے مدرسین، علماء، اور طلباء کے علاوہ اس میدان میں ذوق رکھنے والے احباب بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ قرآن فہمی اور لفظی تحقیق میں مہارت پیدا کریں۔ اللہ تعالیٰ استاد محترم مولانا بشیر احمد حسیم مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے جنہوں نے اپنے اندازِ تدریس سے یہ ذوق اجاگر کیا۔ اگر اسی انداز سے قرآن مجید کا ترجمہ پڑھایا جائے تو مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

(۱) قرآن مجید عربی لغت میں ایک بنیادی حیثیت رکھتا ہے شاید ہی ایسا کوئی لفظ ہو جس کا مادہ قرآن نے ذکر نہ کیا ہو۔ مادہ اور معنی یاد کرنے سے عربی لغت پر عبور حاصل ہو جاتا ہے۔

(۲) ہر مادہ اور لفظ جس حالت، کیفیت، فطری جذبات اور رجحانات کیلئے وضع کیا گیا ہے اس کو اسی انداز میں پڑھنے سے علمی اضافہ کے ساتھ سرور بھی حاصل ہوتا ہے۔

(۳) ثلاثی مجرد کے ابواب اور مصادر یاد کرنے سے عربی عبارت آسان اور درست ہو جائے گی۔ انہیں ضرور یاد کیا جائے۔

(۴) قرآن عظیم ہر علم میں بحر عمیق ہے بڑے بڑے محقق، مفکر اور جیدّ علماء اس پر کام کرتے آرہے ہیں اور تا قیامت کرتے رہیں گے ایسا کوئی تیراک نہیں دیکھا جو غوطہ کھائے بغیر صحیح سالم پار اتر گیا ہو۔ بندہ کی بھی یہی حالت ہے اس میں جو غلطی ہے وہ میری کم علمی کا نتیجہ ہے علم صرف بھی گہرا علم ہے جس میں زبر زیر کی غلطی بڑی غلطی بن جاتی ہے۔ ماہرین فن ایسی اغلاط کی نشاندہی کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جا سکے۔

آخر میں التماس ہے کہ اس گنہگار کیلئے اللہ تعالیٰ سے بخشش اور رحمت کی دعا کرتے رہیں تا کہ آخرت آسان ہو جائے اور یہ کتاب مفتاح القرآن ذریعہ نجات بن جائے۔

"رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ" آمین

چونکہ قرآن عزیز، اللہ علیم وحکیم کا بہترین کلام ہے اس لئے اس کی تعلیم وتدریس اور تبلیغ وترویج کو بھی سب سے بہتر عمل قرار دیا گیا ہے۔رسول اکرم ﷺ کا فرمان ذیشان ہے

خیرکم من تعلم القرآن و علمه (صحیح بخاری:5027)

''تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن مجید کو پڑھے اور لوگوں کو پڑھائے''

بالکل سچ اور درست کہا گیا ہے کہ

جمالِ حسن قرآں، نورِ جاں ہر مسلماں ہے
قمر ہے چاند اوروں کا، ہمارا چاند قرآں ہے
نظیر اِس کی نہیں ملتی، جہاں میں ڈھونڈکر دیکھا
بھلا کیوں کر نہ ہو یکتا، کلامِ پاک رحماں ہے

کلام اللہ کی تلاوت وتدریس اور تفہیم وتفسیر کی اہمیت وفضیلت واضح کرتے ہوئے رسول محترم ﷺ نے فرمایا:۔

ما اجتمع قوم فی بیت من بیوت الله یتلون کتاب الله و یتدا رسو نه بینهم الا نزلت علیهم السکینة و غشیتهم الرحمة و حفّتهم الملائکة و ذکرهم الله فیمن عنده (صحیح بخاری:2699)

''جولوگ اللہ تعالیٰ کے گھروں (مسجدوں) میں سے کسی گھر (مسجد) میں جمع ہوکر اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآن حکیم) کی تلاوت کرے اور اسے دوسروں سے سیکھیں اور سکھائیں یعنی درس وتدریس کا فریضہ انجام دیں تو اُن پر سکینت (سکون و طمانیت) نازل ہوتی ہے انہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے۔اور فرشتے انہیں گھیر لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اِن (خوش نصیبوں) کا ذکر خیران فرشتوں میں کرتا ہے جواُس کے پاس ہیں''

حقیقت یہ ہے کہ امت کے زوال وانحطاط اور زبوں حالی کا ایک بہت بڑا سبب کتاب الٰہی سے اعراض اور پیغام ربانی سے انحراف ہے اور ہماری بداعتقادی، بے راہروی اور عملی خرابیوں کی بنیادی وجہ بھی قرآنی احکام سے بے خبری، فرموودات الٰہی سے لاعلمی اور آسمانی ہدایت سے بے اعتنائی ہے۔

حبیب مکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:۔

ان الله یرفع بهذا الکتاب اقواماً و یضع به آخرین (صحیح مسلم:817)

یقیناً اللہ تعالیٰ اس کتاب (پر عمل کرنے کی وجہ) سے قوموں کو سربلندی عطا فرماتا ہے۔اور اس سے (روگردانی کرنے والی) قوموں کو پست اور ذلیل کر دیتا ہے۔

شاعر مشرق علامہ محمد اقبال نے درست فرمایا تھا۔

وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہوکر

اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہوکر

قرآن کریم دنیا کی واحد کتاب ہے جو اپنے زمانہ نزول سے لے کر آج تک عقیدت ومحبت کا مرکز اور غور و فکر کا محور رہی ہے اور مسلمانوں کا سب سے پہلا علمی کارنامہ قرآن مجید کی تشریح وتفسیر ہی ہے۔ ہر دور کے اہل علم نے اس کتاب کے ایک ایک لفظ کو تفکر و تدبر کی سان سے صیقل کیا ہے اور قرآنی آیات سے مسائل کے استنباط و استخراج کے سلسلے میں ایسی سنہری خدمات انجام دی ہیں۔

کہ دوسرے ادیان و مذاہب کے پیروکار اس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہیں اور یہ عظیم و بابرکت کام زمانہ خیر القرون سے اب تک جاری وساری ہے اور ان شاء اللہ العزیز قیامت تک جاری رہے گا۔

ہمارے دور کی مقتدر اور نامور علمی شخصیت محترم مولانا حافظ عبدالغفور حفظہ اللہ تعالیٰ جنہیں شیخ الحدیث مولانا محمد صدیق سرگودھوی اور شیخ القرآن مولانا بشیر احمد حسیمؒ اور مناظر اسلام مولانا حافظ محمد ابراہیم کمیرپوری جیسے اساطین علم سے کسب فیض کا اعزاز حاصل ہے اور جو قرآنی علوم و معارف کے ماہر اور اس کے معانی اور مطالب سے گہری واقفیت رکھنے والے معتبر عالم دین ہیں ____ نے قرآنی الفاظ وکلمات کی صرفی ونحوی اور لغوی تشریح وتوضیح کرتے ہوئے "مفتاح القرآن" کے نام سے ایک ضخیم کتاب مرتب فرمائی ہے جس میں قرآن حکیم کے ہر لفظ کا اُردو ترجمہ، مادہ (حروف اصلی)، وزن ، باب، مصدر، صیغے، اور صفت اقسام کی بڑی وضاحت کی گئی ہے۔ حقیقتاً یہ کتاب علماء کرام، خطباء عظام اور مدارس دینیہ کے طلبہ کے لئے نعمت عظمیٰ اور بہترین تحفہ ہے۔ یہ کتاب واقعتاً اس لائق ہے کہ اسے دینی مدارس کے نصاب کا حصہ بنایا جائے۔

علماء، خطباء اور طلباء کے علاوہ ہر وہ شخص جو قرآنی کلمات والفاظ کے معانی اور مطالب سے واقفیت حاصل کرنا اور

قرآن مجید کا ترجمہ سیکھنا چاہتا ہو وہ اس کتاب کے مطالعہ سے قرآن حکیم کو بہتر انداز میں سمجھ سکتا ہے اور آگے سمجھا سکتا ہے۔

مولانا حافظ عبد الغفور حفظہ اللہ تعالیٰ نے یہ کتاب مرتب کر کے ایک بہت بڑی علمی خدمت سرانجام دی ہے جو اُن کے لئے صدقہ جاریہ اور لا متناہی نیکی ہے جس کا صحیح اندازہ اہل علم ہی لگا سکتے ہیں۔ اللہ رب العالمین اُن کی محنتِ شاقہ کو قبول فرما کر دنیا اور آخرت کی کامیابی اور کامرانی کا ذریعہ بنائے اور انہیں مزید علمی و تحقیقی کتب تصنیف کرنے کی سعادت و توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین

یہ امر از حد خوشی اور مسرت کا باعث ہے کہ یہ عظیم کتاب مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع سرگودھا کے امیر شیخ الحدیث مولانا سرفراز احمد حفظہ اللہ تعالیٰ کی علمی سرپرستی میں ضلعی جمعیت کی طرف سے شائع کی جا رہی ہے جو یقیناً اعزاز و شرف کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری جماعت کو مزید ایسے سنہری کارنامے سرانجام دینے کی توفیق نصیب فرمائے۔ میں ضلعی جمعیت کے تمام عہدیداروں، ارکانِ عاملہ، شوریٰ اور کارکنوں کو اس مبارک کام پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں اور سب کیلئے دعا گو ہوں۔

راقم

پروفیسر عبد الستار حامد

خطیب جامع مسجد توحیدیہ اہل حدیث

وزیر آباد (گوجرانوالہ)

24-11-2016

تقریظ

شیخ القرآن والحدیث مولانا سرفراز ۔۔ ماحب مدرسہ دار الکتاب والسنہ پل ۱۱۱ جنوبی سرگودھا

الحمدلله رب اللعالمین والصلاۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء والمرسلین ۔

اما بعد! قال الله تعالیٰ " اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَه لَحَافِظُوْنَ "۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ وہ عظیم کتاب ہے جس کی حفاظت تا قیامت اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے اور یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ اس کتاب میں بے شمار علوم ہیں ہر دور میں علماء نے اس پر مختلف علمی انداز میں کام کیا ہے۔ اور یہ سلسلہ ہنوز جاری ہے اور تا قیامت جاری رہے گا۔ قرآن مجید کے الفاظ و کلمات کا شرعی معنی اور تفسیر بیان کرنے کا حق نبی کریم ﷺ کو ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے سورہ النحل کی آیت نمبر ۴۴ میں ارشاد فرمایا ہے

وَاَنْزَلْنَا اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ.

آیت کا مفہوم یہ ہے اے ہمارے نبی ﷺ ہم نے آپ کی طرف قرآن اتارا تا کہ آپ لوگوں کے سامنے اسے وضاحت سے بیان کردیں جو احکام انکی طرف اتارے گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے قول و عمل سے اس کی تفسیر امت تک پہنچا دی ہے۔

الحاصل قرآن مجید کے اوّل شارع و مفسّر خود اللہ کے رسول ہیں۔ علمائے تفسیر نے قرآن مجید کی تفسیر کے پانچ بنیادی ماخذ بیان کئے ہیں۔

۱۔ قرآن اپنی تفسیر خود بیان کرتا ہے ایک مقام پر مبہم بات ہے تو دوسری جگہ وضاحت ہو جاتی ہے۔

۲۔ نبی علیہ السلام نے اپنے قول و فعل اور تقریر سے قرآن کی تفسیر بیان کردی ہے جسے حدیث و سنت کہا جاتا ہے۔

۳۔ اقوال صحابہ سے قرآن کی تفسیر بیان کرنا۔ کیونکہ وہی پہلے مخاطب اور عامل بالقرآن تھے۔

۴۔ اقوال تابعین سے تفسیر بیان کرنا کیونکہ انہوں نے صحابہ کرامؓ سے براہِ راست علم حاصل کیا۔

۵۔ لغتِ عرب یاد رہے تفسیر نبوی کو نظر انداز کر کے صرف لغت عرب سے تفسیر بالرائے کرنا جو اصل مدعا قرآن سے

متصادم ہو سراسر گمراہی ہے۔ایسے ماخوذ مطالب ومفہوم سے احتراز ضروری ہے۔لغت عرب کے علاوہ مذکور چار ماخذ جو بیان کئے گئے ہیں انکی روشنی میں کلمات القرآن کا ترجمہ وتوضیح مفید علم ہے یہی مرادِ شریعت ہے۔مفتاح القرآن میں حافظ **عبد الغفور** حفظہ اللہ نے بڑی محنت شاقہ سے مختصر مگر جامع انداز میں ترجمہ وتوضیح کے علاوہ عربی گرائمر میں لفظ کی مکمل تحقیق بیان کی ہے۔ان شاء اللہ اس کتاب سے تمام طبقہ علماء کرام کو بالعموم اور مدرسین وطلباء کو بالخصوص بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ حضرت حافظ صاحب کیلئے اس کتاب کو صدقہ جاریہ بنائے۔انہوں نے فراخدلی سے اس کی اشاعت کے حقوق مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع سرگودھا کو سونپ دیئے ہیں۔آپ بھی اس وقت مرکزیہ کے ضلعی ناظم ہیں۔ضلعی جماعت اس کی اشاعت میں پرعزم ہے۔شایان شان طریقہ سے اسے شائع کر کے بطور ہدیہ مفت تقسیم کی جائے گی۔اللہ تعالیٰ سے قبولیت کی دعا کرتا ہوں۔اللہ تعالیٰ مصنف کی محنت اور مخیّر حضرات کے تعاون کو قبول فرمائے۔آمین

سرفراز احمد بن حاکم علی

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع سرگودھا

18-11-2016

ہدایات وخصوصیّات

(۱) حروف تہجی کی ترتیب پر مفتاح القرآن مرتب کی گئی ہے ہر لفظ حروف تہجی کی ترتیب پر چلایا گیا ہے۔
(مثلاً۔ق ا۔ق ب۔ق ت) الی آخرہ۔

(۲) معنوی خصوصیّت۔ بعض الفاظ مختلف معانی ادا کرتے ہیں وہ تقریباً سب لکھ دیئے گئے ہیں

(۳) (توضیح) معنیٰ کے بعد بریکٹ میں توضیح ہے جن الفاظ کا مطلب عام فہم ہے ان کی توضیح چھوڑ دی گئی ہے اور جو اپنی وضعی حالت کی وضاحت چاہتے ہیں انکی لکھ دی گئی ہے قرآن کریم میں بڑی فصاحت و بلاغت ہے مثلاً (ڈرنا) کیلئے گیارہ الفاظ ہیں ہر لفظ میں ڈر کی جو کیفیت پائی جاتی ہے وہ لکھ دی گئی ہے توضیح پڑھنے سے لطف وسرور حاصل ہوتا ہے

(۴) (مادہ) اصلی حروف کو مادہ کہتے ہیں۔ بعض الفاظ کے مادے مختلف فیہ ہیں تحقیق کے بعد درست مادہ لکھا گیا ہے اس کے باوجود (خطاء کا امکان ہے۔

(۵) (ہفت اقسام) اصلی حروف (مادہ) کی بنا پر ہفت اقسام لکھا گیا ہے مادہ مختلف فیہ ہے یا اس میں غلطی ہے تو ہفت اقسام میں بھی وہی کچھ ہوگا۔ ہفت اقسام یہ ہے۔ صحیح است و مثال است و مضاعف۔ لفیف و ناقص، مہموز و اجوف۔

(۶) (ابواب) ہر فعل کا باب، ماضی، مضارع اور مصدر مع وزن لکھ کر بیان کیا گیا ہے ان ابواب و مصادر کو یاد کر لیا جائے تو عربی عبارت اغلاط سے پاک ہو جاتی ہے

(۷) (مصدر) ثلاثی مزید فیہ کے مصادر مخصوص اوزان پر ہیں البتہ ثلاثی مجرد کے مصادر کی تعداد زیادہ ہوتی ہے ان میں سے صرف ایک معروف و موزوں مصدر لکھ دیا گیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کے علاوہ مصادر نہیں ہیں خانہ کے اندر تمام مصادر لکھنے کی گنجائش نہ تھی۔ اہل علم پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ بعض دفعہ مصدر کی تبدیلی سے معنیٰ میں بھی تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔

(۸) (وزن) عربی زبان میں جو لفظ اور اس کے حروف (ف۔ع۔ل) کے مقابلہ میں آتے ہیں اسے وزن کہتے ہیں۔ باب / مصدر / وزن / کیلئے ایک خانہ ہے اس خانہ میں باب مصدر کو ترجیح دی گئی ہے خانہ میں جگہ مل گئی تو وزن لکھ دیا گیا ہے۔

(۹) (صیغہ وغیرہ) اسم، فعل، حرف کا اپنی جس قسم سے تعلق ہے وہ اس خانہ میں لکھ دی گئی ہے اس کے ضروری متعلقات بھی درج کردیئے ہیں گویا یہ خانہ سہ اقسام (اسم، فعل، حرف) کی پہچان ہے

(۱۰) (فعل معروف ومجہول) صیغہ وغیرہ کے خانہ میں صرف ماضی یا مضارع کا لفظ لکھا گیا ہے تو اس سے مراد ماضی معلوم اور مضارع معلوم ہیں مجہول افعال کے ساتھ لفظ مجہول موجود ہے اسی طرح صرف ثلاثی لکھا ہوا ہے تو اس سے مراد ثلاثی مجرد ہے

(۱۱) ابوب ثلاثی مجرد کے اشارات یہ ہیں۔

(ض) ضَرَبَ یَضْرِبُ　　(ف) فَتَحَ یَفْتَحُ

(ن) نَصَرَ یَنْصُرُ　　(ح) حَسِبَ یَحْسِبُ

(س) سَمِعَ یَسْمَعُ　　(ک) کَرُمَ یَکْرُمُ

اصطلاحات

مصدر:۔وہ اسم جو کسی کام کے واقع ہونے پر دلالت کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے، نَصْرٌ "مدد کرنا"، فَتْحٌ "کھولنا"

مادہ:۔کلمہ کے حروف اصلیہ کو مادہ کہتے ہیں۔

فعل:۔وہ کلمہ جو اپنا معنیٰ خود بتائے اور اس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ بھی پایا جائے جیسے، کَتَبَ "اس نے لکھا" یَکْتُبُ "وہ لکھتا ہے / لکھے گا۔"

فعل ماضی:۔وہ فعل جو کسی کام کے گزشتہ زمانے میں واقع ہونے پر دلالت کرے جیسے: کَتَبَ، اس نے لکھا

فعل مضارع:۔وہ فعل جو کسی کام کا زمانہ حال یا مستقبل میں واقع ہونا بتائے، جیسے یَکْتُبُ، وہ لکھتا ہے یا لکھے گا۔

فعل امر:وہ فعل جس کے ذریعے سے آئندہ زمانے میں کسی کام کرنے کا مطالبہ کیا جائے، جیسے: اُکْتُبْ "تو (ایک مرد) لکھ۔"

فعل نہی:وہ فعل مضارع جس پر لائے نہی آتا ہے اور اس کے ذریعے سے ترکِ فعل کا مطالبہ ہوتا ہے، جیسے: (وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا) "اور زمین پر اکڑ کر مت چل۔" اسے "مضارع بہ لائے نہی" بھی کہا جاتا ہے۔

فعل لازم:وہ فعل جس کا اثر فاعل تک ہی محدود رہے اور وہ بذات خود مفعول بہ کو نصب نہ دے سکے، جیسے: جَلَسَ مُعَلِّمٌ "معلم بیٹھا۔"

فعل متعدی:وہ فعل جس کا اثر فاعل سے تجاوز کر کے مفعول بہ تک جائے اور وہ بذات خود مفعول کو نصب دے جیسے :خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ "اللہ (تعالیٰ) نے آدمؑ کو پیدا کیا۔" اس میں خَلَقَ فعل متعدی ہے۔

فعل کبھی تو بذات خود متعدی ہوتا ہے اور کبھی کسی حرف کو بطور صلہ لا کر اسے متعدی بنایا جاتا ہے، جیسے ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ﴾ "لے گیا اللہ ان کی روشنی۔" اس میں صلہ حرف با ہے۔

فعل معروف: وہ فعل جس کی نسبت اپنے فاعل کی طرف ہو، جیسے: خَلَقَ اللّٰہُ "اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔" یَخلُقُ "وہ (اللہ عزوجل) پیدا کرتا ہے / کرے گا

فعل مجہول: وہ فعل جس کی نسبت نائب فاعل کی طرف کی گئی ہو، جیسے: یُنْصَرُ زَیْدٌ "زید کی مدد کی جاتی ہے / کی جائے گی۔"

فعل مثبت: وہ فعل جس کے شروع میں حرف نفی (مَا، لَا وغیرہ) نہ ہو، جیسے: نَصَرَ "اس نے مدد کی" یَنْصُرُ "وہ مدد کرتا ہے / مدد کرے گا۔"

فعل منفی: وہ فعل جس کے شروع میں حرف نفی ہو، جیسے مَا کَتَبَ "اس نے نہیں لکھا" لَا یَکْتُبُ "وہ نہیں لکھتا ہے"

منفی جحد بہ لم: وہ فعل مضارع جس پر حرف جازم لَمْ داخل ہو، جیسے: ﴿وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا﴾ "اور وہ اللہ (تعالیٰ) کے سوا اس چیز کی عبادت کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی دلیل نازل نہیں کی۔"

منفی مؤکد بہ لن: وہ فعل مضارع جس کے شروع میں لامِ تاکید اور آخر میں نونِ تاکید ثقلیہ ہو، جیسے: لَیَنْصُرَنَّہٗ "اس کی ضرور بالضرور مدد کرے گا۔"

مؤکد بہ لام و نونِ تاکید خفیفہ: وہ فعل مضارع جس کے شروع میں لام تاکید اور آخر میں نونِ تاکید خفیفہ ہو، جیسے: لَیَنْصُرَنْ "وہ ایک مرد ضرور بالضرور مدد کرے گا۔"

اسم مشتق: وہ اسم جو مصدر سے بنایا گیا ہو جیسے: اَلنَّصْرُ سے نَاصِرٌ، مَنْصُوْرٌ.

اسم فاعل: وہ مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس نے کام کیا ہو یا اس کے ساتھ قائم ہو، جیسے: نَاصِرٌ مدد کرنے والا

اسم مفعول: وہ اسم مشتق جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر کام واقع ہو، جیسے: مَنْصُوْرٌ "وہ شخص جس کی مدد کی جائے"

اسم ظرف: وہ اسم مشتق جو اس جگہ یا کرے جس میں فعل واقع ہو، جیسے: مَلْعَبٌ "کھیلنے کی جگہ یا وقت۔"

اسم آلہ: وہ اسم مشتق جو اس چیز پر دلالت کرے جس کے ذریعے سے کام کیا جائے، مثلاً: مِفْتَاحٌ "کھولنے کا آلہ، یعنی چابی۔"

اسم تفضیل: وہ اسم مشتق جو یہ بتائے کہ ایک صفت دو یا دو سے زیادہ اشیاء میں مشترکہ طور پر پائی جاتی ہے لیکن ان میں سے ایک شے اس صفت میں، دوسری سے بڑھ کر ہے، جیسے: زَیْدٌ اَعْلَمُ مِنْ بَکْرٍ "زید بکر سے بڑھ کر عالم ہے۔"

نوٹ: وہ افعال جو غیر ثلاثی مجرد ہوں یا لون (رنگ) عیب یا حلیے کے معنیٰ میں ہوں، ان سے اسم تفضیل اس وزن پر نہیں آتا، لہٰذا اَسْوَدُ "سیاہ رنگ والا" اَعْوَرُ "کانا" اَکْحَلُ "سرمگیں آنکھوں والا" اسم تفضیل نہیں بلکہ صفت مشبہ ہیں۔ ان سے اگر اسم تفضیل کے معنیٰ ادا کرنے ہوں تو ان فعال کے مصدر کے شروع میں اَشَدُّ، اَکْبَرُ، اَضْعَفُ یا ان کے ہم معنیٰ کوئی لفظ بڑھا دیا جائے اور مصدر کو منصوب کیا جائے۔ جیسے: اَشَدُّ اجْتِنَابًا "(دوسروں کی نسبت) زیادہ بچنے والا" اَشَدُّ حُمْرَۃً (دوسروں کی نسبت) "زیادہ سرخ۔" اَشَدُّ اِکْرَامًا، اَشَدُّ تَصْرِیفًا، اَشَدُّ مُقَاتَلَۃً، اَشَدُّ تَقَابُلًا وغیرہ

حرف کا بیان

حرف کی تعریف: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے کے لیے اسم یا فعل کا محتاج ہو، جیسے: اَنْ، لَمْ، وغیرہ۔

حرف کی صرفی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔ حرف اصلی، ۲۔ حرف زائد

حرف اصلی: وہ حرف ہے جو وزن کرتے وقت فاء عین یا لام کلمہ کی جگہ پر آئے جو فاء کی جگہ ہو، اسے فاء کلمہ، جو عین کی جگہ ہو اسے عین کلمہ اور جو لام کی جگہ ہو اسے لام کلمہ کہتے ہیں، جیسے: نَصَرَ بروزن فَعَلَ اس میں "ن" فا کلمہ ص عین کلمہ اور "ر" لام کلمہ ہے۔

حرف زائد: وہ حرف جو وزن کرتے وقت فاء عین یا لام کلمہ کی جگہ پر نہ ہو، جیسے: اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ اس میں "ک" فاء کی جگہ "ر" عین کی جگہ اور "م" لام کی جگہ ہے اس لیے ک، ر، م اصلی اور ہمزہ زائد حرف ہے۔

حروف کی نحوی اعتبار سے دو قسمیں ہیں: ۱۔ عاملہ، ۲۔ غیر عاملہ

حروف عاملہ: وہ حروف جو رفع، نصب، جر یا جزم دیتے ہیں ان کی درج ذیل نو قسمیں ہیں:

۱۔ حروف جارہ: وہ حروف جو اسم کو جر دیتے ہیں، یہ سترہ ہیں:

باؤ تاؤ کاف ولام وواؤ مُنذُ مُذ خلا .... رُبَّ حاشا مِنْ عدا فِیْ عَنْ علیٰ حتّٰی اِلٰی

۲۔حروف مشبہ بالفعل: یہ مبتدا کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں، یہ چھ ہیں: اِنَّ ،اَنَّ ،کَاَنَّ ،لَیْتَ ،لٰکِنَّ ،لَعَلَّ۔

۳۔ماولا مشابہ بلیس: یہ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں، یہ دو ہیں: مَا ،لَا۔

۴۔لائے نفی جنس: یہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے، یہ صرف ایک حرف ہے: لَا۔

۵۔حروف نداء: یہ اسم کو نصب دیتے ہیں جبکہ وہ مضاف یا شبہ مضاف ہوں، یہ پانچ ہیں یَا ،اَیَا ،ھَیَا ،اَیْ، ہمزہ مفتوحہ۔

۶۔حروف ناصبہ در فعل مضارع: یہ فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَنْ ،لَنْ ،کَیْ ،اِذَنْ ۔

۷۔حروف جازمہ در فعل مضارع: یہ فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، یہ پانچ ہیں: لَمْ، لَمَّا ،لام امر ،لائے نهی ،اِن شرطیہ

حروف غیر عاملہ: وہ حروف ہیں جو لفظی عمل نہیں کرتے، اس کی درج ذیل پندرہ قسمیں ہیں۔

۱۔حروف استفهام: وہ حروف ہیں جن کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے، یہ دو ہیں: أ، هَلْ۔

۲۔حروف مصدریه: وہ حروف ہیں جو جملے کو مصدر کے معنیٰ میں کر دیتے ہیں یہ تین ہیں: مَا ،اَنْ ،اَنَّ ۔

۳۔حروف تفسیر: وہ حروف ہیں جو ماقبل کی وضاحت کے لیے آتے ہیں، یہ دو ہیں، اَیْ ،اور اَنْ، جیسے:

جَاءَ نِیْ زَیْدٌ اَیْ اَبُوْکَ ،نَا دَیْنَا هُ اَنْ یَّا اِبْرَاهِیْمُ

۴۔حروف جواب: وہ حروف ہیں جو جواب دینے کے لیے آتے ہیں، یہ سات ہیں نَعَمْ ،اَجَلْ ،جَیْرِ ،اِنَّ ،اِیْ ،بَلٰی ،لَا

۵۔حروف توقع: قَدْ ہے، جب یہ ماضی سے پہلے آئے تو تحقیق کے معنیٰ دیتا ہے، اسے ماضی قریب کہا جاتا ہے ،جیسے: لَقَدْ جَاءَ کُمْ رَسُوْلٌ مِنْ اَنْفُسِکُمْ (تحقیق تمہارے اندر ہی سے تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے) اور جب مضارع سے پہلے آئے تو تقلیل کے معنیٰ دیتا ہے، جیسے: قَدْ یَجِیْءُ زَیْدٌ ،(زید کبھی کبھی آتا ہے) کبھی مضارع سے پہلے بھی تحقیق کے معنیٰ دیتا ہے، جیسے: قَدْ یَعْلَمُ اللّٰہُ (بے شک اللہ تعالیٰ جانتا ہے)۔

۶۔**حروف شرط**: وہ حروف ہیں جو شرط کے معنیٰ دیتے ہیں، یہ چار ہیں: اَمَّا ، لَوْ، لَوْلَا ، لَوْمَا ۔

۷۔**حروف تنبیہ**: وہ حروف ہیں جو مخاطب سے غفلت دور کرنے کے لیے جملہ سے پہلے آتے ہیں، یہ تین ہیں: اَلَا ، اَمَا ، هَا، جیسے: اَلَا زَیْدٌ قَائِمٌ ، اَمَا عَمْرٌو جَالِسٌ ، هَا اَنَا حَاضِرٌ۔

۸۔**حروف تحضیض و تندیم**: وہ حروف ہیں جو مخاطب کو رغبت یا ندامت دلانے کے لیے آتے ہیں ، یہ چار ہیں: اَلَّا ، هَلَّا ، لَوْلَا ، لَوْمَا ، جب یہ مضارع پر آئیں تو رغبت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا تُصَلِّیْ (تو نماز کیوں نہیں پڑھتا؟) اور جب ماضی پر آئیں تو ندامت دلانا مقصود ہوتا ہے، جیسے: هَلَّا صَلَّیْتَ (تو نے نماز کیوں نہیں پڑھی؟)

۹۔**حرف ردع**: وہ حرف ہے جو ڈانٹ اور انکار کے لیے آتا ہے یہ صرف ایک حرف کَلَّا ہے، جیسے: کوئی کہے کَفَرَ حَامِدٌ تو جواب میں کہا جائے کَلَّا (ہرگز نہیں)، کبھی یہ "بے شک" کے معنیٰ میں بھی آتا ہے۔
جیسے: کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (بے شک عنقریب تم جان لو گے)۔

۱۱۔**حروف تاکید**: ۔وہ حروف ہیں جو تاکید پیدا کرنے کے لیے آتے ہیں، یہ دو ہیں: نون تاکید اور لام ابتدا نون تاکید کی دو قسمیں ہیں: ۱۔ثقیلہ، جیسے: اِضْرِبَنَّ ۲۔خفیہ، جیسے: اِضْرِبَنْ ، لام ابتدا مفتوح ہوتا ہے، جیسے: لَزَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو (زید ضرور عمرو سے بہتر ہے)۔

۱۵۔**حروف زائدہ**: وہ حرف ہیں جن کو حذف کرنے سے معنیٰ میں کوئی خلل نہ آئے، یہ حروف معنیٰ میں تاکید اور کلام میں خوبصورتی پیدا کرتے ہیں یہ آٹھ ہیں: اِنْ، اَنْ، مَا، لَا ، مِنْ، کاف ، باء ، لام ، جیسے مَا اِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ ، فَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِیْرُ ۔

ثلاثی مجرد: وہ اسم یا فعل جس کے تین حروف اصلی ہوں، جیسے: عِلْمٌ ، نَصَرَ وغیرہ

ثلاثی مزید فیہ: وہ اسم یا فعل جس میں تین حروف اصلی کے علاوہ حرف زائد بھی ہو، جیسے: اَخْرَجَ ، اِسْتَغْفَرَ وغیرہ

رباعی مجرد: وہ اسم یا فعل جس میں چاروں حروف اصلی ہوں اور کوئی حرف زائد نہ ہو، جیسے: جَعْفَرٌ ،زِلْزَالٌ ، بَعْثَرَ ، دَحْرَجَ۔

صحیح: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں حرف علت ہمزہ، اور دو ہم جنس حرف نہ ہوں۔ جیسے ضَرَبَ .قَلَمٌ۔

مضاعف: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں ایک جنس کے دو حرف ہوں، جیسے: ''مَدَّ،مُدَّ ،زَلْزَلَ،لُؤْلُؤٌ'' وغیرہ

مہموز: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں ہمزہ ہو، جیسے: ''أَمَرَ ،أُذُنٌ ،سَأَلَ ،رَأْسٌ ،قَرَأَ ،جُزْءٌ'' وغیرہ

اس کی تین قسمیں ہیں

مہموز الفاء: جس کے فاء کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: أَمَرَ ،اِبِلٌ وغیرہ

مہموز العین: جس کے عین کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: سَأَلَ، رَأْسٌ وغیرہ

مہموز اللام: جس کے لام کلمہ میں ہمزہ ہو، جیسے: قَرَأَ ،جُزْءٌ وغیرہ

معتل: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں حرف علت ہو، اس کی دو قسمیں ہیں:

معتل بیک حرف: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں ایک حرف علت ہو، اس کی تین قسمیں ہیں

مثال: وہ کلمہ ہے جس کے فاء کلمہ حرف علت ہو، جیسے: وَعَدَ ،يَسَرَ ،وَرْدٌ ،يُمْنٌ ،وغیرہ

اجوف: وہ کلمہ ہے جس کے عین کلمہ میں حرف علت ہو، جیسے: قَالَ ،بَاعَ ،قَوْمٌ ،لَيْلٌ ،وغیرہ

ناقص: وہ کلمہ ہے جس کے لام کلمہ میں حرف علت ہو، جیسے: دَعَا ،رَمٰی ،دَلْوٌ ،ظَبْیٌ ،وغیرہ

معتل بدو حرف: وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف علت ہوں، اسے لفیف بھی کہتے ہیں۔

اس کی دو قسمیں ہیں۔ لفیف مفروق۔ لفیف مقرون۔

لفیف مفروق: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت الگ الگ ہوں جیسے وَقٰی۔

لفیف مقرون: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرف علت متصل ہوں۔ جیسے طَوٰی ۔یَوْمٌ۔

قواعد القرآن مثال کے قواعد

۱۔**قاعدہ یَعِدُ**: جو واؤ علامت مضارع مفتوح اور کسرہ عین کے درمیان واقع ہو اس کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے :یَعِدُ، یہ اصل میں یَوْعِدُ تھا علامت مضارع مفتوح اور عین مکسور کے درمیان واقع ہو کر حذف ہو گئی۔

۲۔**قاعدہ یَهَبُ**: جو واؤ علامت مضارع مفتوح اور فتحہ عین (بشرطیکہ وہ باب فتح ہو) کے درمیان واقع ہو اس کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے :یَهَبُ اصل میں یَوْهَبُ تھا، واؤ علامت مضارع مفتوح اور عین مفتوح کے درمیان واقع ہو کر حذف ہو گئی۔

۳۔**قاعدہ عِدَةٌ** :جو مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر ہو اس سے واؤ کو وجوبی طور پر حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں اور عین کلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، بشرطیکہ اس کے مضارع سے واؤ حذف ہو چکی ہو، جیسے :عِدَةٌ ، یہ اصل میں وِعْدٌ تھا مصدر مثال واوی سے فِعْلٌ کے وزن پر واقع ہوا اور اس کے مضارع سے واؤ حذف ہو چکی ہے اس سے واؤ کو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء بڑھا دی اور عین کلمہ کو کسرہ دے دیا۔

فائدہ :مضارع مفتوح العین کے مصدر میں عین کلمہ کو کبھی فتحہ بھی دیتے ہیں، جیسے سَعَةٌ۔

۴۔**قاعدہ مِیْزَانٌ**: جو واؤ ساکن غیر مدغم، کسرہ کے بعد واقع ہو وہ وجوبی طور پر یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے :مِیْزَانٌ ، یہ اصل میں مِوْزَانٌ تھا، واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ واؤ باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو، جیسے :اِوْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ۔

۵۔**قاعدہ مُوْقِنٌ**: جو یاء ساکن غیر مدغم، ضمہ کے بعد واقع ہو وہ وجوبی طور پر واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے :مُوْقِنٌ ، یہ اصل میں مُیْقِنٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واقع ہو کر واؤ سے بدل گئی۔

بشرطیکہ وہ یاء باب افتعال کے فاء کلمہ میں نہ ہو جیسے :اِیْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ۔

۶۔**قاعدہ اِتَّقَدَ**: جو واؤ یا یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہو اس کو تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کرنا

واجب ہے، جیسے: اِتَّقَدَ ، یہ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا، واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبا تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا اِتَّقَدَ ہو گیا، اِتَّسَرَ، یہ اصل میں اِیْتَسَرَ تھا، یاء اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو وجوبا تاء سے بدل کر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا۔

۷۔ قاعدہ اُجُوْهٌ: جو واؤ فاء کلمہ میں مضموم یا مکسور ہو یا عین کلمہ میں مضموم ہو، اسے ہمزہ سے بدلنا جائز ہے ، جیسے: اُجُوهٌ (چہرے) ، اِشَاحٌ (ہاروالا) اَدْؤُرٌ (ستر عورت)۔ اُجُوهٌ اصل میں وُجُوهٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے جوازی طور پر ہمزہ سے بدل دیا، اِشَاحٌ، اصل میں وِشَاحٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مکسور واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَدْؤُرٌ تھا، واؤ عین کلمہ میں مضموم واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔ شرط یہ ہے کہ وہ واؤ مشدد یا ضمہ عارضی نہ ہو ، جیسے: تَعَوُّدٌ، رَاوُوْنَ ۔

جو واؤ فاء کلمہ میں مفتوح ہو اسے ہمزہ سے بدلنا شاذ ہے، جیسے: اَحَدٌ ، اَنَاةٌ (موتی)۔ اَحَدٌ اصل میں وَحَدٌ تھا ، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا، اَنَاةٌ اصل میں وَنَاةٌ تھا، واؤ فاء کلمہ میں مفتوح واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا۔

اسی طرح فاء کلمہ میں آنے والی واؤ کا تاء سے بدلنا بھی شاذ ہے، جیسے: تُقَاةٌ ، تُجَاهَ ، تُكْلَانٌ ، تُرَاثٌ ، تَقْوَىٰ اصل میں وُقَاةٌ ، وُجَاهَ ، وُكْلَانٌ ، وُرَاثٌ ، تھے واؤ فاء کلمہ میں واقع ہوئی اسے تاء سے بدل دیا۔

قاعدہ اَوَاصِلُ: جب دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اَوَاصِلُ ، اُوَيْصِلٌ اَوَاصِلُ اصل میں وَوَاصِلُ تھا، دو متحرک واؤ کلمہ کے شروع میں واقع ہوئیں تو پہلی واؤ کو وجوبا ہمزہ سے بدل دیا، اُوَيْصِلٌ اصل میں وُوَيْصِلٌ تھا، دو متحرک واؤ کے شروع میں واقع ہوئیں، تو پہلی واؤ کو وجوبا ہمزہ سے بدل دیا۔ اگر دوسرا واؤ ساکن ہو تو اسے ہمزہ سے بدلنا جائز، واجب نہیں، جیسے اُوْرِيَ سے وُوْرِيَ تھا۔

اجوف کے قواعد

قاعدہ قَالَ: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل مفتوح ہو اسے الف سے بدل دیتے ہیں، جیسے: قَالَ، بَاعَ۔ قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، واؤ ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، خَافَ اصل میں خَوِفَ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا، بَاعَ اصل میں بَیَعَ تھا، یاء ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا۔

قاعدہ قُلْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین نہ ہو تو فاء کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے، جیسے قُلْنَ اصل میں یہ قَوَلْنَ: تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو قَالْنَ ہوا، الف کو دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو قَلْنَ ہوا اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا تو قُلْنَ ہو گیا۔

قاعدہ خِفْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ واؤ دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گر جائے اور وہ کلمہ مکسور العین ہو تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: کہ اصل میں یہ خَوِفْن تھا، واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدلا تو خَافْنَ ہوا دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف گرا دیا تو خَفْنَ ہوا اب مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو خِفْنَ ہو گیا۔

قاعدہ بِعْنَ: جب ماضی ثلاثی مجرد کا عین کلمہ، یاء دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے گرا دیا جائے تو فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا جاتا ہے، جیسے: بِعْنَ کہ اصل میں یہ بَیَعْنَ تھا یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدلا تو بَاعْنَ ہوا، دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا تو بَعْنَ ہوا، مذکورہ قاعدہ کے تحت فاء کلمہ کو کسرہ دے دیا تو بِعْنَ ہو گیا۔

قاعدہ قِیْلَ: جب ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واؤ یا یاء ہو تو ان کی حرکت ماقبل کو دیں گے بشرطیکہ اس کی ماضی معلوم میں تعلیل ہو چکی ہو اگر عین کلمہ میں واؤ ہو تو اس کو یاء سے بدل دیں گے، جیسے: قِیْلَ اصل میں قُوِلَ تھا، واؤ کی حرکت ماقبل کو دے دی تو قِوْلَ ہو گیا۔ پھر واؤ ساکن ماقبل مکسور واؤ کو یا سے بدل دیا تو قِیْلَ ہو گیا۔ بِیْعَ اصل میں بُیِعَ تھا، یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو بِیْعَ ہو گیا۔

قاعدہ یُقَال: جو واؤ یا یاء متحرک اور اس کا ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو اس واؤ یا یاء کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیں اگر وہ حرکت فتحہ ہو تو واؤ اور یا کو الف سے بدل دیں، جیسے یُقَالُ، یُبَاعُ، یُخَافُ اصل میں یُقْوَلُ، یُبْیَعُ، یُخْوَفُ تھے ان میں واؤ اور یاء پر فتحہ ہے جو ماقبل ساکن کی طرف منتقل ہو گیا تو واؤ اور یاء الف سے بدل گئی ہے۔

اگر وہ حرکت ضمہ یا کسرہ ہو، ضمہ واؤ سے اور کسرہ یاء سے نقل کیا گیا ہو تو وہ واؤ اور یاء اپنی حالت پر رہتی ہیں، جیسے :یَقُوْلُ اور یَبِیعُ اصل میں یَقْوُلُ اور یَبْیِعُ تھے یَقْوُلُ میں واؤ پر ضمہ اور یَبْیِعُ میں یاء پر کسرہ ہے تو اس کی حرکت ماقبل ساکن کو دے دی اگر ضمہ یاء سے اور کسرہ واؤ سے نقل کیا گیا ہو تو اس واؤ اور یا کو اس حرکت کے مطابق حرف علت سے بدل دیا جاتا ہے، جیسے :اُقِیْمَ اصل میں اُقْوِمَ تھا۔ اس میں واؤ پر کسرہ ہے اسے ماقبل ساکن کو دینے کے بعد یا سے بدل دیا۔

قاعدہ قُوْلَنْ: جو حرف علت حالت جزم میں دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے حذف ہو گیا ہو جب لام کلمہ ضمیر یا نون تاکید کے ساتھ ملنے کی وجہ سے متحرک ہو جائے تو گرا ہوا حرف علت اپنی جگہ واپس آجاتا ہے قُوْلَا، قُوْلَنَّ اصل میں قُلْ تھے ضمیر اور نون تاکید کے ملنے سے لام کلمہ متحرک ہو گیا تو حذف شدہ حرف علت واپس آ گیا۔

فائدہ: قُلْ اصل میں اُقْوُلْ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے واؤ کی حرکت ماقبل کو دی پھر واؤ کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے گرا دیا فاء کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہ رہی وہ بھی حذف ہو گیا۔

۸۔ **قاعدہ قَائِلٌ**: جو واؤ یا یاء فَاعِلٌ کے عین کلمہ میں واقع ہو تو وہ ہمزہ سے بدل دیتے ہیں بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے قَائِلٌ، بَائِعٌ اصل میں قَاوِلٌ، بَایِعٌ تھے۔

۹۔ **قاعدہ مَبِیْعٌ**: اجوف یائی میں ضمہ منقولہ کو کسرہ سے بدل کر واؤ مفعول کو یاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے: مَبِیْعٌ اصل مَبْیُوْعٌ تھا قاعدہ یَقُوْلُ سے مَبُیْوْعٌ ہو گیا پھر قاعدہ مذکورہ سے مَبُوْعٌ ہوا پھر اس سے مَبِیْعٌ ہو گیا۔

۱۰۔ **قاعدہ رِیَاضٌ**: جو واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے شرطیکہ اس کے مفرد میں تعلیل ہو چکی ہو جیسے، رِیَاضٌ حِیَاضٌ اصل میں رِوَاضٌ، حِوَاضٌ تھے

۱۱۔**قاعدہ قِیَامٌ**: جو واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو وہ یاء سے بدل جاتی ہے بشرطیکہ اس کے فعل میں تعلیل ہوچکی ہو، جیسے: صِیَامٌ، قِیَامٌ اصل میں صِوَامٌ، قِوَامٌ تھے۔

۱۲۔**قاعدہ حِیْکٰی**: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰی صفتی میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: حِیْکٰی اصل میں حُیْکٰی تھا یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد فُعْلٰی صفتی میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوباً کسرہ سے بدل دیا۔

۱۳۔**قاعدہ بِیْضٌ**: جو یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: بِیْضٌ اصل میں بُیْضٌ تھا، یاء ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد اَفْعَلُ فَعْلَاءُ صفتی کی جمع میں واقع ہوئی تو ضمہ کو وجوباً کسرہ سے بدل دیا۔

ناقص کے قواعد

۱۔قاعدہ رَضِیَ :جوواؤکلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعدواقع ہووہ یاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: رَضِیَ ،دُعِیَ رَضِیَ اصل میں رَضِوَ تھاواؤکلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعدواقع ہوکر یاء سے بدل گئی، دُعِیَ اصل میں دُعِوَ تھاواؤکلمہ کے آخر میں کسرہ کے بعدواقع ہوکر یاء سے بدل گئی۔

۲۔قاعدہ رَضُوْ :جوحرف علت لام کلمہ میں مضموم ہواس کا ماقبل مکسور ہوتواس کی حرکت ماقبل کودے دیتے ہیں بشرطیکہ ضمہ کے بعدواؤہوپھراگراجتماع ساکنین ہوتو حرف علت حذف کردیتے ہیں، جیسے: رَضُوْا اصل میں رَضِوُوْا تھااگرواؤنہ ہوتو حرکت حذف کردیتے ہیں جیسے یَرْمِیْ اصل میں یَرْمِیُ تھا۔

۳۔قاعدہ یَدْعُوْ :جوحرف علت لام کلمہ میں مضموم اس کا ماقبل بھی مضموم ہوتو حرف علت کی حرکت کوگرادیتے ہیں پھراگراجتماع ساکنین ہوتو حرف علت بھی گرادیتے ہیں جیسے یَدْعُوْا اصل میں یَدْعُوْنَ اصل میں یَدْعُوُوْنَ تھا

۴۔قاعدہ تَرْمِیْنَ :جوحرف علت لام کلمہ میں مکسور ہواوراس کا ماقبل بھی مکسور ہوتو حرف علت کی حرکت کوگرادیتے ہیں، پھراگراجتماع ساکنین ہوتو حرف علت بھی گرادیتے ہیں جیسے: تَرْمِیْنَ اصل میں تَرْمِیِیْنَ تھا۔

۵۔قاعدہ تَدْعِیْنَ :جوحرف علت لام کلمہ میں مکسور ہواوراس کا ماقبل مضموم ہوتواس کی حرکت ماقبل کودے دیتے ہیں پھراگراجتماع ساکنین ہوتو حرف علت حذف کردیتے ہیں، جیسے: تَدْعِیْنَ اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔

۶۔قاعدہ یَرْضیٰ :جوواؤاصل میں تیسری جگہ ہوبسبب زیادتی کے چوتھی جگہ یااس سے زیادہ میں واقع ہواوراس کے ماقبل کی حرکت اس کے مخالف ہوتوواؤیاء سے بدل جاتی ہے، جیسے: یَرْضیٰ ،تَعَالَیْتَ اصل میں یَرْضَوُ ،تَعَالَوْتَ تھے۔

۷۔قاعدہ دَاعٍ :جوواؤاسم فاعل کے آخر میں ہووہ یاء ہوجاتی ہے، جیسے: دَاعٍ اصل میں دَاعِوٌ تھامذکورہ قاعدہ سے دَاعِیٌ ہوا قاعدہ رَضُوْ سے یاء کی حرکت حذف کر کے اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کوحذف کردیاتو دَاعٍ ہوا۔

۸۔**قاعدہ مَرْمِیٌّ**: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیتے ہیں بشرطیکہ واؤ یا یا کسی دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، پھر ماقبل ضمہ ہو تو (یاء کی مناسبت سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں جیسے: مَرْمِیٌّ اصل میں مَرْمُوْیٌ تھا عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے مِرْمِیٌّ پڑھنا بھی جائز ہے

۹۔**قاعدہ سَیِّدٌ**: جب واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں وجوباً ادغام کر دیتے ہیں بشرطیکہ واؤ یا یا دوسرے حرف سے بدلی ہوئی نہ ہو، جیسے: سَیِّدٌ اصل میں سَیْوِدٌ تھا۔

فائدہ مَرْضِیٌّ اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا ماضی اور مضارع کی موافقت سے آخری واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَرْضُوْیٌ ہو گیا پھر قاعدہ مَرْمِیٌّ سے مَرْضِیٌّ ہو گیا۔

۱۰۔**قاعدہ تَقْوٰی**: جو یاء فَعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو وہ واؤ ہو جاتی ہے جیسے: فَتْوٰی، تَقْوٰی، اصل میں فَتْیَا، تَقْیَا تھے۔ البتہ فَعْلٰی وصفی میں یاء قائم رہتی ہے جیسے: صَدْیٰ (بہت پیاسی عورت)۔

۱۱۔**قاعدہ دُنْیَا**: جو واؤ فُعْلٰی اسمی کے لام کلمہ میں ہو یاء ہو جاتی ہے، جیسے: دُنْیَا، عُلْیَا اصل میں دُنْوٰی، عُلْوٰی تھے، البتہ فُعْلٰی وصفی میں واؤ قائم رہتی ہے، جیسے: غُزْوٰی (بہت جنگ کرنے والی عورت)،

۱۲۔**قاعدہ دُعَاءٌ**: جو واؤ یا یاء اسم کے آخر میں الف زائدہ کے بعد واقع ہو اسے ہمزہ سے بدلنا واجب ہے بشرطیکہ اس کے آخر میں تائے تانیث لازمہ نہ ہو، جیسے: دُعَاءٌ، بِنَاءٌ اصل میں دُعَاوٌ، بِنَایٌ تھے، یہ دونوں مصدر ہیں، اَسْمَاءٌ اصل میں اَسْمَاوٌ تھا اور اَحْیَاءٌ اصل میں اَحْیَایٌ تھا۔

۱۳۔**قاعدہ اَدْلٍ**: جو واؤ یا یاء اسم (متمکن) کے آخر میں ضمہ اصلی کے بعد واقع ہو تو ضمہ کو کسرہ سے اور (اس کی موافقت کی وجہ سے) واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں، جیسے: اَدْلٍ اصل میں اَدْلُوٌ تھا مذکورہ قاعدہ سے اَدْلِیٌ ہوا قاعدہ رَضُوٌ سے اَدْلٍ ہو گیا۔

مضاعف کے قواعد

قاعدہ مَدَّ :جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان کا ماقبل متحرک یا مدہ ہو تو پہلے کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے:مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا اور مَادٌّ اصل میں مَا دِدٌ تھا۔

قاعدہ یَمُدُّ :جب دو متحرک ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں اور ان کا ماقبل حرف ساکن ہو تو پہلے حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیتے ہیں اور پہلے کا دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے:یَمُدُّ اصل میں یَمْدُدُ تھا۔

قاعدہ مَدَدْنَ:جب دو ہم جنس حرف ایک کلمہ میں جمع ہوں تو ان میں سے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو، اگر سکون لازمی ہو تو ادغام نہیں کریں گے، جیسے مَــدَدْنَ ،اگر سکون عارضی یعنی جزمی یا وقفی ہو تو ادغام اور فک ادغام دونوں جائز ہیں ،ادغام کی صورت میں دوسرے حرف کو فتحہ (اس لیے کہ وہ اَخَفُّ الـحـرکـات ہے) کسرہ (السّـاکـنُ اذا حُرِّکَ اُحُرِّکَ بالکسرۃ کے تحت) اور ضمہ دینا بھی جائز ہے بشرطیکہ ماقبل ضمہ ہو (تا کہ ماقبل سے موافقت قائم رہے) جیسے:لَمْ یَمُدَّ ،لَمْ یَمُدِّ ،لَمْ یَمُدُّ، لَمْ یَمْدُدْ۔

قاعدہ مَدَّ:جب دو ہم جنس یا قریب المخرج حرفوں میں سے پہلا حرف ساکن ہو (مدہ نہ ہو) تو پہلے کو دوسرے میں وجوباً ادغام کر دیتے ہیں، کلمہ خواہ ایک ہو، جیسے:مَدّ اصل میں مَدْدَ تھا، عَبَدْ تُّمْ اصل میں۔عَبَدْتُمْ تھا یا دو الگ الگ کلمے ہوں جیسے:عَصَوْاوَّ کَا نُوْا اصل میں عَصَوْا وَ کَا نُوْا تھا۔

قاعدہ تائے افتعال :جب باب افتعال کا فاء کلمہ ''و'' یا ''ی'' اصلی ہو تو اسے ''تا'' سے بدل کر افتعال کی ''تا'' میں مدغم کر دیا جاتا ہے، جیسے:اِتَّعَدَ جو اِوْتَعَدَ تھا، اِتَّصَلَ جو اِوْتَصَلَ تھا، اِتَّسَرَ جو اِیْتَسَرَ تھا، اگر وہ ''و، ی'' ہمزہ سے بدلی ہو تو اس کا تاء سے بدلنا درست نہ ہوگا، جیسے:اِیْتَزَرَ جو دراصل اِئْتَزَرَ تھا، اس یاء کو تاء سے بدلنا درست نہیں کیونکہ یاء ہمزہ کے بدلے ہے۔البتہ اِتَّکَلَ جو دراصل اِئْتَکَلَ تھا، یہ اس قانون سے مستثنیٰ ہے۔

تائے افتعال کو طاء بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ میں ض، ص، ط، یا ظ ہو تو تائے افتعال کا طاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اِصْطَلَحَ، اِضْطَرَبَ، اِطَّلَعَ، اِظْطَلَمَ، اصل میں اِصْتَلَحَ، اِضْتَرَبَ، اِطْتَلَعَ، اِظْتَلَمَ تھے۔

قاعدہ: تائے افتعال کو ثاء بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ ثاء ہو تو تائے افتعال کو ثاء سے بدل دیا جاتا ہے اور ثاء کو ثاء میں ادغام کرنا جائز ہے، جیسے: اِثَّارَ اصل میں اِثْتَارَ تھا۔

قاعدہ تائے افتعال کو دال بنانا: جب باب افتعال کا فاء کلمہ دال، ذال یا زاء ہو تو تائے افتعال کو دال سے بدلنا واجب ہے پھر تاء سے پہلے اگر دال ہو تو ادغام وجوبی ہوتا ہے، جیسے: اِدَّعٰی اصل میں اِدْتَعٰی تھا تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا۔

اگر تاء سے پہلے ذال ہو تو اس کو تین طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِذْتَكَرَ کو اِذْدَكَرَ، اِدَّكَرَ اور اِذَّكَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

اگر تاء سے پہلے زاء ہو تو اس کو دو طرح پڑھنا جائز ہے، جیسے: اِزْتَجَرَ کو اِزْدَجَرَ اور اِزَّجَرَ پڑھا جا سکتا ہے۔

قاعدہ تائے تفعل وتفاعل: جب تائے تَفَعُّلْ یا تَفَاعُلْ کے بعد ت، ث، د، ذ، ر، ز، س، ش، ص، ض، ط یا ظ ہو تو تائے تفعل اور تفاعل کو فاء کلمہ سے بدلنا جائز ہے اور پھر اس میں ادغام کرنا واجب ہے۔

اس صورت میں ماضی، امر اور مصدر سے پہلے ہمزہ وصل لگایا جاتا ہے، جیسے: اِطَّهَّرَ اور اِثَّاقَلَ، اِطَّهَّرَ اصل میں تَطَهَّرَ تھا، تائے تفعل کو طاء سے بدل کر طاء کا طاء میں ادغام کر دیا، اِثَّاقَلَ اصل میں تَثَاقَلَ تھا تائے تفاعل کو ثاء سے بدل کر ثاء میں ادغام کر دیا، ابتداء بالسکون محال تھی اس لیے شروع میں ہمزہ وصلی لے آئے۔

مہموز کے قواعد

۱۔قاعدہ رَاسٌ: جب ہمزہ مفرد ساکن اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: رَاسٌ ، بُوسٌ ، ذِیبٌ ۔ رَاسٌ اصل میں رَأْسٌ تھا ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، بُوسٌ اصل میں بُؤْسٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، ذِیبٌ اصل میں ذِئْبٌ تھا، ہمزہ مفرد ساکن کو ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

۲۔قاعدہ سُوَالٌ: جب ہمزہ مفرد مفتوح اور اس کا ماقبل متحرک ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے، جیسے: سُوَالٌ ، سَالَ ، مِیَرٌ ۔ سُوَالٌ اصل میں سُؤَالٌ تھا ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، سَالَ اصل میں سَأَلَ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کو ماقبل کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، مِیَرٌ اصل میں مِئَرٌ تھا، ہمزہ مفرد مفتوح کا ماقبل کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

۳۔قاعدہ مَقْرُوٌّ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے واؤ مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے اس کے بعد ادغام ضروری ہے، جیسے: مَقْرُوٌّ اصل میں مَقْرُوْءٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس واؤ سے بدل دیا، پھر واؤ کا واؤ میں ادغام کر دیا۔

۴۔قاعدہ خَطِیَّةٌ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس سے پہلے یاء مدہ زائدہ ہو تو ہمزہ کو ماقبل کی جنس سے بدلنا جائز ہے ۔اس کے بعد ادغام ضروری ہے۔ جیسے خَطِیَّۃٌ اصل میں خَطِیْئَۃٌ تھا، ہمزہ مفرد متحرک کو ماقبل کی جنس یاء سے بدلا، پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا۔

۵۔قاعدہ یَسَلُ: جب ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کرنا جائز ہے (بشرطیکہ ہمزہ کا ماقبل مدہ زائدہ، یائے تصغیر یا نون انفعال نہ ہو) جیسے یَسَلُ ، شَیٌ ، ضَوٌ ، قَدَ افْلَحَ ، یہ اصل میں یَسْئَلُ ، شَیْءٌ ، ضَوْءٌ ، قَدْ اَفْلَحَ تھے ان سب میں ہمزہ مفرد متحرک اور اس کا ماقبل ساکن ہے، تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر اسے حذف کر دیا ہے

قاعدہ رُؤْيَةٌ مصدر سے بننے والے تمام افعال میں یہ قاعدہ وجوبی اور اسمائے مشتقات میں جوازی ہوتا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ افعال کثیر الاستعمال ہیں اس لیے ان میں تخفیف کی زیادہ ضرورت ہے، جب کہ اسمائے مشتقات کثیر الاستعمال نہیں ہیں

۶۔قاعدہ اٰمَنَ: جب دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا واجب ہے، جیسے: اٰمَنَ، اُوْمِنَ، اِیْمَانًا ۔ اٰمَنَ ۔ اصل میں أأْمَنَ، تھا دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت فتحہ کے مطابق الف سے بدل دیا، اُوْمِنَ اصل میں أُءْمِنَ تھا دو ہمزہ ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت ضمہ کے مطابق واؤ سے بدل دیا، اِیْمَانًا اصل میں اِئْمَانًا تھا دو ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلا متحرک اور دوسرا ساکن ہے تو دوسرے ہمزہ کو پہلے ہمزہ کی حرکت کسرہ کے مطابق یاء سے بدل دیا۔

فائدہ: کُلْ، خُذْ، مُرْ اصل میں اُءْ کُلْ، اُءْ خُذْ، اُءْمُرْ تھے ان میں دوسرے ہمزے کو خلاف قیاس حذف کر دیا پہلے کی ضرورت نہ رہی اس کو بھی حذف کر دیا، کُلْ اور خُذْ میں تو حذف واجب ہے مگر مُرْ کی دو حالتیں ہیں: ابتدائے کلام میں دونوں ہمزوں کا حذف کرنا فصیح ہے، جیسے: مُرُوْا اَصِبْیَا نَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ اور وسط کلام میں دوسرے ہمزے کو باقی رکھنا فصیح ہے، جیسے: وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوۃِ۔

اسی طرح سَلْ ابتدائے کلام میں بغیر ہمزے کے، جیسے: سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اور وسط کلام میں ہمزے کے ساتھ آتا ہے، جیسے: فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ۔

۷۔قاعدہ جَآءٍ: جب دو متحرک ہمزے ایک کلمہ میں جمع ہوں ان میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے کو یاء سے بدلنا واجب ہے جیسے جَاءٍ اصل میں جَایِءٌ تھا، یاء الف زائدہ کے بعد واقع ہو کر ہمزہ ہو گئی تو جَاءِءٌ ہوا، اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو جَاءِیٌ ہوا، اب یاء پر ضمہ دشوار ہے اس کو گرا دیا پھر یاء اور نون تنوین میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے یاء کو گرا دیا اور تنوین ماقبل کو دے دی تو جَاءٍ ہوا۔

فائدہ: أَیِمَّۃٌ اصل میں اَئِمَمَۃٌ تھا ایک جنس کے دو حرف جمع ہوئے پہلی میم کی حرکت ماقبل کو دے کر میم کا میم میں ادغام کر دیا تو اَئِـمَّۃٌ ہوا اب مذکورہ قاعدہ سے دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدل دیا تو اَیِـمَّۃٌ ہوا۔ اس میں یہ قاعدہ جوازی ہے وجوبی نہیں جس کی دو وجہیں ہیں:

ا۔ قرآن مجید میں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے تو وہاں ہمزہ مذکورہ ہے۔ ۲۔ ہمزہ ثانی کی حرکت عارضی ہے۔

۸۔ قاعدہ اَوَادِمُ: جب دو ہمزے متحرک ایک کلمہ میں جمع ہو جائیں، دونوں میں سے کوئی بھی مکسور نہ ہو تو دوسرے ہمزے کو واؤ سے بدلنا واجب ہے جیسے اَوَادِمُ اصل میں اَءَادِمُ تھا۔

فائدہ: أُکْرِمُ اصل میں أُءَکْرِمُ تھا، مذکورہ قاعدہ کی بناء پر دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا چاہیے تھا لیکن اس میں یہ قاعدہ جاری نہیں ہوا، اس کی دو وجہیں ہیں: ا۔ دوسرے ہمزے کو کثرت استعمال کی وجہ سے خلاف قیاس حذف کر دیا گیا ہے ۲۔ دوسرا ہمزہ زائدہ ہے جب کہ واؤ سے تبدیل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اصلی ہو۔

۹۔ قاعدہ اَحَدٌ: فاء کلمہ میں آنے والی واؤ مفتوح شاذ طور پر ہمزہ سے بدل جاتی ہے۔

۱۰۔ قاعدہ خَطَایَا: جب ہمزہ مفرد مکسور الف مفاعل کے بعد یاء سے پہلے واقع ہو (بشرطیکہ مفرد میں یاء سے پہلے نہ ہو) تو وہ یاء مفتوحہ سے بدل جاتا ہے، جیسے خَطَایَا اصل میں خَطَایِءُ تھا یاء الف مفاعل کے بعد واقع ہو کر ہمزہ سے بدل گئی تو یہ خَطَاءِءُ ہوا، پھر قاعدہ جَاءٍ سے خَطَاءِیُ ہوا، اب مذکورہ بالا قاعدہ سے خَطَاءَیُ ہوا پھر قاعدہ قَالَ سے خَطَایَا ہوا۔

متفرق قواعد

۱۔قاعدہ اِتَّخَذْتُمُوْہ: جب کُمْ ،ھُمْ اور تُمْ کے بعد کوئی ضمیر لاحق ہو جائے تو میم کے بعد واؤ زیادہ ہو جاتا ہے،اور میم مضموم ہو جاتا ہے، جیسے: اِتَّخَذْتُمُوْہ کہ اصل میں یہ اِتَّخَذْتُمْہُ تھا۔

۲۔قاعدہ لام امر: جب لام امر مکسور کے شروع میں واؤ یا فاء آجائے تو وہ ساکن ہو جاتا ہے۔

۳۔قاعدہ اَصْطَفَى: جب ہمزہ وصلی سے پہلے ہمزہ استفہام آجائے تو ہمزہ وصلی کتابت سے بھی گر جاتا ہے، جیسے: اَصْطَفَى۔

۴۔قاعدہ آلْآنَ: جب ہمزہ وصلی مفتوح پر ہمزہ استفہام داخل ہو تو دوسرے ہمزے کو الف سے تبدیل کر کے التقائے ساکنین کو باقی رکھنا واجب ہے، جیسے: آلْآنَ اصل میں أَ اَلْآنَ تھا قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ (یونس:59) یہ اصل میں أَ اَللّٰهُ تھا۔

۵۔قاعدہ تائے تفعّل: جب باب تَفَعُّلْ ،تَفَاعُلْ اور تَفَعْلُلْ کے مضارع معروف میں دو تاء جمع ہو جائیں تو ایک تا کو تخفیفا حذف کرنا جائز ہے، جیسے: تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ یہ اصل میں تَتَنَزَّلُ تھا۔

۶۔قاعدہ صَحَائِفُ: جو حرف علت مدہ زائدہ الف مَفَاعِل کے بعد واقع ہو وہ ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے: صَحَائِفُ ،عَجَائِزُ ،قَلَائِدُ اصل میں صَحَايِفُ ،عَجَاوِزُ ، قَلَاوِدُ تھے۔اگر حرف علت اصلی ہو تو باقی رہتا ہے ،جیسے مَشَايِخُ ،مَعَايِشُ ،مَفَاوِزُ ،البتہ مَصَائِبُ مُسْتَثْنٰی ہے۔

۷۔قاعدہ يَهِدِّي: جب باب افتعال کا عین کلمہ ت،ث،ج،د،ذ،ز،س،ش،ص،ض،ط یا ظ ہو تو تائے افتعال کو جوازاً عین کلمہ سے بدل کر اسمیں ادغام کر دیتے ہیں اور ہمزہ وصلی گر جاتا ہے، جیسے: خَصَّمَ اصل میں اِخْتَصَمَ تھا، جب تاء افتعال کو عین کلمہ صاد سے بدل دیا تو یہ اِخْصَصَمَ ہو گیا پھر پہلے صاد کی حرکت اس کے ماقبل خاء ساکن کو دے کر صاد کا صاد میں ادغام کر دیا تو خَصَّمَ بن گیا۔اور هَدِّي اصل میں اِهْتَدٰی تھا جیسا قرآن مجید میں ہے يَخِصِّمُوْنَ ،يَهِدِّي ،ان دونوں میں عین کلمے کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمے کو کسرہ دے دیا۔

۸۔**قاعدہ نون تاکید**: یہ فعل مضارع، فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں آتا ہے اس کے آنے سے فعل مضارع مبنی بن جاتا ہے اور اس کے شروع میں لام مفتوح کا آنا ضروری ہے کبھی اس کی جگہ اِ بھی آجاتا ہے جن پانچ صیغوں پر رفع ہوتا ہے ان پر فتحہ آجاتا ہے، جیسے: لَيَفْعَلَنَّ ،لَتَفْعَلَنَّ ،لَتَفْعَلَنَّ ،لَا فْعَلَنَّ ،لَنَفْعَلَنَّ۔سات صیغوں سے دونون اعرابی گرادیتا ہے، جیسے: لَيَفْعَلَا نِّ ،لَتَفْعَلَا نِّ ،لَتَفْعَلَا نِّ لَتَفْعَلَا نِّ لَيَفْعَلُنَّ ،لَتَفْعَلُنَّ ،لَتَفْعَلِنَّ۔دونوں صیغوں جمع مذکر غائب ومخاطب سے ''واوَ'' بھی گرادیتا ہے اور ضمہ باقی رہتا ہے ایک صیغہ واحد مؤنث حاضر سے ''یْ'' بھی گرادیتا اور کسرہ باقی رہتا ہے دوصیغوں جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر میں الف فاصل لایا جاتا ہے، جیسے: لَيَفْعَلْنَا نِّ ، لَتَفْعَلْنَا نِّ

فائدہ: نون ثقیلہ چھ صیغوں (چار تثنیہ، دوجمع مؤنث) میں جہاں اس سے پہلے الف ہوتا ہے مکسور اور باقی آٹھ صیغوں میں مفتوح ہوتا ہے۔نون تاکید خفیفہ بھی نون تاکید ثقیلہ کی طرح استعمال ہوتا ہے لیکن یہ ان صیغوں میں نہیں آتا جہاں نون ثقیلہ سے پہلے الف ہو۔

۹۔**قاعدہ دُلِیٌّ**: جب ناقص واوی کی جمع فُعُولٌ کے وزن پر ہو تو دونوں واوَ کو ی ء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیتے ہیں ماقبل ضمہ کو (یاء کی مناسبت کی وجہ سے) کسرہ سے بدل دیتے ہیں، جیسے: دُلِیٌّ اصل میں دُلُوْوٌ تھا عین کلمہ کی موافقت کی وجہ سے فاء کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے، جیسے دِلِیٌّ۔

۱۰۔**قاعدہ اِسْتِقَامَةٌ**: جو واوَ یا یاء باب افعال یا استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہو اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعے الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دیتے ہیں، جیسے: اِقَامَةٌ ،اِسْتِقَامَةٌ اِقَامَۃ اصل میں اِقْوَامٌ تھا واوَ باب افعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دی۔اِسْتِقَامَۃ اصل میں اِسْتِقْوَامٌ تھا واوَ باب استفعال کے عین کلمہ میں واقع ہوئی اس کو قاعدہ یُقَالُ کے ذریعہ الف سے بدل کر اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء زیادہ کر دی۔

۱۱۔قاعدہ ضُوْرِبَ: جب الف ضمہ کے بعد واقع ہو اسے واؤ سے بدلنا واجب ہے، جیسے: ضُوْرِبَ ماضی مجہول باب مفاعلہ، اس کی ماضی معلوم ضَارَبَ ہے ماضی مجہول بناتے وقت پہلے حرف کو ضمہ دیا تو الف ضمہ کے بعد واقع ہوا اسے واؤ سے بدل دیا۔

۱۲۔قاعدہ مَضَارِيْبُ: جب الف کسرہ کے بعد واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے مِضْرَابٌ سے مَضَارِيْبُ مَفَاعِيْلُ کا وزن بناتے وقت الف کا ماقبل مکسور ہو گیا تو اسے یاء سے بدل دیا۔ مَضَارِيْبُ ہو گیا۔

۱۳۔قاعدہ اِسْتَطَاعَ: اِسْتَطَاعَ کے باب میں خلاف قیاس تاء استفعال کو جوازاً حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے: فَمَا اسْطَاعُوْا، یہ اصل میں اِسْتَطَاعُوْا تھا۔

۱۴۔قاعدہ بُنَيَّ: جب اسم تصغیر میں تین یاء اکٹھی جمع ہوں تو تیسری یاء کو حذف کرنا واجب ہے بشرطیکہ تیسری یاء لام کلمہ میں ہو، جیسے: بُنَيَّ اصل میں بُنَيٌّ +یْ تھا یہ اصل میں بُنَيْوٌ تھا قاعدہ سیّدٌ سے بُنَيْيٌ ہوا پھر قاعدہ مَدٌّ سے بُنَيٌّ ہوا پھر اس کے ساتھ یاء متکلم لاحق ہوئی تو تین یاء اکٹھی ہوئیں تو آخری یاء کو تخفیفاً حذف کر دیا۔

۱۵۔قاعدہ حُبْلَيَانِ: جو الف زائدہ تثنیہ یا جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے واقع ہو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے، جیسے: حُبْلٰی سے حُبْلَيَانِ، حُبْلَيَاتٌ۔

چند مشکل تعلیلات

اِبنَ ۔(مادہ۔ب،ن،و) اصل میں بَنَوٌ بروزن اِفْعٌ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل حرف صحیح ساکن واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، واؤ اصل میں متحرک اس کا ماقبل اب مفتوح ہوا اسے الف سے بدل دیا پھر دو ساکن الف اور ن تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا تو یہ بَنٌ ہوگیا۔ پھر واؤ محذوفہ کے عوض شروع میں ہمزہ مکسور لے آئے اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی پھر خلاف قیاس کلمہ کے آخر سے واؤ گرا کر شروع میں اس کے عوض ہمزہ مکسور لے آئے اور باء کو ساکن کر دیا تو یہ اِبنَ ہوگیا۔

تعلیل کی ترتیب۔بَنَوٌ۔بَنَا۔بَنٌ۔اِبنٌ۔اِبنَ۔

اِبْنَتَیَّ :(مادہ۔ب ن و) اصل میں بَنُوتَیْنِ بروزن اِفْعَتَیْنِ تھا۔ اِبنَ کی تعلیل کی طرح خلاف قیاس کلمہ کے آخر سے واؤ گرا کر شروع میں اس کے عوض ہمزہ مکسور لے آئے۔ ن تثنیہ اضافت کی وجہ سے گر گیا اس کے آخر میں یائے متکلم ہے دو ہم جنس حرف یاء جمع ہوئے ان میں پہلی ساکن اور دوسری متحرک ہے تو پہلی یاء کو دوسری میں مدغم کر دیا۔ اِبْنَتَیَّ ہوگیا۔

اِتَّخَذَ :(مادہ۔و،خ،ذ) اصل میں اِوْتَخَذَ بروزن اِفْتَعَلَ تھا۔ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا۔ اِتَّخَذَ ہوگیا۔ (قاعدہ۔اِتَّقَدَ)

اِتَّسَقَ :وہ پورا ہوتا ہے۔(مادہ۔و،س،ق) اصل میں اِوْتَسَقَ تھا واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا۔ (بر قاعدہ مذکور)

اِتَّقِ:(مادہ۔و،ق،ی) اصل میں اِوْتَقِیُ تھا۔ واؤ اصلی باب افتعال کے فاء کلمہ میں واقع ہوئی اس کو تاء سے بدل کر تاء میں ادغام کر دیا۔ اِتَّقِیُ ہوگیا۔ امر بناتے وقت اس کے آخر سے حرف علت یاء گر گئی اِتَّقِ بروزن اِفْتَعِ رہ گیا۔

اَتْقٰی :(مادہ۔و،ق،ی) اصل میں اَوْقَیَ تھا۔ واؤ کو خلاف قیاس تاء سے بدل دیا یہ اَتْقَیَ ہوگیا یاء متحرک ماقبل مفتوح ی کو الف سے بدل دیا یہ اَتْقٰی ہوگیا (بروزن اَفْعَلُ)

اِثَّاقَلْتُمْ :(مادہ۔ث،ق،ل۔باب تفاعل۔ماضی معلوم جمع مذکر حاضر) اصل میں تَثَاقَلْتُمْ تھا تائے تفاعل کے بعد ثاء

واقع ہوئی تاء کو ثاء سے بدل کر ثاء کا ثاء میں ادغام کر دیا حرف ساکن سے ابتداء محال تھی اسلئے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے تو یہ اِثَّا قَلْتُمْ ہو گیا۔

اَخٌ :(مادہ۔ا،خ،و)اصل میں اَخَوٌ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا پھر دو ساکن الف اور تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا اَخٌ رہ گیا۔

اِدَّارَأْتُمْ:(مادہ۔د،ر،ء۔باب تفاعل۔ماضی معلوم۔جمع مذکر حاضر)اصل میں تَدَارَأْتُمْ تھا۔تائے تفاعل کے بعد دال واقع ہوئی تاء کو دال سے بدل کر دال کو دال میں ادغام کر دیا۔ساکن سے ابتداء محال تھی شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے تو اِدَّارَأْتُمْ ہو گیا(بروزن اِفَّاعَلْتُمْ)

اِدَّارَکَ(مادہ۔د،ر،ک۔باب تفاعل)اصل میں تَدَارَکَ۔تَدَارَکُوْا تھا اس کے آگے اِدَّارَأْتُمْ کے مطابق تعلیل کر لیں۔

اِدَّکَرَ :(ذ،ک،ر۔باب افتعال۔ماضی معلوم۔واحد مذکر غائب)اصل میں اِذْتَکَرَ تھا۔باب افتعال کے فاء کلمہ میں ذال آ گئی تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا پھر دال کو دال میں مدغم کر دیا تو اِدَّکَرَ بروزن اِفَّعَلَ ہو گیا۔

اَرْجِهْ:اسے انتظار میں رکھ(مادہ۔رج و۔باب افعال۔امر حاضر معلوم واحد مذکر حاضر اصل میں اَرْجِوْ تھا فعل امر کی وجہ سے آخر سے واؤ گر گئی اَرْجِ رہ گیا اس کے آخر میں ضمیر منصوب متصل لگنے سے اَرْجِهِ ہو گیا وقف کی بنا پر "ہ" ساکن ہو گئی اَرْجِهْ بروزن اَفْعِهْ رہ گیا۔ اَرْجٰی یُرْجِیْ اِرْجَاءً =

اِسْمٌ :(مادہ۔س،م،و)اصل میں سِمْوٌ تھا واؤ کو حذف کر کے اس کے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لے آئے تو اِسْمٌ ہو گیا(بروزن اِفْعٌ)

اَصَّدَّقَ:(مادہ۔ص،د،ق۔باب تَفَعُّلٌ۔مضارع معلوم واحد متکلم)اصل میں اَتَصَدَّقَ تھا۔تائے تفعل کے بعد صاد واقع ہوئی تو تاء کو صاد سے بدل کر صاد کو صاد میں مدغم کر دیا۔(بروزن اَتَفَعَّلَ)۔

اِصْطَادُوْا :(مادہ۔ص،ی،د۔باب افتعال۔فعل امر حاضر معلوم جمع مذکر حاضر)اصل میں اِصْتَيَدُوْا تھا۔باب افتعال

کے فاء کلمہ میں صاد واقع ہوئی تو وجوبی طور پر تائے افتعال کو طاء سے بدل دیا یاء متحرک ماقبل مفتوح یاء کو الف سے بدل دیا۔ تو اِصْطَادُوْا ہو گیا۔ (بروزن اِفْتَعَلُوْا)

اَمَةٌ: (مادہ۔ا،م،و) اصل میں اَمَوٌ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل مفتوح واؤ کو الف سے بدل دیا پھر دو ساکن الف اور نون تنوین جمع ہونے سے الف کو گرا دیا اور اس کے عوض آخر میں تاء لے آئے تو اَمَةٌ ہو گیا۔ (بروزن فَعَةٌ)

اَیْدِیْ: (مادہ۔ی،د،و،) یہ اصل میں اَیْدُوٌ تھا۔ دال پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے کسرہ سے بدل دیا تو یہ اَیْدِوٌ ہو گیا پھر اضافت کی وجہ سے تنوین گر گئی اب لام کلمہ میں حرف علت مضموم اس کا ماقبل مکسور اس کے بعد واؤ نہیں ہے اس کی حرکت کو گرا دیا تو یہ اَیْدِوْ ہو گیا، واؤ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد واقع ہو کر یاء سے بدل گئی تو یہ اَیْدِیْ ہو گیا۔ (بروزن اَفْعِلْ)۔

بَنَاتِ:۔ (مادہ۔ب،ن،و) یہ اصل میں بِنَوَاتٌ تھا۔ اس کا واحد بِنْتٌ ہے جمع بناتے وقت اس کے آخر سے تاء کو حذف کر دیا اور باء کو فتحہ دے دیا۔ اس کے آخر سے واؤ یا یاء کو حذف کر کے اس کے عوض تاء لے آئے تو بَنَاتِ ہو گیا (بروزن فَعَاتِ)

بُکِیًّا: (مادہ۔ب،ک،ی،) یہ اصل میں بُکُوْیًا تھا واؤ اور یاء ایک کلمہ میں جمع ہوئیں ان میں پہلی ساکن ہے تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء میں ادغام کر دیا۔ یاء کی مناسبت سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو یہ بُکِیًّا ہو گیا (بروزن۔ فُعُوْلًا)

تَتْرَا: (مادہ ۔و۔ت۔ر) یہ اصل میں وَتْرٰی بروزن فَعْلٰی تھا۔ فاء کلمہ میں آنے والی واؤ شاذ طور پر تاء سے بدل گئی یاء کی جگہ الف زائد الحاق کیلئے لکھ دیا گیا تو یہ تَتْرَا ہو گیا

تَدَّخِرُوْنَ: (مادہ۔ذ،خ،ر۔فعل مضارع معلوم۔جمع مذکر حاضر۔باب افتعال) باب افتعال کے فاء کلمہ میں ذال واقع ہوا تو تائے افتعال کو دال سے بدل دیا پھر دال ذال کے قریب المخرج ہونے کی وجہ سے ذال کو دال سے بدل کر ادغام کر دیا تو یہ تَدَّخِرُوْنَ ہو گیا۔ (بروزن تَفْتَعِلُوْنَ)

بَيْضَآءُ	سفید۔ (مؤنث)	(ب ی ض) اجوف یائی	بروزن فَعْلَاءُ	(مؤنث) مذکر اَبْيَضُ
بَيْعٌ	بیچنا، خرید و فروخت (سودا دے کر قیمت لینے کا نام بیع ہے اور قیمت دے کر سودا لینے کا نام شراء ہے، ایک دوسرے کی جگہ پر بھی استعمال ہو جاتے ہیں)	(ب ی ع) اجوف یائی	بَاعَ يَبِيعُ (ض) بَيْعٌ (فَعْلٌ)	اسم مصدر
بِيَعٌ	عیسائیوں کے عبادت خانے، گرجے، چرچ۔	(ب ی ع) اجوف یائی	بروزن فِعَلٌ	(جمع) واحد بِيْعَةٌ
بَيْنَ	درمیان، جدائی، ملاپ (دو چیزوں کا درمیان بتلانا)	(ب ی ن) اجوف یائی	بروزن فَعْلَ	حرف
بَيِّنٌ	ظاہر، کھلی ہوئی	(ب ی ن) اجوف یائی	بروزن فَيْعِلٌ	صفت مشبہ
بَيَّنَّا	ہم نے بیان کیا واضح کیا	(ب ی ن) اجوف یائی	بَيَّنَ يُبَيِّنُ تَبْيِيْنٌ (تَفْعِيْلٌ)	ماضی جمع متکلم
بَيَّنُوْا	انہوں نے بیان کیا ظاہر کر دیا	(ب ی ن) اجوف یائی	بَيَّنَ يُبَيِّنُ تَبْيِيْنٌ (تَفْعِيْلٌ)	ماضی جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
بَيِّنَاتٌ	روشن دلائل، توضیحات	(ب ی ن) اجوف یائی	بروزن فَيْعِلَاتٌ	(جمع) واحد بَيِّنَةٌ
بَيِّنَةٌ	دلیل، وضاحت، گواہی (ایسی دلیل جس سے مدعی فریق ثانی کی بات کو باطل قرار دے سکے)	(ب ی ن) اجوف یائی	.... بروزن فَيْعِلَةٌ	(واحد) جمع بَيِّنَاتٌ
بُيُوْتٌ	گھروں۔ (کسی شخص کا مع اہل وعیال وہ ٹھکانہ جہاں رات بھی گزارتے ہوں)	(ب ی ت) اجوف یائی	بروزن فُعُوْلٌ	(جمع) واحد بَيْتٌ
بَيْنَ يَدَيْ	دونوں ہاتھوں کے آگے، سامنے	....	....	مرکب اضافی
تَ	حرف جر، حرف قسم۔ (صرف اللہ کے نام پر بمعنی قسم آتا ہے)	....	....	حرفِ جر حرفِ قسم
تَآئِبَاتٌ	توبہ کرنے والیاں (گناہ کے کاموں سے رجوع کرنا)	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوْبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	(جمع) واحد تَآئِبَةٌ
تَآئِبُوْنَ	توبہ کرنے والے رجوع کرنے والے (گناہ کے کاموں سے رجوع کرنا)	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوْبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ) بروزن فَاعِلُوْنَ	(جمع) واحد تَآئِبٌ
تَابَ اِلَى	اس نے توبہ کی، رجوع کیا (گناہ کے کاموں سے رجوع کرنا)	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوْبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی معلوم واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ/توضیح	مادہ/ہفت اقسام	باب/مصدر/وزن	صیغہ/وغیرہ
تَابَ عَلَى	اس نے توبہ قبول کی	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی معلوم واحد مذکر غائب
تَابَا	ان دونوں نے توبہ کی، رجوع کیا۔ (گناہ کے کاموں سے رجوع کرنا)	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی تثنیہ مذکر غائب
تَابُوْا	انہوں نے توبہ کی، وہ باز آگئے۔ (گناہ کے کاموں سے رجوع کرنا)	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی جمع مذکر غائب
تَأْبٰى	وہ انکار کرتی ہے۔ (فاعل جمع مکسّر ہو تو معنی ہوگا "وہ انکار کرتے ہیں")	(ء ب ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَبٰى يَأْبٰى (ف،ض) اِبَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَابِعٌ	پیروی کرنے والا۔ (کسی کے پیچھے چلنا یا اس کے نقشِ قدم پر چلنا)	(ت ب ع) صحیح	تَبِعَ يَتْبَعُ (س) تَبْعٌ (فَعْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
تَابِعِيْنَ	پیروی کرنے والے، ساتھ رہنے والے۔ (بحالت نصب وجر)	(ت ب ع) صحیح	تَبِعَ يَتْبَعُ (س) تَبْعٌ (فَعْلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
اَلتَّابُوْتُ	صندوقِ اسباب، صندوقِ میت	تابوت	....	(واحد) جمع تَوَابِيْتُ
تَأْتِ	وہ آئے گی	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰى يَأْتِىْ (ض) اِتْيَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَأْتِ (بِ)	تو لائے، تو لائے گا	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰى يَأْتِىْ (ض) اِتْيَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَأْتُنَّنِىْ بِهٖ	تم اس کو میرے پاس ضرور لاؤ گے	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰى يَأْتِىْ (ض) اِتْيَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع بانون ثقیلہ جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَمْ تَاْتُوْا (ب)	تم نہیں لائے	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	جحد معلوم جمع مذکر حاضر
تَاْتُوْنَ	تم آتے ہو ارتکاب کرتے ہو	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَاْتُوْنَ (ب)	تم لاتے ہو	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَاْتِیْ	تو آتا ہے، وہ آتی ہے	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع واحد حاضر و واحد مؤنث غائب
تَاْتِیْ (ب)	تو لاتا ہے، وہ لاتی ہے	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع واحد حاضر و واحد مؤنث غائب
تَاْتِیَنَّكُمْ	وہ تمہارے پاس ضرور آئے گی	(ا ت ی) مہموز الفاء، ناقص یائی	اَتٰی یَاْتِیْ (ض) اِتْیَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَاْثِیْمٌ	گناہ میں ڈالنا گناہ کی باتیں	(ا ث م) مہموز الفاء	اَثَّمَ یُاَثِّمُ تَاْثِیْمٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر
تَاْجُرُ	تو مزدوری کرے گا	(ا ج ر) مہموز الفاء	اَجَرَ یَاْجُرُ (ن) اَجْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَاْخُذُ	تو پکڑتا ہے، لیتا ہے وہ پکڑتی ہے، لیتی ہے	(ا خ ذ) مہموز الفاء	اَخَذَ یَاْخُذُ (ن) اَخْذٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَاْخُذُوْنَ	تم پکڑتے ہو، لیتے ہو	(ا خ ذ) مہموز الفاء	اَخَذَ یَاْخُذُ (ن) اَخْذٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَاَخَّرَ	اس نے دیر کی، پیچھے رہا (اپنے ارادہ واختیار سے پیچھے رہنا)	(ا خ ر) مہموز الفاء	تَاَخَّرَ یَتَاَخَّرُ تَاَخُّرًا (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تَاَذَّنَ	اس نے خبر کردی اعلان کردیا	(ا ذ ن) مہموز الفاء	تَاَذَّنَ یَتَاَذَّنُ تَاَذُّنٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تَارَةً	ایک بار، ایک مرتبہ، باری باری۔ (کبھی کسی وقت ایک بار پھر وہ کام کرنا)	(ت و ر) اجوف واوی یا (ت ء ر) مہموز العین	.... بروزن فَعْلَةٌ	(واحد) جمع تَارَاتٌ وَتِيَرَةٌ
تَارِكٌ	چھوڑنے والا	(ت ر ک) صحیح	تَرَکَ یَتْرُکُ (ن) تَرْکٌ (فَعْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
تَارِكُوْا	چھوڑنے والے	(ت ر ک) صحیح	تَرَکَ یَتْرُکُ (ن) تَرْکٌ (فَعْلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
لَا تَاْسَ	تو افسوس مت کر (کوئی اچھا موقع اپنی کوتاہی سے کھو دینا، پھر اس پر افسوس کرنا)	(ا س ی) مہموز الفاء ناقص یائی	اَسِیَ یَاْسٰی (س) اَسًی (فَعْلٌ) بروزن تَفْعَ	فعل نہی واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَأْسِرُوْنَ	تم قید کرتے ہو	(ا س ر) مہموز الفاء	اَسَرَ يَاْسِرُ (ض) اَسْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَاتَأْسَوْا	تم مت غم کھاؤ (کوئی اچھا موقع اپنی کوتاہی سے کھو دینا، پھر اس پر افسوس کرنا)	(ا س ی) مہموز الفاء ناقص یائی	اَسِیَ يَاْسٰی (س) اَسًی (فَعَلٌ) بروزن تَفْعَلُوْا	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَأْفِكُ (عَنْ)	تو پھیر دے گا۔ (اصلی رخ سے پھیرنا، مثلاً حق سے باطل کی طرف، سچ کو جھوٹ کی طرف پھیر دینا)	(ا ف ک) مہموز الفاء	اَفَکَ يَاْفِکُ (ض) اِفْکٌ (فِعْلٌ) بروزن تَفْعِلُ	مضارع واحد مذکر حاضر
تَأْكُلُ	وہ کھاتی ہے یا تو کھاتا ہے	(ا ک ل) مہموز الفاء	اَکَلَ يَاْکُلُ (ن) اَکْلٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعُلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
تَأْكُلُوْنَ	تم کھاتے ہو	(ا ک ل) مہموز الفاء	اَکَلَ يَاْکُلُ (ن) اَکْلٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَأْلَمُوْنَ	تم درد مند ہوتے ہو تکلیف پاتے ہو	(ا ل م) مہموز الفاء	اَلِمَ يَاْلَمُ (س) اَلَمٌ (فَعَلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَالِيَاتٌ	تلاوت کرنے والیاں، پڑھنے والیاں۔	(ت ل و) ناقص واوی	تَلَا يَتْلُوْا (ن) تِلَاوَةٌ (فِعَالَةٌ)	اسم فاعل جمع مؤنث

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَأْمُرُ	تو حکم کرتا ہے وہ حکم کرتی ہے	(ا م ر) مہموز الفاء	اَمَرَ يَاْمُرُ (ن) اَمْرٌ (فَعْلٌ) برورزن تَفْعُلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
تَأْمُرُوْنَ	تم (سب مرد) حکم کرتے ہو	(ا م ر) مہموز الفاء	اَمَرَ يَاْمُرُ (ن) اَمْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَأْمُرِيْنَ	تو (ایک عورت) حکم کرتی ہے	(ا م ر) مہموز الفاء	اَمَرَ يَاْمُرُ (ن) اَمْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مؤنث حاضر
تَأْمَنْ	تو امانت رکھتا ہے یا تو امین ہے	(ا م ن) مہموز الفاء	اَمُنَ يَاْمُنُ (ک) اَمَانَةٌ (فَعَالَةٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَأْمَنَّا	تو ہم پر بھروسہ کرتا ہے۔ (اصل میں "تَأْمَنُ" اور "نَا" ضمیر جمع متکلم ہے)	(ا م ن) مہموز الفاء	اَمِنَ يَاْمَنُ (س) اَمْنٌ یا اَمَانَةٌ	مضارع واحد مذکر حاضر
تَأْوِيْلٌ	پھیرنا، درست معنی بیان کرنا، تعبیر، بیان، حقیقت۔ (کسی شے کو اس کی اصلی مراد کی طرف لوٹانے کا نام تاویل ہے)	(ا و ل) مہموز الفاء اجوف واوی	اَوَّلَ يُاَوِّلُ تَاْوِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
تُبْ عَلٰی	تو توبہ قبول کرلے تو معاف کردے	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوْبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	امر واحد مذکر حاضر
تَبَّ	وہ ہلاک ہوا، ٹوٹ گیا (بددعائیہ کلمہ)	(ت ب ب) مضاعف، ثلاثی	تَبَّ يَتِبُّ (ض) تَبٌّ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبَابٌ	ہلاکت، دائمی نقصان۔ (آہستہ آہستہ تباہی کی طرف چلتے جانا)	(ت ب ب) مضاعف، ثلاثی	تَبَّ یَتِبُّ (ض) تَبَابٌ (فَعَالٌ)	اسم مصدر
تَبَارٌ	ہلاکت، ہلاک کرنا، برباد ہونا۔ (سخت قسم کی ہلاکت جس سے تہس نہس کر دیا جائے)	(ت ب ر) صحیح	تَبَرَ یَتْبِرُ (ض) تَبَارٌ (فَعَالٌ)	اسم مصدر
تَبَارَكَ	وہ بہت برکت والا ہے۔ (ایسی خیر کثیر جو پوشیدہ طور پر پائی جائے اسے برکت کہتے ہیں)	(ب ر ک) صحیح	تَبَارَکَ یَتَبَارَکُ تَبَارُکٌ (تَفَاعُلٌ) بروزن تَفَاعُلٌ	ماضی واحد مذکر غائب
لَا تُبَاشِرُوْا	تم مباشرت نہ کرو	(ب ش ر) صحیح	بَاشَرَ یُبَاشِرُ مُبَاشَرَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَبَايَعْتُمْ	تم نے خرید وفروخت کی	(ب ی ع) اجوف یائی	تَبَایَعَ یَتَبَایَعُ تَبَایُعٌ (تَفَاعُلٌ)	ماضی جمع مذکر حاضر
تُبْتُ	میں نے توبہ کی رجوع کیا	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ یَتُوبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی واحد متکلم
تَبَّتْ	وہ ٹوٹ گئی، ہلاک ہوگئی (بددعائیہ کلمہ)	(ت ب ب) مضاعف، ثلاثی	تَبَّ یَتِبُّ (ض) تَبٌّ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مؤنث غائب
لَا تَبْتَئِسْ	تو غمگین مت ہو، افسوس مت کر۔ (کسی بات کو ناگوار محسوس اور اس پر غم لگ جانا)	(ب أ س) مہموز العین	اِبْتَئَسَ یَبْتَئِسُ اِبْتِئَاسٌ (اِفْتِعَالٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تُبْتُمْ	تم نے توبہ کی، رجوع کیا	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ يَتُوْبُ (ن) تَوْبَةٌ (فَعْلَةٌ)	ماضی جمع مذکر حاضر
تَبْتَغُوْنَ	تم چاہتے ہو، ڈھونڈتے ہو (کسی چیز کی تلاش میں بہت زیادہ کوشش کرنا)	(ب غ ی) ناقص یائی	اِبْتَغٰی يَبْتَغِیْ اِبْتِغَاءٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن تَفْتَعُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تَبْتَغِیْ	تو چاہتا ہے تلاش کرتا ہے	(ب غ ی) ناقص یائی	اِبْتَغٰی يَبْتَغِیْ اِبْتِغَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَبَتَّلْ	تو دنیا سے الگ ہو جا، بے تعلق ہو جا۔ (دنیاوی دھندوں سے الگ ہو کر عبادت میں مشغول ہو جا)	(ب ت ل) صحیح	تَبَتَّلَ يَتَبَتَّلُ تَبَتُّلٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلْ	امر واحد مذکر حاضر
تَبْتِيْلًا	سب سے الگ ہو کر اللہ کی عبادت کرنا، نیت میں اخلاص پیدا کرنا۔	(ب ت ل) صحیح	بَتَّلَ يُبَتِّلُ تَبْتِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
لَا تَبْخَسُوْا	تم مت کم دینے لگو، مت گھٹاؤ (ظلم سے کسی شے کو کم کر کے دینا)	(ب خ س) صحیح	بَخَسَ يَبْخَسُ (ف) بَخْسٌ (فَعْلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَبْخَلُوْا	تم بخیلی کرتے ہو (جائز مقام پر خرچ نہ کرنا بخل ہے)	(ب خ ل) صحیح	بَخِلَ يَبْخَلُ (س) بُخْلٌ (فُعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُبْدَ	وہ ظاہر کی جائے (کھلم کھلا ظاہر ہونا یا کرنا)	(ب د و) ناقص واوی	اَبْدَا يُبْدِیْ اِبْدَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تُبْدُوْا	تم ظاہر کرو (کھلم کھلا ظاہر ہونا یا کرنا)	(ب د و) ناقص واوی	اَبْدَا يُبْدِئ اِبْدَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُبْدُوْنَ	تم ظاہر کرتے ہو (کھلم کھلا ظاہر ہونا یا کرنا)	(ب د و) ناقص واوی	اَبْدَا يُبْدِئ اِبْدَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُبْدِیْ	وہ ظاہر کر دیتی (کھلم کھلا ظاہر ہونا یا کرنا)	(ب د و) ناقص واوی	اَبْدَا يُبْدِئ اِبْدَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَبَدَّلَ	تو بدل لے، بدل ڈالے۔ (اصل میں "تتبـدّلُ" تھا ایک تا گر گئی) (ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لے آنا)	(ب د ل) صحیح	تَبَدَّلَ يَتَبَدَّلُ تَبَدُّلٌ (تَفَعُّلٌ) بر وزن تَفَعَّلَ	مضارع واحد مذکر حاضر
تُبَدَّلُ	وہ بدل دی جائے گی۔ (ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لے آنا)	(ب د ل) صحیح	بَدَّلَ يُبَدِّلُ تَبْدِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع مجہول واحد مؤنث غائب
تَبْدِيْلٌ	بدلنا، بدل ڈالنا۔ (ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لے آنا)	(ب د ل) صحیح	بَدَّلَ يُبَدِّلُ تَبْدِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
لَا تُبَذِّرْ	تو اسراف نہ کر۔ (جائز و ناجائز کاموں میں مال اُڑانا، بالعموم ناجائز کاموں میں)	(ب ذ ر) صحیح	بَذَّرَ يُبَذِّرُ تَبْذِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ) بر وزن تُفَعِّلُ	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تَبْذِيْرٌ	فضول خرچی کرنا۔ (جائز و ناجائز کاموں میں مال اُڑانا، بالعموم ناجائز کاموں میں)	(ب ذ ر) صحیح	بَذَّرَ يُبَذِّرُ تَبْذِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبَرَّاَ	وہ الگ ہوا، بیزار رہوا (کسی تکلیف دہ امر سے بیزار رہونا)	(ب ر ء) مہموز اللام	تَبَرَّاَ یَتَبَرَّاُ تَبَرُّءٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تُبْرِئُ	تو اچھا کرتا ہے، تندرست کرتا ہے (کسی شدید مرض سے نجات دینا)	(ب ر ء) مہموز اللام	اَبْرَاَ یُبْرِئُ اِبْرَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَبَرَّاْنَا	ہم بیزار ہو گئے (کسی تکلیف دہ امر سے بیزار رہونا)	(ب ر ء) مہموز اللام	تَبَرَّاَ یَتَبَرَّاُ تَبَرُّءٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی جمع متکلم
تَبَرَّءُوْا	وہ بیزار ہوئے (کسی تکلیف دہ امر سے بیزار رہونا)	(ب ر ء) مہموز اللام	تَبَرَّاَ یَتَبَرَّاُ تَبَرُّءٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی جمع مذکر غائب
تَبَرُّجُ	بناؤ سنگھار کرنا، خود نمائی کرنا۔ (عورت کا غیر مردوں کو اپنی زینت اور اپنے محاسن دکھلانا)	(ب ر ج) صحیح	تَبَرَّجَ یَتَبَرَّجُ تَبَرُّجٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم مصدر
لَاتَبَرَّجْنَ	تم بن سنور کر مت نکلو۔ (عورت کا غیر مردوں کو اپنی زینت اور اپنے محاسن دکھلانا) (اصل میں تَتَبَرَّجْنَ تھا ایک تا گر گئی)	(ب ر ج) صحیح	تَبَرَّجَ یَتَبَرَّجُ تَبَرُّجٌ (تَفَعُّلٌ)	~~نفی مضارع جمع مؤنث غائب~~ فعل نہی حاضر معلوم جمع مؤنث حاضر
تَبَّرْنَا	ہم نے ہلاک کر دیا۔ (تہس نہس کر دینا، نشان تک مٹا دینا)	(ت ب ر) صحیح	تَبَّرَ یُتَبِّرُ تَتْبِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ)	ماضی جمع متکلم

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبَرُّوْا	تم نیکی کرے ہو یا کرو گے۔ (اصل میں تَبَرُّوْنَ تھا) (اعتقادی و عملی دونوں قسم کی نیکیاں کرنا)	(ب ر ر) مضاعف ثلاثی	بَرَّ يَبَرُّ (س) بِرٌّ (فِعْلٌ) بروزن تَفْعَلُوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
لَاتَبْسُطْ	تو مت پھیلا، مت کشادہ کر	(ب س ط) صحیح	بَسَطَ يَبْسُطُ (ن) بَسْطٌ (فَعْلٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تُبْسَلَ	وہ گرفتار ہو جائے، ہلاکت کے سپرد کی جائے۔ (اپنے آپ کو یا کسی جاندار کو گرفتاری اور ہلاکت کے طور پر پیش کرنا)	(ب س ل) صحیح	اَبْسَلَ يُبْسِلُ اِبْسَالٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعَلَ	مضارع مجہول واحد مؤنث غائب
تَبَسَّمَ	وہ مسکرایا۔ (بغیر آواز تھوڑا سا ہنس دینا جس سے خوشی کے آثار نظر آئیں)	(ب س م) صحیح	تَبَسَّمَ يَتَبَسَّمُ تَبَسُّمٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تُبَشِّرُ	تو خوشخبری سنائے	(ب ش ر) صحیح	بَشَّرَ يُبَشِّرُ تَبْشِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تُبَشِّرُوْنَ	تم خوشخبری سناتے ہو	(ب ش ر) صحیح	بَشَّرَ يُبَشِّرُ تَبْشِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُبْصِرُ	تو دیکھے گا (آنکھ یا دل کی بینائی سے دیکھنا)	(ب ص ر) صحیح	اَبْصَرَ يُبْصِرُ اِبْصَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَبْصِرَةً	دکھلانا، سمجھانا	(ب ص ر) صحیح	بَصَّرَ يُبَصِّرُ تَبْصِرَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	اسم مصدر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تُبْصِرُوْنَ	تم دیکھتے ہو (آنکھ یا دل کی بینائی سے دیکھنا)	(ب ص ر) صحیح	اَبْصَرَ يُبْصِرُ اِبْصَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَا تُبْطِلُوْا	تم مت ضائع کرو، مت بیکار کرو۔ (کسی عمل کے مخالف کوئی ایسا عمل جو پہلے عمل کو بے کار کردے)	(ب ط ل) صحیح	اَبْطَلَ يُبْطِلُ اِبْطَالٌ (اِفْعَالٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تُبَّعٌ	شاہانِ یمن کا لقب ہے۔ تُبّع کا نام حسان بن اسعد تھا۔ دو صدی قبل مسیح حکمران ہوا۔ یمن و مکہ سے ترکستان تک علاقے فتح کیے اور حکومت کی۔ اس نے سب سے پہلے کعبے کو غلاف پہنایا تھا۔	(ت ب ع) صحیح	بروزن فُعَّلٌ	(واحد) جمع تَبَابِعَةٌ
تَبَعٌ	پیروی کرنے والے	(ت ب ع) صحیح	مبروزن خَمَلٌ	(جمع) واحد تَابِعٌ
تَبِعَ	وہ تابع ہوا اس نے پیروی کی	(ت ب ع) صحیح	تَبِعَ يَتْبَعُ (س) تَبْعٌ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تَبِعُوْا	وہ تابع ہوئے انہوں نے پیروی کی	(ت ب ع) صحیح	تَبِعَ يَتْبَعُ (س) تَبْعٌ (فَعْلٌ)	ماضی جمع مذکر غائب
تُبْعَثُنَّ	تم ضرور اُٹھائے جاؤ گے۔ (مُردوں سے متعلق ہو تو اس کا معنی اُٹھانا ہوگا)	(ب ع ث) صحیح	بَعَثَ يَبْعَثُ (ف) بَعْثٌ (فَعْلٌ)	مضارع بانون تاکید جمع مذکر حاضر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع مجہول جمع مذکر حاضر	بَعَثَ يَبْعَثُ (ف) بَعْثٌ (فَعْلٌ)	(ب ع ث) صحیح	تم اُٹھائے جاؤں گے۔ (مُردوں سے متعلق ہوتو اس کا معنی اُٹھانا ہوگا)	تُبْعَثُوْنَ
فعل نہی واحد مذکر حاضر	بَغٰی يَبْغِيْ (ض) بُغْيٌ (فُعْلٌ) بروزن تَفْتَحْ	(ب غ ی) ناقص یائی	تو مت خواہش کر۔ (کسی خواہش کی تکمیل کے لیے حد سے زیادہ بڑھ جانا)	لَاتَبْغِ
فعل نہی جمع مذکر حاضر	بَغٰی يَبْغِيْ (ض) بُغْيٌ (فُعْلٌ) بروزن تَفْعُوْا	(ب غ ی) ناقص یائی	تم مت چاہو، مت تلاش کرو۔ (کسی خواہش کی تکمیل کے لیے حد سے زیادہ بڑھ جانا)	لَاتَبْغُوْا
مضارع جمع مذکر حاضر	بَغٰی يَبْغِيْ (ض) بُغْيٌ (فُعْلٌ)	(ب غ ی) ناقص یائی	تم چاہتے ہو۔ (کسی خواہش کی تکمیل کے لیے حد سے زیادہ بڑھ جانا)	تَبْغُوْنَ
مضارع واحد مؤنث غائب	بَغٰی يَبْغِيْ (ض) بُغْيٌ (فُعْلٌ)	(ب غ ی) ناقص یائی	وہ سرکشی کرتی ہے	تَبْغِيْ
مضارع واحد مؤنث غائب	اَبْقٰی يُبْقِيْ اِبْقَاءٌ (اِفْعَالٌ)	(ب ق ی) ناقص یائی	وہ باقی چھوڑتی ہے	تُبْقِيْ
مضارع جمع مذکر حاضر	بَكٰی يَبْكِيْ (ض) بُكَاءٌ (فُعَالٌ)	(ب ک ی) ناقص یائی	تم روتے ہو	تَبْكُوْنَ
مضارع مجہول واحد مؤنث غائب	بَلَا يَبْلُوْا (ن) بَلَاءٌ (فَعَالٌ)	(ب ل و) ناقص واوی	وہ آزمائی جائے گی۔ (ایسی آزمائش جس میں شدت پائی جائے)	تُبْلٰی

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبْلُغ	تو پہنچتا ہے یا پہنچے گا (انتہائی مقصد تک پہنچنا)	(ب ل غ) صحیح	بَلَغَ يَبْلُغُ (ن) بُلُوْغٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَبْلُغُوْا	تم پہنچو، پہنچتے رہو (انتہائی مقصد تک پہنچنا)	(ب ل غ) صحیح	بَلَغَ يَبْلُغُ (ن) بُلُوْغٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُبَلِّغ	تو پہنچاتا ہے یا پہنچائے گا	(ب ل غ) صحیح	بَلَّغَ يُبَلِّغُ تَبْلِيْغٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَبْلُوْا	وہ آزمائے گی۔ (ایسی آزمائش جس میں سختی اور شدت پائی جائے)	(ب ل و) ناقص واوی	بَلَا يَبْلُوْا (ن) بَلَاءٌ (فَعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تُبْلَوُنَّ	تم ضرور آزمائے جاؤ گے (ایسی آزمائش جس میں سختی اور شدت پائی جائے)	(ب ل و) ناقص واوی	بَلَا يَبْلُوْا (ن) بَلَاءٌ (فَعَالٌ) بروزن تُفْعَلُنَّ	مضارع مجہول بانون تاکید جمع مذکر حاضر
تَبْنُوْنَ	تم بناتے ہو تعمیر کرتے ہو	(ب ن ی) ناقص یائی	بَنٰى يَبْنِيْ (ض) بِنَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَبُوْءَ	تو لوٹے، حاصل کرے، سمیٹے، کمائے۔	(ب و ء) اجوف واوی مہموز اللام	بَآءَ يَبُوْءُ (ن) بَوْءٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعَلَ	مضارع واحد مذکر حاضر
تُبَوِّئُ	تو جگہ بناتا ہے، تو ٹھکانہ دیتا ہے (سازگار ماحول میں آباد ہونا)	(ب و ء) اجوف واوی مہموز اللام	بَوَّءَ يُبَوِّءُ تَبْوِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ) بروزن تُفَعِّلُ	مضارع واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبَوَّآ	تم دونوں ٹھہراؤ، اتارو، جگہ تیار کرو (اصل میں تَتَبَوَّآنِ تھا) (سازگار ماحول میں آباد ہونا)	(ب و ء) اجوف واوی مہموز اللام	تَبَوَّءَ یَتَبَوَّءُ تَبَوُّءٌ (تَفَعُّلٌ)	~~مضارع~~ امر تثنیہ مذکر حاضر
تَبَوَّؤُا	انہوں نے جگہ لی، ٹھکانہ بنایا (سازگار ماحول میں آباد ہونا)	(ب و ء) اجوف واوی مہموز اللام	تَبَوَّءَ یَتَبَوَّءُ تَبَوُّءٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلُوْا	ماضی جمع مذکر غائب
تَبُوْرُ	وہ ہلاک ہو گی، مٹ جائے گی۔ (آہستہ آہستہ رأس المال کا کم ہوتے ہوتے تباہ ہو جانا)	(ب و ر) اجوف واوی	بَارَ یَبُوْرُ (ن) بَوَارٌ (فَعَالٌ) بروزن تَفْعُلُ	مضارع واحد مؤنث غائب
تَبْهَتُ	وہ ہوش اُڑا دے گی۔ (یکدم حیرانی کی وجہ سے حواس کھو جانا)	(ب ہ ت) صحیح	بَهِتَ یَبْهَتُ (س) بَهْتٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تِبْیَانٌ	پوری وضاحت۔ (معنی مقصود کو کھولنا اور مکمل وضاحت کرنا)	(ب ی ن) اجوف یائی	بَانَ یَبِیْنُ (ض) تِبْیَانٌ (تِفْعَالٌ)	اسم مصدر
تَبِیْدُ	وہ خراب ہو گی، برباد ہو گی (مکمل تباہی و بربادی)	(ب ی د) اجوف یائی	بَادَ یَبِیْدُ (ض) بَیَادٌ (فَعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَبْیَضُّ	وہ سفید ہو گئی	(ب ی ض) اجوف یائی	اِبْیَضَّ یَبْیَضُّ اِبْیِضَاضٌ (اِفْعِلَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَبِیْعٌ	پیچھا کرنے والا، انتقام لینے والا، مدعی، مددگار، پیروی کرنے والا۔	(ت ب ع) صحیح	بروزن فَعِیْلٌ	اسم فاعل جمع تِبَاعٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَبَيَّنَ	وہ ظاہر ہوا، کھل گیا۔ (کسی چیز کا دوسری سے الگ ہوکر ظاہر اور واضح ہونا)	(ب ی ن) اجوف یائی	تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ تَبَيُّنٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلَ	ماضی واحد مذکر غائب
تَبَيَّنَتْ	اس (عورت) نے جان لیا، وہ ظاہر ہوگئی۔ (کسی چیز کا دوسری سے الگ ہوکر ظاہر اور واضح ہونا)	(ب ی ن) اجوف یائی	تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ تَبَيُّنٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلَتْ	ماضی واحد مؤنث غائب
تَبَيَّنُوْا	تم دریافت کرو، تحقیق کرو (کسی چیز کا دوسری سے الگ ہوکر ظاہر اور واضح ہونا)	(ب ی ن) اجوف یائی	تَبَيَّنَ يَتَبَيَّنُ تَبَيُّنٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلُوْا	امر جمع مذکر حاضر
تُبَيِّنُنَّ	تم ضرور بیان کروگے (بات کو دلائل کے ساتھ بیان کرنا)	(ب ی ن) اجوف یائی	بَيَّنَ يُبَيِّنُ تَبْيِيْنٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع بانون ثقیلہ جمع مذکر حاضر
تَتَبَدَّلُوْا	تم بدل ڈالو	(ب د ل) صحیح	تَبَدَّلَ يَتَبَدَّلُ تَبَدُّلٌ (تَفَعُّلٌ)	امر جمع مذکر حاضر
تَتْبَعُ	وہ پیچھے پیچھے آئے گی (کسی کے پیچھے چلنا)	(ت ب ع) صحیح	تَبِعَ يَتْبَعُ (س) تَبَعٌ (فَعَلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَتَّبِعْ	تو اتباع مت کرے (کسی کے پیچھے چلنا)	(ت ب ع) صحیح	اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ اِتِّبَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	نہی ~~مضارع~~ واحد مذکر حاضر
تَتَّبِعَانِّ	تم دونوں پیروی مت کرنا (کسی کے پیچھے چلنا)	(ت ب ع) صحیح	اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ اِتِّبَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	نہی ~~مضارع~~ بانون ثقیلہ تثنیہ مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَاتَتَّبِعُوْا	تم پیروی نہ کرو (کسی کے پیچھے چلنا)	(ت ب ع) صحیح	اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ اِتِّبَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَتَّبِعُوْنَ	تم پیروی کرتے ہو (کسی کے پیچھے چلنا)	(ت ب ع) صحیح	اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ اِتِّبَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَتْبِيْبٌ	ہلاک کرنا، برباد کرنا، توڑنا، ہمیشہ نقصان میں رہنا۔ (آہستہ آہستہ تباہی کی طرف چلتے جانا)	(ت ب ب) مضاعف، ثلاثی	تَبَّبَ يُتَبِّبُ تَتْبِيْبٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
تَتْبِيْرٌ	ہلاک کرنا، ویران کرنا۔ (تہس نہس کر دینا، نشان تک مٹا دینا)	(ت ب ر) صحیح	تَبَّرَ يُتَبِّرُ تَتْبِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
تَتَجَافٰى	وہ الگ ہو جاتی ہے، علیحدہ رہتی ہے (جگہ سے الگ ہونا یا دور رہنا)	(ج ف و) ناقص واوی	تَجَافٰى يَتَجَافٰى تَجَافِيٌ (تَفَاعُلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَتَّخِذُ	تو پکڑتا ہے، لیتا ہے اختیار کرتا ہے	(ا خ ذ) مہموز الفاء	اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ اِتِّخَاذٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
لَاتَتَّخِذُوْا	تم مت بناؤ مت پکڑو	(ا خ ذ) مہموز الفاء	اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ اِتِّخَاذٌ (اِفْتِعَالٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَتَّخِذُوْنَ	تم پکڑتے ہو، لیتے ہو	(ا خ ذ) مہموز الفاء	اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ اِتِّخَاذٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَتَذَكَّرُوْنَ	تم نصیحت پکڑتے ہو یاد کرتے ہو، خیال کرتے ہو	(ذ ک ر) صحیح	تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ تَذَكُّرٌ (تَفَعُّلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَتْرًا	پے در پے، لگاتار، یکے بعد دیگرے۔ (ایک کے بعد دوسرا آنا کہ درمیان میں وقفہ نہ ہو)	(و ت ر) مثال واوی	وَتَرَ يَتِرُ (ض) وَتْرَى ۔ فَعْلَى	اسم مصدر یا اسم جمع یا صفت مشبہ
تَتْرُكُ	تو چھوڑے گا تو چھوڑے	(ت ر ک) صحیح	تَرَکَ يَتْرُکُ (ن) تَرْکٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تُتْرَكُوْا	تم چھوڑے جاؤ، تمہیں چھوڑ دیا جائے۔	(ت ر ک) صحیح	تَرَکَ يَتْرُکُ (ن) تَرْکٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر حاضر
تُتْرَكُوْنَ	تم چھوڑ دیے جاؤ گے	(ت ر ک) صحیح	تَرَکَ يَتْرُکُ (ن) تَرْکٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر حاضر
لَاتَتَفَرَّقُوْا	تم الگ الگ نہ ہو جاؤ	(ف ر ق) صحیح	تَفَرَّقَ يَتَفَرَّقُ تَفَرُّقٌ (تَفَعُّلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَتَفَكَّرُوْا	(یہ کہ) تم غور کرو، فکر کرو (کسی معاملہ کے مختلف پہلوؤں اور دلائل پر غور کرنا)	(ف ک ر) صحیح	تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ تَفَكُّرٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَتَفَعَّلُوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
تَتَفَكَّرُوْنَ	تم فکر کرو، غور کرو، سوچو (کسی معاملہ کے مختلف پہلوؤں اور دلائل پر غور کرنا)	(ف ک ر) صحیح	تَفَكَّرَ يَتَفَكَّرُ تَفَكُّرٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَتَفَعَّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تَتَقَلَّبُ	وہ الٹ دی جائے گی۔ (کسی چیز کی حالت یا معاملہ کو الٹ دینا)	(ق ل ب) صحیح	تَقَلَّبَ يَتَقَلَّبُ تَقَلُّبٌ (تَفَعُّلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع جمع مذکر حاضر	اِتَّقٰی یَتَّقِیْ اِتِّقَاءٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن تَفْتَعِلُوْا	(و ق ی) لفیف مفروق	تم بچتے ہو، ڈرتے ہو (برے کاموں کی عقوبت سے ڈر کر ان برے کاموں سے بچنا)	تَتَّقُوْا
مضارع جمع مذکر حاضر	اِتَّقٰی یَتَّقِیْ اِتِّقَاءٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن تَفْتَعِلُوْنَ	(و ق ی) لفیف مفروق	تم بچتے ہو، ڈرتے ہو۔ (برے کاموں کی عقوبت سے ڈر کر ان برے کاموں سے بچنا)	تَتَّقُوْنَ
مضارع واحد مذکر حاضر	تَکَبَّرَ یَتَکَبَّرُ تَکَبُّرٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَتَفَعَّلُ	(ک ب ر) صحیح	تو بڑائی کرلے، سرکشی کرلے (غرور کا آخری درجہ، حق بات کو رد کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا)	تَتَکَبَّرَ
مضارع مجہول واحد مؤنث غائب	تَلَا یَتْلُوْا (ن) تِلَاوَۃٌ (فِعَالَۃٌ)	(ت ل و) ناقص واوی	وہ پڑھی جاتی ہے۔ (نازل شدہ کتابیں پڑھنا تلاوت کہلاتا ہے)	تُتْلٰی
مضارع واحد مؤنث غائب	تَلَقّٰی یَتَلَقّٰی تَلَقِّیْ (تَفَعُّلٌ)	(ل ق ی) ناقص یائی	وہ ملاقات کرے گی، لینے آئے گی (القا کے ذریعہ سے کچھ سیکھنا)	تَتَلَقّٰی
مضارع واحد مذکر حاضر	تَلَا یَتْلُوْا (ن) تِلَاوَۃٌ (فِعَالَۃٌ) بروزن تَفْعُلُ	(ت ل و) ناقص واوی	تو پڑھتا ہے، وہ پڑھتی ہے (نازل شدہ کتابیں پڑھنا تلاوت کہلاتا ہے)	تَتْلُوْا
مضارع جمع مذکر حاضر	تَلَا یَتْلُوْا (ن) تِلَاوَۃٌ (فِعَالَۃٌ) بروزن تَفْعُوْنَ	(ت ل و) ناقص واوی	تم پڑھتے ہو، تلاوت کرتے ہو (نازل شدہ کتابیں پڑھنا تلاوت کہلاتا ہے)	تَتْلُوْنَ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَتَمَارٰی	تو جھٹلاتا ہے، شک کرے گا، تو جھگڑا کرتا ہے، کرے گا۔ (کسی مسلمہ حقیقت کو ظنی باتوں سے مشکوک کرتے رہنا)	(م ر ی) ناقص یائی	تَمَارٰی یَتَمَارٰی تَمَارِیٌ (تَفَاعُلٌ) بر وزن تَتَفَاعَلُ	مضارع واحد مذکر حاضر
لَا تَتَمَنَّوْا	تم مت آرزو کرو مت چاہو	(م ن ی) ناقص یائی	تَمَنّٰی یَتَمَنّٰی تَمَنِّیٌ (تَفَعُّلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
لَا تَتَنَاجَوْا	تم سرگوشی مت کرو	(ن ج و) ناقص واوی	تَنَاجٰی یَتَنَاجٰی تَنَاجِیٌ (تَفَاعُلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَتَنَزَّلُ	وہ اترتی ہے (فرشتوں کی جماعت)	(ن ز ل) صحیح	تَنَزَّلَ یَتَنَزَّلُ تَنَزُّلٌ (تَفَعُّلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَتُوْبَا	تم دونوں توبہ کرتی ہو، تم دونوں باز آجاؤ۔	(ت و ب) اجوف واوی	تَابَ یَتُوْبُ (ن) تَوْبَۃٌ (فَعْلَۃٌ)	مضارع تثنیہ مؤنث حاضر
تَتَوَفّٰی	وہ (فرشتوں کی جماعت) جان نکالتے ہیں، وہ پورا کرتی ہے، اُٹھالیتی ہے۔	(و ف ی) لفیف مفروق	تَوَفّٰی یَتَوَفّٰی تَوَفِّیٌ (تَفَعُّلٌ) بر وزن تَتَفَعَّلُ	مضارع واحد مؤنث غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَتَوَلَّوْا	تم پھرو گے، روگردانی کرو گے۔ (اصل میں تَتَوَلَّوْنَ تھا) (اگر تعدیہ بنفسہ ہو تو معنی دوستی رکھنا ہوگا اور اگر تعدیہ عَنْ ہو تو معنی روگردانی کرنا ہوگا)	(و ل ی) لفیف مفروق	تَوَلّٰی یَتَوَلّٰی تَوَلِّیٌ (تَفَعُّلٌ) بر وزن تَتَفَعَّوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
تَثْبِيْتٌ	ثابت کرنا، ثابت رکھنا	(ث ب ت) صحیح	ثَبَّتَ یُثَبِّتُ تَثْبِیْتٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر
تَثْرِيْبَ	الزام، ملامت کرنا، ڈانٹ ڈپٹ۔ (ملامت کے علاوہ ڈانٹ ڈپٹ بھی کرنا)	(ث ر ب) صحیح	ثَرَّبَ یُثَرِّبُ تَثْرِیْبٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر
تَثْقَفَنَّ	تو پائے۔ (کسی چیز کو پانے میں مہارت سے کام لینا)	(ث ق ف) صحیح	ثَقِفَ یَثْقَفُ (ف) ثَقْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع با نون ثقیلہ واحد مذکر حاضر
تُثِيْرُ	وہ اُبھارتی ہے، جوتتی ہے، اُٹھاتی ہے۔ (ہواؤں کو اُٹھانا، زمین سے متعلق ہو تو ہل جوتنا ہے)	(ث و ر) اجوف واوی	اَثَارَ یُثِیْرُ اِثَارَةٌ (اِفْعَالٌ) بر وزن تُفْعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب
تُجَادِلُ	تو جھگڑتا ہے، وہ جھگڑتی ہے (کج بحثی کے ساتھ جھگڑا کرنا)	(ج د ل) صحیح	جَادَلَ یُجَادِلُ مُجَادَلَةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بر وزن تُفَاعِلُ	مضارع واحد مذکر حاضر واحد مؤنث غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَاتُجَادِلُوْا	تم مت جھگڑا کرو (کج بحثی کے ساتھ جھگڑا کرنا)	(ج د ل) صحیح	جَادَلَ يُجَادِلُ مُجَادَلَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تُجَادِلُوْنَ	تم جھگڑتے ہو (کج بحثی کے ساتھ جھگڑا کرنا)	(ج د ل) صحیح	جَادَلَ يُجَادِلُ مُجَادَلَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تِجَارَةٌ	سوداگری، بیوپار کاروبار کرنا	(ت ج ر) صحیح	تَجَرَ يَتْجِرُ (ض) تِجَارَةٌ (فِعَالَةٌ)	اسم مصدر
تَجْئَرُوْنَ	تم چلاتے ہو، فریاد کرتے ہو۔ (گھبراہٹ کے وقت زور سے چیخنا چلانا اور آہ وزاری کرنا)	(ج أ ر) مہموز العین	جَئَرَ يَجْئَرُ (ف) جُؤَارٌ (فُعَالٌ) بروزن تَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُجَاهِدُوْنَ	تم جہاد کرتے ہو۔ (دشمن کی مدافعت میں مقدور بھر طاقت صرف کرنا)	(ج ہ د) صحیح	جَاهَدَ يُجَاهِدُ مُجَاهَدَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجْتَنِبُوْا	تم بچو گے اجتناب کرو گے	(ج ن ب) صحیح	اِجْتَنَبَ يَجْتَنِبُ اِجْتِنَابٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجِدُ	وہ پائے گی، تو پائے گا (کسی چیز کو موجود دیکھنا)	(و ج د) مثال واوی	وَجَدَ يَجِدُ (ض) وُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ) بروزن تَعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
تَجِدُوْا	تم پاتے ہو یا پاؤ گے (اصل میں "تَجِدُوْنَ" تھا)	(و ج د) مثال واوی	وَجَدَ يَجِدُ (ض) وُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَجِدُوْنَ	تم پاتے ہو یا پاؤ گے (کسی چیز کو موجود دیکھنا)	(و ج د) مثال واوی	وَجَدَ يَجِدُ (ض) وُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَتَجِدَنَّ	تو ضرور پائے گا (کسی چیز کو موجود دیکھنا)	(و ج د) مثال واوی	وَجَدَ يَجِدُ (ض) وِجْدَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع بانون تاکید واحد مذکر حاضر
تُجْرِمُوْنَ	تم جرم کرتے ہو، گناہ کرتے ہو۔ (کسی واجب امر کو ادا نہ کرنا جرم ہے)	(ج ر م) صحیح	اَجْرَمَ يُجْرِمُ اِجْرَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجْرِیْ	وہ بہتی ہے، جاری ہے۔ (معمولی رفتار سے پانی کا دیر تک اور دور تک بہتے چلے جانا)	(ج ر ی) ناقص یائی	جَرٰى يَجْرِیْ (ض) جَرْیٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب
تَجْرِيَانِ	وہ دونوں بہتی ہیں۔ (معمولی رفتار سے پانی کا دیر تک اور دور تک بہتے چلے جانا)	(ج ر ی) ناقص یائی	جَرٰى يَجْرِیْ (ض) جَرَيَانٌ (فَعَلَانٌ) بروزن تَفْعِلَانِ	مضارع تثنیہ مؤنث غائب
تُجْزٰی	وہ بدلہ دی جائے گی۔ (وہ بدلہ جو کسی صورت کم نہ ہو خواہ اچھا ہو یا برا)	(ج ز ی) ناقص یائی	جَزٰى يَجْزِیْ (ض) جَزَاءٌ (فَعَالٌ)	مضارع مجہول واحد مؤنث غائب
تُجْزَوْنَ	تم بدلہ دیئے جاؤ گے۔ (وہ بدلہ جو کسی صورت کم نہ ہو خواہ اچھا ہو یا برا)	(ج ز ی) ناقص یائی	جَزٰى يَجْزِیْ (ض) جَزَاءٌ (فَعَالٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر حاضر
تَجْزِیْ	وہ کام آئے گی، وہ بدلہ ہوگی (وہ بدلہ جو کسی صورت کم نہ ہو خواہ اچھا ہو یا برا)	(ج ز ی) ناقص یائی	جَزٰى يَجْزِیْ (ض) جَزَاءٌ (فَعَالٌ) بروزن تَفْعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَا تَجَسَّسُوْا	تم جاسوسی مت کرو۔ (کسی کے عیب تلاش کرنا خواہ کسی طریقہ سے ہو)	(ج س س) مضاعف، ثلاثی	تَجَسَّسَ يَتَجَسَّسُ تَجَسُّسٌ (تفعُّلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَجْعَلُ	تو بنائے گا، کرے گا	(ج ع ل) صحیح	جَعَلَ يَجْعَلُ (ف) جَعْلٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَجْعَلُوْا	تم بناؤ، بنانے لگو تم کرو، کرنے لگو	(ج ع ل) صحیح	جَعَلَ يَجْعَلُ (ف) جَعْلٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجْعَلُوْنَ	تم مقرر کرتے ہو، بناتے ہو	(ج ع ل) صحیح	جَعَلَ يَجْعَلُ (ف) جَعْلٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجَلّٰى	وہ روشن ہوا، ظاہر ہوا، جلوہ افروز ہوا۔ (کسی خوبصورت چیز کا روشن اور نمودار ہونا)	(ج ل و) ناقص واوی	تَجَلّٰى يَتَجَلّٰى تَجَلِّىٌ (تفعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلَ	ماضی واحد مذکر غائب
تَجْمَعُوْا	تم جمع کرنے لگو، تم اکٹھا کرو	(ج م ع) صحیح	جَمَعَ يَجْمَعُ (ف) جَمْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَجُوْعَ	تو بھوکا ہوگا تجھے بھوک لگے	(ج و ع) اجوف واوی	جَاعَ يَجُوْعُ (ن) جَوْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَجْهَرُ	تو آواز بلند کرتا ہے یا کرے گا۔ (اتنی بلند آواز سے پکارنا جسے کم از کم ساتھ والے سن سکیں)	(ج ہ ر) صحیح	جَهَرَ يَجْهَرُ (ف) جَهْرٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ/توضیح	مادہ/ہفت اقسام	باب/مصدر/وزن	صیغہ/وغیرہ
لَاتَجْهَرُوْا	تم مت پکارو، تم مت آواز بلند کرو۔ (اتنی بلند آواز سے پکارنا جسے کم از کم ساتھ والے سن سکیں)	(ج ہ ر) صحیح	جَهَرَ يَجْهَرُ (ف) جَهْرٌ (فَعْلٌ) بروزن لَاتَفْعَلُوْا	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَجْهَلُوْنَ	تم جہالت کرتے ہو، نادانی کرتے ہو۔ (نفس انسانی کا علم سے خالی ہونا)	(ج ہ ل) صحیح	جَهِلَ يَجْهَلُ (س) جَهْلٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُحَآجُّوْنَ	تم جھگڑا کرتے ہو (دلیل سے جھگڑا کرنا)	(ح ج ج) مضاعف، ثلاثی	حَآجَّ يُحَآجُّ مُحَاجَّةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحَآضُّوْنَ	تم آپس میں تاکید کرتے ہو، رغبت دلاتے ہو۔	(ح ض ض) مضاعف	حَآضَّ يُحَاضُّ مُحَاضَّةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحَاوُرٌ	سوال وجواب کرنا، گفتگو	(ح و ر) اجوف واوی	تَحَاوَرَ يَتَحَاوَرُ تَحَاوُرٌ (تَفَاعُلٌ)	اسم مصدر
تُحْبَرُوْنَ	تمہاری آؤ بھگت کرائی جائے گی، خوشحال کیے جاؤ گے۔ (ایسی خوشی جو ماحول کی نظافت، عمدگی اور بہار سے حاصل ہو)	(ح ب ر) صحیح	حَبَرَ يَحْبُرُ (ن) حَبْرٌ (فَعْلٌ) بروزن تُفْعَلُوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر حاضر
تَحْبِسُوْنَ	تم روک رکھتے ہو، بند کرتے ہو، قید کرتے ہو۔	(ح ب س) صحیح	حَبَسَ يَحْبِسُ (ض) حَبْسٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَحْبَطَ	وہ ضائع ہو جائے، مٹ جائے۔ (بعض اسباب کی وجہ سے کوئی عمل بے اثر اور بے نتیجہ ثابت ہو)	(ح ب ط) صحیح	حَبِطَ يَحْبَطُ (س) حَبْطٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعَلَ	مضارع واحد مؤنث غائب
تُحِبُّوا	تم دوست رکھو، پسند کرو	(ح ب ب) مضاعف، ثلاثی	اَحَبَّ يُحِبُّ اِحْبَابٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُحِبُّوْنَ	تم محبت کرتے ہو، دوست رکھتے ہو۔	(ح ب ب) مضاعف، ثلاثی	اَحَبَّ يُحِبُّ اِحْبَابٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحْتَ	نیچے	تحت	بروزن فَعْلَ	اسم ظرف فوق کی ضد
تُحَدِّثُ	وہ بیان کرے گی، خبر دے گی۔ (کسی کو ایسی بات بتلانا جو وہ پہلے نہ جانتا ہو)	(ح د ث) صحیح	حَدَّثَ يُحَدِّثُ تَحْدِيْثٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن تُفَعِّلُ	مضارع واحد مؤنث غائب
تُحَدِّثُوْنَ	تم بیان کرتے ہو، کہہ دیتے ہو۔ (کسی کو ایسی بات بتلانا جو وہ پہلے نہ جانتا ہو)	(ح د ث) صحیح	حَدَّثَ يُحَدِّثُ تَحْدِيْثٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن تُفَعِّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحْذَرُوْنَ	تم ڈرتے ہو، بچتے ہو (خوف کی بات سے ڈرنا اور بچنا)	(ح ذ ر) صحیح	حَذِرَ يَحْذَرُ (س) حَذَرٌ (فَعَلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحْرُثُوْنَ	تم بوتے ہو	(ح ر ث) صحیح	حَرَثَ يَحْرُثُ (ن) حَرْثٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع واحد مذکر حاضر	حَرَصَ يَحْرِصُ (ض) حِرْصٌ (فِعْلٌ)	(ح ر ص) صحیح	تو حرص کرے، للچاتا ہے، کوشش کرے۔ (طمع اور خواہش میں زیادتی کرنا)	تَحْرِصْ
فعل نہی واحد مذکر حاضر	حَرَّكَ يُحَرِّكُ تَحْرِيْكٌ (تَفْعِيْلٌ)	(ح ر ک) صحیح	تو مت حرکت دے۔ (حرکت دے کر آگے بڑھانا یا چلانا)	لَا تُحَرِّكْ
مضارع واحد مذکر حاضر	حَرَّمَ يُحَرِّمُ تَحْرِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بر وزن تُفَعِّلُ	(ح ر م) صحیح	تو حرام کرتا ہے۔ (ایسی باتیں یا اشیاء جن سے شریعت نے سختی سے منع کر دیا ہو)	تُحَرِّمُ
فعل نہی جمع مذکر حاضر	حَرَّمَ يُحَرِّمُ تَحْرِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بر وزن تُفَعِّلُوْا	(ح ر م) صحیح	تم مت حرام ٹھہراؤ۔ (ایسی باتیں یا اشیاء جن سے شریعت نے سختی سے منع کر دیا ہو)	لَا تُحَرِّمُوْا
ماضی جمع مذکر غائب	تَحَرّٰى يَتَحَرّٰى تَحَرِّيْ (تَفَعُّلٌ) بر وزن تَفَعَّوْا	(ح ر ی) ناقص یائی	انہوں نے قصد کیا، وہ چلے۔ (دو چیزوں میں سے زیادہ بہتر کو طلب کرنا یا اختیار کرنا)	تَحَرَّوْا
اسم مصدر	حَرَّرَ يُحَرِّرُ تَحْرِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	(ح ر ر) مضاعف، ثلاثی	آزاد کرنا، لکھنا۔ (صرف غلام کو آزاد کرنے کے لیے مخصوص ہے)	تَحْرِيْرٌ
فعل نہی واحد مذکر حاضر	حَزِنَ يَحْزَنُ (س) حُزْنٌ (فُعْلٌ)	(ح ز ن) صحیح	تو غم نہ کھا، پریشان مت ہو۔ (کسی حادثہ یا مصیبت کی وجہ سے غم کھانا)	لَا تَحْزَنْ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَاتَحْزَنُوْا	تم غم مت کھاؤ۔ (کسی حادثہ یا مصیبت کی وجہ سے غم کھانا)	(ح ز ن) صحیح	حَزِنَ یَحْزَنُ (س) حُزْنٌ (فُعْلٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَحْزَنُوْنَ	تم غم کھاؤ گے۔ (کسی حادثہ یا مصیبت کی وجہ سے غم کھانا)	(ح ز ن) صحیح	حَزِنَ یَحْزَنُ (س) حُزْنٌ (فُعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَاتَحْزَنِيْ	تو ایک عورت مت غم کھا۔ (کسی حادثہ یا مصیبت کی وجہ سے غم کھانا)	(ح ز ن) صحیح	حَزِنَ یَحْزَنُ (س) حُزْنٌ (فُعْلٌ)	فعل نہی واحد مؤنث حاضر
تُحِسُّ	تو محسوس کرتا ہے، آہٹ پاتا ہے۔ (حواس ظاہری سے کسی چیز کا علم ہونا)	(ح س س) مضاعف، ثلاثی	اَحَسَّ یُحِسُّ اِحْسَاسٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَحْسَبُ	تم سمجھتا ہے، گمان کرتا ہے۔ (ایسے گمان کے لیے جس کے متعلق گمان کرنے والا پُر اُمید ہو)	(ح س ب) صحیح	حَسِبَ یَحْسَبُ (س) حِسْبَانٌ (فِعْلَانٌ) بر وزن تَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر حاضر
لَا تَحْسَبَنَّ	تو ہرگز گمان نہ کر۔ (ایسے گمان کے لیے جس کے متعلق گمان کرنے والا پُر اُمید ہو)	(ح س ب) صحیح	حَسِبَ یَحْسَبُ (س) حِسْبَانٌ (فِعْلَانٌ) بر وزن تَفْعَلَنَّ	مضارع بانون تاکید واحد مذکر حاضر
لَا تَحْسَبُوْا	تم مت گمان کرو۔ (ایسے گمان کے لیے جس کے متعلق گمان کرنے والا پُر اُمید ہو)	(ح س ب) صحیح	حَسِبَ یَحْسَبُ (س) حِسْبَانٌ (فِعْلَانٌ) بر وزن تَفْعَلُوْا	فعل نہی جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَحْسَبُوْنَ	تم گمان کرتے ہو۔ (ایسے گمان کے لیے جس کے متعلق گمان کرنے والا پُر اُمید ہو)	(ح س ب) صحیح	حَسِبَ يَحْسَبُ (س) حِسْبَانٌ (فِعْلَانٌ) بروزن تَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحْسُدُوْنَ	تم حسد کرتے ہو۔ (باطنی بری صفت، کسی کی خیر وخوبی دیکھ کر اندر ہی اندر جلتے رہنا)	(ح س د) صحیح	حَسَدَ يَحْسُدُ (ن) حَسَدٌ (فَعَلٌ) بروزن تَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحَسَّسُوْا	تم خبر لو، تلاش کرو۔ (کسی چیز کی تلاش میں حواس خمسہ سے کام لینا جو بیرونی حالات سے متعلق ہو)	(ح س س) مضاعف ثلاثی	تَحَسَّسَ يَتَحَسَّسُ تَحَسُّسٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلُوْا	امر جمع مذکر حاضر
تُحْسِنُوْا	تم احسان کرو نیکی کرو	(ح س ن) صحیح	اَحْسَنَ يُحْسِنُ اِحْسَانٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَحُسُّوْنَ	تم کاٹتے ہو، قتل کرتے ہو (چن چن کے قتل کرکے دشمن کی جڑ کاٹ دینا)	(ح س س) مضاعف ثلاثی	حَسَّ يَحُسُّ (ن) حَسٌّ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُحْشَرُوْنَ	تم جمع کیے جاؤ گے (جانداروں کو اپنے ٹھکانوں سے لے جا کر اکٹھا کرنا)	(ح ش ر) صحیح	حَشَرَ يَحْشُرُ (ن) حَشْرٌ (فَعْلٌ) بروزن تُفْعَلُوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَحَصُّنٌ	گناہ سے محفوظ رہنا، پاک دامن رہنا۔ (عموماً عفت کی حفاظت کے لیے مستعمل ہوتا ہے)	(ح ص ن) صحیح	تَحَصَّنَ يَتَحَصَّنُ تَحَصُّنٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم مصدر
تُحْصِنَ	(تاکہ) وہ بچائے، محفوظ رکھے۔ (نگہداشت اور حفاظت کر کے خود کو بچانا)	(ح ص ن) صحیح	اَحْصَنَ يُحْصِنُ اِحْصَانٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعِلَ	مضارع واحد مؤنث غائب
تُحْصِنُوْنَ	تم روک رکھو گے، محفوظ کر لو گے۔ (نگہداشت اور حفاظت کر کے خود کو بچانا)	(ح ص ن) صحیح	اَحْصَنَ يُحْصِنُ اِحْصَانٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُحْصُوْا	تم شمار کرو گے، پورا کرو گے۔ (شمار کرنا اور اس پر قدرت رکھنا، ریکارڈ کرنا)	(ح ص ی) ناقص یائی	اَحْصٰى يُحْصِىْ اِحْصَاءٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعُوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
لَمْ تُحِطْ	تو نے احاطہ نہیں کیا۔ (کسی چیز کو اس طرح گھیرنا کہ اس چیز کی حفاظت رہے)	(ح و ط) اجوف واوی	اَحَاطَ يُحِيْطُ اِحَاطَةٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفِلْ	جحد معلوم واحد مذکر حاضر
تَحْكُمُ	تو حکم کرے گا، تو حکم کرے۔ (ایسا حکم یا فیصلہ جس کے ذریعے ظلم سے روکا جائے)	(ح ک م) صحیح	حَكَمَ يَحْكُمُ (ن) حُكْمٌ (فُعْلٌ) بروزن تَفْعُلُ	مضارع واحد مذکر حاضر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع جمع مذکر حاضر	حَکَمَ یَحْکُمُ (ن) حُکْمٌ (فُعْلٌ) بر وزن تَفْعُلُوْا	(ح ک م) صحیح	(کہ) تم حکم کرو، فیصلہ کرو۔ (ایسا حکم یا فیصلہ جس کے ذریعے ظلم سے روکا جائے)	تَحْکُمُوْا
مضارع جمع مذکر حاضر	حَکَمَ یَحْکُمُ (ن) حُکْمٌ (فُعْلٌ) بر وزن تَفْعُلُوْنَ	(ح ک م) صحیح	تم حکم کرتے ہو، ٹھہرتے ہو۔ (ایسا حکم یا فیصلہ جس کے ذریعے ظلم سے روکا جائے)	تَحْکُمُوْنَ
مضارع واحد مؤنث غائب	حَلَّ یَحِلُّ (ض) حِلٌّ (فِعْلٌ)	(ح ل ل) مضاعف، ثلاثی	وہ حلال ہوتی ہے	تَحِلُّ
مضارع واحد مؤنث غائب	حَلَّ یَحُلُّ (ن) حُلُوْلٌ (فُعُوْلٌ)	(ح ل ل) مضاعف، ثلاثی	وہ اترے گی (کسی مقام پر اترنا)	تَحُلُّ
اسم مصدر	حَلَّلَ یُحَلِّلُ تَحِلَّةٌ (تَفْعِلَةٌ)	(ح ل ل) مضاعف، ثلاثی	حلال کرنا، کھولنا	تَحِلَّةٌ
فعل نہی جمع مذکر حاضر	اَحَلَّ یُحِلُّ اِحْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	(ح ل ل) مضاعف، ثلاثی	تم مت حلال سمجھو	لَا تُحِلُّوْا
مضارع واحد مؤنث غائب	حَمَلَ یَحْمِلُ (ض) حَمْلٌ (فَعْلٌ)	(ح م ل) صحیح	وہ حاملہ ہوتی ہے بوجھ اُٹھاتی ہے	تَحْمِلُ
فعل نہی واحد مذکر حاضر	حَمَّلَ یُحَمِّلُ تَحْمِیْلٌ (تَفْعِیْلٌ)	(ح م ل) صحیح	تو مت بوجھ ڈال	لَا تُحَمِّلْ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تُحْمَلُوْنَ	تم سوار کیے جاتے ہو لادے جاتے ہو	(ح م ل) صحیح	حَمَلَ يَحْمِلُ (ض) حِمْلٌ (فِعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَاتَحْنَثْ	تو قسم مت توڑ۔ (جس کام کے کرنے کی قسم اُٹھائی ہو وہ نہ کرنا)	(ح ن ث) صحیح	حَنَثَ يَحْنِثُ (س) حِنْثٌ (فِعْلٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تَحْوِيْلٌ	بدلنا، موڑنا، تبدیلی۔ (کسی چیز کو اس کے اصل مقام کی بجائے دوسری جگہ کر دینا)	(ح و ل) اجوف واوی	حَوَّلَ يُحَوِّلُ تَحْوِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
تَحِيَّةٌ	سلام، دعائے خیر، دعائے زندگی۔ (درازیٔ عمر کی دعا دینا)	(ح ی ی) لفیف مقرون	حَيَّ يُحَيِّيْ تَحِيَّةٌ (تَفْعِلَةٌ)	اسم مصدر
تَحِيْدُ	تو کنارہ کرتا ہے، بھاگتا ہے، ہٹتا ہے۔ (کترانا اور دور بھاگنا پھر سیدھی راہ پر نہ آنا)	(ح ی د) اجوف یائی	حَادَ يَحِيْدُ (ض) حَيْدٌ (فَعْلٌ) بر وزن تَفْعِلُ	مضارع واحد مذکر حاضر
لَمْ تُحِيْطُوْا	تم نے نہیں گھیرا، تم سمجھ نہ پائے تھے۔ (کسی چیز کو اس طرح گھیرنا کہ اس چیز کی حفاظت رہے)	(ح و ط) اجوف واوی	اَحَاطَ يُحِيْطُ اِحَاطَةٌ (اِفْعَالٌ) بر وزن تُفْعِلُوْا	جحد معلوم جمع مذکر حاضر
تَحْيَوْنَ	تم جیو گے، زندگی گزارو گے (ہر جاندار چیز کا جینا)	(ح ی ی) لفیف مقرون	حَيِيَ يَحْيٰى (س) حَيَاةٌ (فَعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُحْيِيْ	تو زندہ کرتا ہے (کسی بھی مردے کو زندہ کرنا)	(ح ی ی) لفیف مقرون	اَحْيٰى يُحْيِيْ اِحْيَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَخَاصُمُ	آپس میں جھگڑنا۔ (ایسا جھگڑا جس میں فریقین کے حقوق زیر بحث ہوں)	(خ ص م) صحیح	تَخَاصَمَ يَتَخَاصَمُ تَخَاصُمٌ (تَفَاعُلٌ)	اسم مصدر
لَا تُخَاطِبْ	تو مت بول مت گفتگو کر	(خ ط ب) صحیح	خَاطَبَ يُخَاطِبُ مُخَاطَبَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تَخَافُ	تو ڈرے گا (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
لَا تَخَافَا	تم دونوں مت ڈرو (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	فعل نہی تثنیہ مذکر حاضر
لَا تُخَافِتْ	تو آہستہ مت پڑھ (پست آواز سے کھسر پھسر کرنا)	(خ ف ت) صحیح	خَافَتَ يُخَافِتُ مُخَافَتَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تَخَافَنَّ	تو ڈرے، تجھ کو ڈر ہو (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع با نون تاکید واحد مذکر حاضر
تَخَافُوْا	تم ڈرو (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَخَافُوْنَ	تم ڈرتے ہو، تم ڈرو گے (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَا تَخَافِيْ	تو ایک (عورت) مت ڈر (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ يَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	فعل نہی واحد مؤنث حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تُخَالِطُوْا	تم ملاتے ہو (خرچ)۔ (مختلف اشیاء کو ملا کر خلط ملط کر دینا)	(خ ل ط) صحیح	خَالَطَ يُخَالِطُ مُخَالَطَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُخْبِتَ	(کہ) وہ عاجزی کریں (دل کا نرم اور متواضع ہونا)	(خ ب ت) صحیح	اَخْبَتَ يُخْبِتُ اِخْبَاتٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَخْتَانُوْنَ	تم خیانت کرتے ہو (عہد کی غداری اور امانت کو حیلے بہانے سے ہضم کرنا)	(خ و ن) اجوف واوی	اِخْتَانَ يَخْتَانُ اِخْتِيَانٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن تَفْتَعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
لَا تَخْتَصِمُوْا	تم جھگڑا مت کرو۔ (ایسا جھگڑا جس میں فریقین کے حقوق زیر بحث ہوں)	(خ ص م) صحیح	اِخْتَصَمَ يَخْتَصِمُ اِخْتِصَامٌ (اِفْتِعَالٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَخْتَصِمُوْنَ	تم جھگڑا کرتے ہو۔ (ایسا جھگڑا جس میں فریقین کے حقوق زیر بحث ہوں)	(خ ص م) صحیح	اِخْتَصَمَ يَخْتَصِمُ اِخْتِصَامٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَخْتَلِفُوْنَ	تم اختلاف کرتے ہو	(خ ل ف) صحیح	اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ اِخْتِلَافٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَخِرُّ	وہ گر پڑیں گے۔ (اضطراب اور آواز کے ساتھ کسی چیز کا گرنا)	(خ ر ر) مضاعف، ثلاثی	خَرَّ يَخِرُّ (ض) خَرٌّ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَخْرُجُ	وہ نکلتی ہے یا تو نکلتا ہے	(خ ر ج) صحیح	خَرَجَ يَخْرُجُ (ن) خُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع واحد مذکر حاضر	اَخْرَجَ يُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ر ج) صحیح	تو نکالتا ہے یا نکالے گا	تُخْرِجُ
مضارع جمع مذکر حاضر	اَخْرَجَ يُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ر ج) صحیح	تم نکالو گے (اصل میں تُخْرِجُوْنَ تھا)	تُخْرِجُوْا
مضارع جمع مذکر حاضر	اَخْرَجَ يُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ر ج) صحیح	تم نکالتے ہو یا نکال دو گے	تُخْرِجُوْنَ
مضارع مجہول جمع مذکر حاضر	اَخْرَجَ يُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ر ج) صحیح	تم نکالے جاؤ گے	تُخْرَجُوْنَ
مضارع جمع مذکر حاضر	خَرَجَ يَخْرُجُ (ن) خُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ)	(خ ر ج) صحیح	تم نکلتے ہو یا نکلو گے	تَخْرُجُوْنَ
مضارع جمع مذکر حاضر	خَرَصَ يَخْرُصُ (ن) خَرْصٌ (فَعْلٌ) بروزن تَفْعُلُوْنَ	(خ ر ص) صحیح	تم اٹکل لگاتے ہو، تجویز کرتے ہو۔ (محض ظن وتخمین سے کام لینا جس میں حقیقت کو دخل نہ ہو)	تَخْرُصُوْنَ
نفی مؤکد معلوم واحد مذکر حاضر	خَرَقَ يَخْرِقُ (ض) خَرْقٌ (فَعْلٌ)	(خ ر ق) صحیح	تو ہرگز نہیں پھاڑ سکے گا (کسی چیز کو بگاڑنے کے لیے پھاڑنا)	لَنْ تَخْرِقَ
نفی مضارع جمع مذکر حاضر	اَخْزٰی يُخْزِیْ اِخْزَاءٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ز ی) ناقص یائی	تم مجھے رسوا نہ کرو۔ (کسی کے عیوب ظاہری کی بنا پر اسے ذلیل کرنا)	لَا تُخْزُوْنِ
فعل نہی واحد مذکر حاضر	اَخْزٰی يُخْزِیْ اِخْزَاءٌ (اِفْعَالٌ)	(خ ز ی) ناقص یائی	تو رسوا مت کر۔ (کسی کے عیوب ظاہری کی بنا پر اسے ذلیل کرنا)	لَا تُخْزِ

کلمات	ترجمہ/توضیح	مادہ/ہفت اقسام	باب/مصدر/وزن	صیغہ/وغیرہ
لَا تُخْسِرُوْا	تم مت کمی کرو (کسی کا حق دبا کر وزن میں کمی کرنا)	(خ س ر) صحیح	اَخْسَرَ یُخْسِرُ اِخْسَارٌ (اِفْعَالٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَخْسِیْرٌ	نقصان پہنچانا۔ (سودے میں نفع کی بجائے الٹا نقصان ہو جانا)	(خ س ر) صحیح	خَسَّرَ یُخَسِّرُ تَخْسِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر
تَخْشٰی	تو ڈرتا ہے (کسی امر کی عظمت کی وجہ سے ڈرنا)	(خ ش ی) ناقص یائی	خَشِیَ یَخْشٰی (س) خَشْیَةٌ (فَعْلَةٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَخْشَعُ	وہ گڑگڑاتی ہے، وہ عاجزی کرے۔ (ایسا ڈر جس کا اثر اعضاء و جوارح پر بھی پڑے)	(خ ش ع) صحیح	خَشَعَ یَخْشَعُ (ف) خُشُوْعٌ (فُعُوْلٌ) بروزن تَفْعَلُ	مضارع واحد مؤنث غائب
تَخْشَوْا	تم ڈرو۔ (اصل میں تَخْشَوْنَ تھا) (ایسا ڈر جس کا اثر اعضاء و جوارح پر بھی پڑے)	(خ ش ی) ناقص یائی	خَشِیَ یَخْشٰی (س) خَشْیَةٌ (فَعْلَةٌ) بروزن تَفْعَوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
لَا تَخْشَوْا	تم مت ڈرو۔ (ایسا ڈر جس کا اثر اعضاء و جوارح پر بھی پڑے)	(خ ش ی) ناقص یائی	خَشِیَ یَخْشٰی (س) خَشْیَةٌ (فَعْلَةٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تَخْشَوْنَ	تم ڈرتے ہو۔ (ایسا ڈر جس کا اثر اعضاء و جوارح پر بھی پڑے)	(خ ش ی) ناقص یائی	خَشِیَ یَخْشٰی (س) خَشْیَةٌ (فَعْلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَا تَخْضَعْنَ	تم نرمی مت کرو (گفتگو یا کلام میں ملائمت نہ ہو)	(خ ض ع) صحیح	خَضَعَ یَخْضَعُ (ف) خُضُوْعٌ (فُعُوْلٌ)	نفی مضارع جمع مؤنث حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَخُطُّ	تو لکھتا ہے (محض لمبائی کے رخ کچھ لکھ دینا)	(خ ط ط) مضاعف، ثلاثی	خَطَّ یَخُطُّ (ن) خَطٌّ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَخْطَفُ	وہ اچک لے جاتی ہے۔ (تیز رفتاری اور تیزی سے کوئی چیز اڑا لینا)	(خ ط ف) صحیح	خَطِفَ یَخْطَفُ (س) خَطْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
لَا تَخَفْ	تو مت ڈر (آنے والے خطرہ سے ڈرنا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَافَ یَخَافُ (س) خَوْفٌ (فَعْلٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تَخْفٰی	وہ چھپی رہے گی۔ (کوئی خیال یا چیز دل میں یا کسی جگہ میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	خَفِیَ یَخْفٰی (س) خَفَاءٌ (فَعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تُخْفُوْا	تم چھپاؤ، چھپ کر کرو۔ (کوئی خیال یا چیز دل میں یا کسی جگہ میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اَخْفٰی یُخْفِیْ اِخْفَآءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُخْفُوْنَ	تم چھپاتے ہو، چھپاؤ گے (کوئی خیال یا چیز دل میں یا کسی جگہ میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اَخْفٰی یُخْفِیْ اِخْفَآءٌ (اِفْعَالٌ) بر وزن تُفْعُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُخْفِیْ	وہ چھپاتی ہے یا تو چھپاتا ہے (کوئی خیال یا چیز دل میں یا کسی جگہ میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اَخْفٰی یُخْفِیْ اِخْفَآءٌ (اِفْعَالٌ) بر وزن تُفْعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
تَخْفِیْفٌ	ہلکا کرنا، آسانی کرنا، کمی کرنا۔ (بوجھ یا ذمہ داری میں تخفیف کر کے ہلکا کرنا)	(خ ف ف) مضاعف، ثلاثی	خَفَّفَ یُخَفِّفُ تَخْفِیْفٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَخَلَّتْ	وہ خالی ہوگئی	(خ ل و) ناقص واوی	تَخَلّٰی یَتَخَلّٰی تَخَلِّیٌ (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مؤنث غائب
تَخْلُدُوْنَ	تم ہمیشہ رہو گے۔ (طویل مدت تک بلاتغیر ایک ہی حالت میں رہنا)	(خ ل د) صحیح	خَلَدَ یَخْلُدُ (ن) خُلُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُخْلِفُ	تو خلاف کرتا ہے یا کرے گا	(خ ل ف) صحیح	اَخْلَفَ یُخْلِفُ اِخْلَافٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَخْلُقُ	تو بناتا ہے یا پیدا کرتا ہے۔ (ایسی چیز بنانا جس کا مواد پہلے موجود ہو)	(خ ل ق) صحیح	خَلَقَ یَخْلُقُ (ن) خَلْقٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَخْلُقُوْنَ	تم بناتے ہو یا گھڑ لیتے ہو۔ (ایسی چیز بنانا جس کا مواد پہلے موجود ہو)	(خ ل ق) صحیح	خَلَقَ یَخْلُقُ (ن) خَلْقٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
لَاتَخُوْنُوْا	تم خیانت مت کرو۔ (عہد کی غداری اور امانت میں خیانت کرنا)	(خ و ن) اجوف واوی	خَانَ یَخُوْنُ (ن) خِیَانَۃٌ (فِعَالَۃٌ)	فعل نہی واحد مذکر
تَخَوُّفٌ	ڈرانا، خوف دلانا (کسی کو پیش آمدہ خطرہ سے ڈرانا)	(خ و ف) اجوف واوی	تَخَوَّفَ یَتَخَوَّفُ تَخَوُّفٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم مصدر
تَخْوِیْفًا	ڈرانے کے لیے (کسی کو پیش آمدہ خطرہ سے ڈرانا)	(خ و ف) اجوف واوی	خَوَّفَ یُخَوِّفُ تَخْوِیْفٌ (تَفْعِیْلٌ)	اسم مصدر
تَخَیَّرُوْنَ	تم اختیار کرتے ہو یا کرو گے، پسند کرتے ہو۔ (کثیر اشیاء میں سے پسندیدہ چیز کو چن لینا)	(خ ی ر) اجوف یائی	تَخَیَّرَ یَتَخَیَّرُ تَخَیُّرٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن تَفَعَّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَدَارَكَ	اس نے پالیا، سنبھالا	(د ر ک) صحیح	تَدَارَکَ یَتَدَارَکُ تَدَارُکٌ (تَفَاعُلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تَدَايَنْتُمْ	تم باہم قرض لیتے دیتے ہو	(د ی ن) اجوف یائی	تَدَایَنَ یَتَدَایَنُ تَدَایُنٌ (تَفَاعُلٌ)	ماضی جمع مذکر حاضر
تَدَّخِرُوْنَ	تم جمع کرتے ہو، ذخیرہ کرتے ہو۔ (مستقبل کے لیے ضروری اشیاء کا جمع کرنا)	(ذ خ ر) صحیح	اِدَّخَرَ یَدَّخِرُ اِدِّخَارٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن تَفْتَعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر حاضر
تُدْخِلُ	تو داخل کرتا ہے یا کرے گا	(د خ ل) صحیح	اَدْخَلَ یُدْخِلُ اِدْخَالٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر حاضر
تَدْخُلُنَّ	تم ضرور داخل ہوگے	(د خ ل) صحیح	دَخَلَ یَدْخُلُ دُخُوْلٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع بانون تاکید جمع مذکر حاضر
تَدْخُلُوْا	تم داخل ہوتے ہو یا ہو جاؤ گے	(د خ ل) صحیح	دَخَلَ یَدْخُلُ دُخُوْلٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَدْرُسُوْنَ	تم پڑھتے ہو، تلاوت کرتے ہو۔ (مسلسل اور باقاعدہ پڑھنا)	(د ر س) صحیح	دَرَسَ یَدْرُسُ (ن) دَرْسٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تُدْرِكُ	وہ پالے، وہ پکڑ لے۔ (کسی چیز کی انتہا تک پہنچ کر اس کو پانا)	(د ر ک) صحیح	اَدْرَکَ یُدْرِکُ اِدْرَاکٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَدْرُوْنَ	تم جانتے ہو، تم کو معلوم ہے (کسی چیز کے متعلق جاننا، معلوم کرنا)	(د ر ی) ناقص یائی	دَرٰی یَدْرِیْ (ض) دِرَایَةٌ (فِعَالَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَدْرِیْ	وہ جانتی ہے، تو جانتا ہے (کسی چیز کے متعلق جاننا، معلوم کرنا)	(د ر ی) ناقص یائی	دَرٰی یَدْرِیْ (ض) دِرَایَۃٌ (فِعَالَۃٌ) بروزن تَفْعِلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
تَدْعُ	وہ پکارے، تو پکارے (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کو مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ) بروزن تَفْعُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
لَاتَدْعُ	تو مت پکار۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کو مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ)	فعل نہی واحد مذکر حاضر
تُدْعٰی	وہ بلائی جائے گی، پکاری جائے گی۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ) بروزن تُفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مؤنث غائب
تَدْعُوْا	وہ پکارتی ہے، تو پکارتا ہے (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ) بروزن تَفْعُلُ	مضارع واحد مؤنث غائب واحد مذکر حاضر
لَاتَدْعُوْا	تم مت پکارو۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ)	فعل نہی جمع مذکر حاضر
تُدْعَوْنَ	تم بلائے جاتے ہو یا بلائے جاؤ گے۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا یَدْعُوْ (ن) دَعْوَۃٌ (فَعْلَۃٌ) بروزن تُفْعَوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
تَدْعُوْنَ	تم پکارتے ہو۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	دَعَا يَدْعُوْ (ن) دَعْوَةٌ (فَعْلَةٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَدَّعُوْنَ	تم چاہتے ہو، منگواتے ہو۔ (بامعنی کلام کے ساتھ کسی کا مخاطب کرنا)	(د ع و) ناقص واوی	اِدَّعٰى يَدَّعِىْ اِدِّعَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر حاضر
تَدَلّٰى	وہ اتر آیا، لٹک آیا (سہولت اور نرمی سے نیچے لٹکنا)	(د ل و) ناقص واوی	تَدَلّٰى يَتَدَلّٰى تَدَلِّىْ (تَفَعُّلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
تُدْلُوْا	تم کھینچ لے جاؤ، تم پہنچاؤ۔ (جھگڑا دوسرے شخص تک پہنچانا اور قرابت، رشوت اور سفارش سے کام لینا)	(د ل و) ناقص واوی	اَدْلٰى يُدْلِىْ اِدْلَاءٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعُوْا	مضارع جمع مذکر حاضر
تُدَمِّرُ	وہ ہلاک کرتی ہے، اُکھاڑتی ہے۔ (اچانک ہلاک کر دینا، اکھاڑ مارنا)	(د م ر) صحیح	دَمَّرَ يُدَمِّرُ تَدْمِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تَدْمِيْرٌ	اُکھاڑنا، ہلاک کرنا (اچانک ہلاک کر دینا، اکھاڑ مارنا)	(د م ر) صحیح	دَمَّرَ يُدَمِّرُ تَدْمِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مصدر
تَدُوْرُ	وہ پھرتی ہے، گھومتی ہے (گولائی میں پھرنا)	(د و ر) اجوف واوی	دَارَ يَدُوْرُ (ن) دَوْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مؤنث غائب
تُدْهِنُ	تو ڈھیلا ہو، نرمی کر لے۔ (زبان پر نرمی، دل میں منافقت تاکہ مخاطب کو دھوکہ دیا جائے)	(د ہ ن) صحیح	اَدْهَنَ يُدْهِنُ اِدْهَانٌ (اِفْعَالٌ) بروزن تُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر حاضر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مَحْمُوْدٌ	تعریف کیا ہوا۔ (وہ شخص جس کی تعریف کی جائے یا کی گئی ہو) (مقام محمود کے دائیں جانب وہ جگہ جہاں آپ ﷺ کھڑے ہو کر شفاعت کریں گے)	(ح م د) صحیح	حَمِدَ يَحْمَدُ (س) حَمْدٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مَحَوْنَا	ہم نے مٹایا۔ (کسی چیز کو اس طرح مٹانا کہ اس کا نشان باقی نہ رہے)	(م ح و) ناقص واوی	مَحَا يَمْحُوْا (ن) مَحْوٌ (فَعْلٌ)	ماضی جمع متکلم
مُحْيِ	زندہ کرنے والا	(ح ی ی) لفیف مقرون	اَحْيٰى يُحْيِىْ اِحْيَاءٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مَحْيَا	جینا زندگی	(ح ی ی) لفیف مقرون	حَيِىَ يَحْيٰى (س) حَيٰوةٌ (فَعَلَةٌ)	مصدر میمی جمع مَحَايَا

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَحِيصٌ	بھاگنے کی جگہ، بچنے کی جگہ۔ (شدائد ومصائب سے حفاظت کی جگہ)	(ح ی ص) اجوف یائی	حَاصَ يَحِيصُ (ض) حَيْصٌ (فَعْلٌ)	ظرف مکان
مَحِيضٌ	حیض کا زمانہ حیض، مقام حیض	(ح ی ض) اجوف یائی	حَاضَ يَحِيضُ (ض) مَحِيضٌ (مَفْعِلٌ)	مصدر میمی ظرف زمان ومکان
مُحِيطٌ	گھیرنے والا۔ (کسی چیز کو اس طرح گھیرنا کہ اس کی حفاظت رہے)	(ح و ط) اجوف واوی	اَحَاطَ يُحِيطُ اِحَاطَةٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُحِيطَةٌ	گھیرنے والی۔ (کسی چیز کو اس طرح گھیرنا کہ اس کی حفاظت رہے)	(ح و ط) اجوف واوی	اَحَاطَ يُحِيطُ اِحَاطَةٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث
مَخَاضٌ	دردِزِہ ولادت کا درد	(م خ ض) صحیح	مَخَضَ يَمْخَضُ (ف) مَخَاضٌ (فَعَالٌ)	اسم مصدر
مُخْبِتِينَ	عاجزی کرنے والے۔ (حالت نصبی وجری) (خشوع وخضوع کے ساتھ عاجزی کرنے والے)	(خ ب ت) صحیح	اَخْبَتَ يُخْبِتُ اِخْبَاتٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُخْتَالٌ	اترانے والا، تکبر کرنے والا۔ (متکبرانہ چال چلنا اور دوسروں کو حقیر سمجھنا)	(خ ی ل) اجوف یائی	اِخْتَالَ يَخْتَالُ اِخْتِيَالٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُخْتَلِفٌ	علیحدہ علیحدہ، اختلاف کرنے والا۔ (اختلاف رائے کے ساتھ سامنے آنا)	(خ ل ف) صحیح	اِخْتَلَفَ يَخْتَلِفُ اِخْتِلَافٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُخْتَلِفُوْنَ	اختلاف کرنے والے (اختلاف رائے کے ساتھ سامنے آنا) (حالت رفعی)	(خ ل ف) صحیح	اِخْتَلَفَ یَخْتَلِفُ اِخْتِلَافٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُخْتَلِفِیْنَ	اختلاف کرنے والے (اختلاف رائے کے ساتھ سامنے آنا) (حالت نصبی وجری)	(خ ل ف) صحیح	اِخْتَلَفَ یَخْتَلِفُ اِخْتِلَافٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلِیْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَخْتُوْمٌ	مُہر کیا ہوا، مہر زدہ، مہر کرنے کا مسالا (کسی چیز کو سربمہر کردینا)	(خ ت م) صحیح	خَتَمَ یَخْتِمُ (ض) خِتَامٌ (فِعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَخْذُوْلٌ	بے بس، بے یارومددگار۔ (وہ شخص جسے مصیبت میں تنہا چھوڑ دیا جائے)	(خ ذ ل) صحیح	خَذَلَ یَخْذُلُ (ن) خَذْلٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَخْرَجٌ	نکلنے کی جگہ، نجات	(خ ر ج) صحیح	خَرَجَ یَخْرُجُ (ن) خُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ)	ظرف مکان
مُخْرَجٌ	نکالا ہوا، نکالنا (مصدری معنی میں بھی مستعمل ہے)	(خ ر ج) صحیح	اَخْرَجَ یُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُخْرَجُوْنَ	نکالے ہوئے، نکالے گئے (حالت رفعی)	(خ ر ج) صحیح	اَخْرَجَ یُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُخْرَجِیْنَ	نکالے ہوئے، نکالے گئے (حالت نصبی وجری)	(خ ر ج) صحیح	اَخْرَجَ یُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُخْرِجٌ	نکالنے والا ظاہر کرنے والا	(خ ر ج) صحیح	اَخْرَجَ يُخْرِجُ اِخْرَاجٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُخْزِیٌّ	رسوا کرنے والا (لوگوں کی نظروں میں گرا دینا)	(خ ز ی) ناقص یائی	اَخْزٰی يُخْزِی اِخْزَاءٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُخْسِرِيْنَ	کم کرنے والے (کسی کا حق دبا کر وزن میں کمی کرنا)	(خ س ر) صحیح	اَخْسَرَ يُخْسِرُ اِخْسَارٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُخْضَرَّةٌ	سرسبز و شاداب سبز سیاہی مائل	(خ ض ر) صحیح	اِخْضَرَّ يَخْضَرُّ اِخْضِرَارٌ (اِفْعِلَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث
مَخْضُوْدٌ	بے خار کانٹوں سے صاف کیا ہوا	(خ ض د) صحیح	خَضَدَ يَخْضِدُ (ض) خَضْدٌ (فَعْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُخَلَّدُوْنَ	سدا رہنے والے۔ (طویل مدت تک بلا تغیر ایک ہی حالت میں رہنا)	(خ ل د) صحیح	خَلَّدَ يُخَلِّدُ تَخْلِيْدٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُخْلَصًا	خالص کیا ہوا، چنا ہوا۔ (اللہ تعالیٰ کا مخلص بندے کو برگزیدہ کر لینا)	(خ ل ص) صحیح	اَخْلَصَ يُخْلِصُ اِخْلَاصٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُخْلِصًا	خالص کرتے ہوئے۔ (کسی چیز کو ملاوٹ سے اس طرح پاک کرنا کہ خالص باقی رہ جائے)	(خ ل ص) صحیح	اَخْلَصَ يُخْلِصُ اِخْلَاصٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلاً	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُخْلِصُوْنَ	خالص کرنے والے، خالص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے۔ (کسی چیز کو ملاوٹ سے اس طرح پاک کرنا کہ خالص باقی رہ جائے)	(خ ل ص) صحیح	اَخْلَصَ يُخْلِصُ اِخْلَاصٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُخْلِصِيْنَ	خالص کرنے والے، خالص اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرنے والے۔ (کسی چیز کو ملاوٹ سے اس طرح پاک کرنا کہ خالص باقی رہ جائے)	(خ ل ص) صحیح	اَخْلَصَ يُخْلِصُ اِخْلَاصٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُخْلَصِيْنَ	برگزیدہ، چنے ہوئے، مخصوص۔ (اللہ تعالیٰ کا مخلص بندے کو برگزیدہ کر لینا)	(خ ل ص) صحیح	اَخْلَصَ يُخْلِصُ اِخْلَاصٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُخْلِفُ	خلاف کرنے والا (وعدہ کے خلاف کرنے والا)	(خ ل ف) صحیح	اَخْلَفَ يُخْلِفُ اِخْلَافٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُخَلَّفُوْنَ	پیچھے رہنے والے۔ (سستی اور کوتاہی کی وجہ سے پیچھے رہ جانا)	(خ ل ف) صحیح	خَلَّفَ يُخَلِّفُ تَخْلِيْفٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُخَلَّقَةٌ	صورت بنائی ہوئی	(خ ل ق) صحیح	خَلَّقَ يُخَلِّقُ تَخْلِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مَخْمَصَةٌ	سخت بھوک۔ (ایسی سخت بھوک جس کی وجہ سے پیٹ میں گڑھا پڑ جائے)	(خ م ص) صحیح	خَمُصَ يَخْمُصُ (ک) خَمْصٌ (فَعْلٌ)	اسم مصدر میمی

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَدٌّ	کھینچنا، پھیلانا، ڈھیل دینا، مسلسل زیادتی۔ (کسی چیز کو لمبائی میں کھینچ کر پھیلانا اور لمبا کرنا) (کثیر المعانی)	(م د د) ثلاثی مضاعف	مَدَّ یَمُدُّ (ن) مَدٌّ (فَعْلٌ)	اسم مصدر
مَدَّ	اس نے کھینچا، پھیلایا۔ (کسی چیز کو لمبائی میں کھینچ کر پھیلانا اور لمبا کرنا) (کثیر المعانی)	(م د د) ثلاثی مضاعف	مَدَّ یَمُدُّ (ن) مَدٌّ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
مَدَآئِنُ	بستیاں شہر	(م د ن) صحیح	بروزن فَعَائِلُ	(جمع) واحد مَدِیْنَةٌ
مِدَادٌ	سیاہی روشنائی	(م د د) ثلاثی، مضاعف	ازفعل نَصَرَ بروزن فِعَالٌ	اسم جامد
مُدْبِرٌ	پیٹھ پھیرنے والا، پیچھے چلنے والا (پیٹھ پھیر کر چلے جانا)	(د ب ر) صحیح	اَدْبَرَ یُدْبِرُ اِدْبَارٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُدْبِرِیْنَ	پیٹھ پھیرنے والے۔ (حالت نصبی وجری) (پیٹھ پھیر کر چلے جانا)	(د ب ر) صحیح	اَدْبَرَ یُدْبِرُ اِدْبَارٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُدَبِّرَاتٌ	تدبیر کرنے والے۔ (فرشتے) (کسی کام کے انجام کو سامنے رکھ کر غور وفکر کرنا)	(د ب ر) صحیح	دَبَّرَ یُدَبِّرُ تَدْبِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ) بروزن مُفَعِّلَاتٌ	اسم فاعل جمع مؤنث
مُدَّةٌ	زمانہ، عرصہ مدت، وقت مقرر	(م د د) ثلاثی، مضاعف	بروزن فُعْلَةٌ	(واحد) جمع مُدَدٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُدَّتْ	وہ کھینچی گئی، پھیلائی گئی۔ (کسی چیز کو لمبائی میں کھینچ کر پھیلانا اور لمبا کرنا)	(م د د) ثلاثی، مضاعف	مَدَّ يَمُدُّ (ن) مَدٌّ (فَعْلٌ)	ماضی مجہول واحد مؤنث
مُدَّثِّرٌ	لحاف اوڑھنے والا۔ (گہری نیند لینے کی نیت سے کپڑا لپیٹنا)	(د ث ر) صحیح	تَدَثَّرَ يَتَدَثَّرُ تَدَثُّرٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُدْحَضِيْنَ	مغلوب، شکست کھائے ہوئے، ڈالے ہوئے۔ (قرعہ اندازی میں ہار جانے والے)	(د ح ض) صحیح	اَدْحَضَ يُدْحِضُ اِدْحَاضٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعَلِيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مَدْحُوْرٌ	دور کیا ہوا (کسی کو دھتکار کر نکال دینا)	(د ح ر) صحیح	دَحَرَ يَدْحَرُ (ن) دُحُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُدْخَلٌ	مکان داخل کرنے کی جگہ	(د خ ل) صحیح	اَدْخَلَ يُدْخِلُ اِدْخَالٌ (اِفْعَالٌ)	مصدر میمی
مُدَّخَلٌ	سر کھسانے کی جگہ	(د خ ل) صحیح	اِدَّخَلَ يَدَّخِلُ اِدِّخَالٌ (اِفْتِعَالٌ)	ظرف مکان
مَدَدٌ	مدد، یاری روشنائی کی افزونی	(م د د) ثلاثی، مضاعف	بروزن فَعَلٌ	اسم (فک ادغام)
مَدَدْنَا	ہم نے کھینچا، پھیلایا۔ (کسی چیز کو لمبائی میں کھینچ کر پھیلانا اور لمبا کرنا)	(م د د) ثلاثی، مضاعف	مَدَّ يَمُدُّ (ن) مَدٌّ (فَعْلٌ)	ماضی جمع متکلم
مِدْرَارٌ	مینہ برسانے والی بدلی۔ (ایسی بارش جس سے پانی کی فراوانی ہو جائے)	(د ر ر) ثلاثی، مضاعف	دَرَّ يَدُرُّ (ن) دَرٌّ (فَعْلٌ)	اسم مبالغہ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُدْرَكُوْنَ	پکڑے ہوئے، پائے ہوئے۔ (کسی چیز کی انتہا تک پہنچ کر اس کو پانا)	(د ر ک) صحیح	اَدْرَکَ یُدْرِکُ اِدْرَاکٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُدَّكِرٌ	عبرت لینے والا۔ (کسی معاملہ کو زیر غور لانا پھر اس سے نصیحت حاصل کرنا)	(ذ ک ر) صحیح	اِدَّکَرَ یَدَّکِرُ اِدِّکَارٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُدْهَآمَّتَانِ	دو گہرے سبز (باغ)۔ (اتنے گہرے سبز کہ سیاہی مائل نظر آئیں)	(د ہ م) صحیح	اِدْهَامَّ یَدْهَامُّ اِدْهِيْمَامٌ (اِفْعِيْلَالٌ)	اسم فاعل یا اسم مفعول تثنیہ مؤنث
مُدْهِنُوْنَ	(دین میں) سستی کرنے والا (از راہِ تصنع بخلافِ باطن چاپلوسی سے مخاطب کو دھوکا دینا)	(د ہ ن) صحیح	اَدْهَنَ یُدْهِنُ اِدْهَانٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَدْيَنُ	حضرت شعیب علیہ السلام کی بستی کا نام ہے۔	مدین	....	اسم علم
مَدِيْنَةٌ	شہر، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کا نام ہے۔ قدیم نام یثرب تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد اس کا نام مدینہ رکھا۔ وہیں انتقال فرمایا اور وہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا روضہ مبارک ہے)	(م د ن) صحیح	بروزن فَعِيْلَةٌ	(واحد) جمع مُدُنٌ مَدَائِنُ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَدِيْنُوْنَ	بدلہ دیئے ہوئے، محکوم۔ (حالت رفعی) قانون کے مطابق اچھے اور برے اعمال کا بدلہ دینا)	(د ی ن) اجوف یائی	دَانَ يَدِيْنُ (ض) دِيْنٌ (فِعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلُوْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مَدِيْنِيْنَ	بدلہ دیئے ہوئے، محکوم (حالت نصبی وجری) (قانون کے مطابق اچھے اور برے اعمال کا بدلہ دینا)	(د ی ن) اجوف یائی	دَانَ يَدِيْنُ (ض) دِيْنٌ (فِعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلِيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مَذْءُوْمٌ	مذمت کیا ہوا (کسی عیب کی بنا پر رسوائی کرنا)	(ذ أ م) مہموز العین	ذَأَمَ يَذْءَمُ (ف) ذَأْمٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُذَبْذَبِيْنَ	شک وشبہ میں پڑے ہوئے (ایسا تردّد جس میں اضطراب بھی شامل ہو)	(ذ ب ذ ب) رباعی مجرد مضاعف	ذَبْذَبَ يُذَبْذِبُ ذَبْذَبَةٌ (فَعْلَلَةٌ) بروزن مُفَعْلَلِيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مُذْعِنِيْنَ	یقین کرنے والے، فرمانبردار۔ (عاجز بن کر یا اپنے مفاد کی خاطر اطاعت کرنا) (حالت نصبی وجری)	(ذ ع ن) صحیح	اَذْعَنَ يُذْعِنُ اِذْعَانٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُذَّكِّرٌ	نصیحت کرنے والا	(ذ ک ر) صحیح	ذَكَّرَ يُذَكِّرُ تَذْكِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مَذْكُوْرٌ	ذکر کیا ہوا	(ذ ک ر) صحیح	ذَكَرَ يَذْكُرُ (ن) ذِكْرٌ (فِعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَذْمُوْمٌ	مذمت کیا ہوا (کسی عیب کی بنا پر رسوا کرنا)	(ذ م م) ثلاثی، مضاعف	ذَمَّ يَذُمُّ (ن) ذَمٌّ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَرَّ	وہ گزرا	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	مَرَّ يَمُرُّ (ن) مُرُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
مَرْءٌ	مرد، آدمی، انسان	(م ر ء) مہموز اللام	بروزن فَعْلٌ	(واحد) جمع رِجَالٌ غیر لفظی
مِرَآءٌ	شک کرنا، جھگڑا کرنا (ایسی بات میں جھگڑا کرنا جس کو تسلیم کرنے میں تردّد ہو)	(م ر ی) ناقص یائی	مَارٰى يُمَارِىْ مِرَآءٌ (فِعَالٌ)	اسم مصدر باب مفاعلہ
مَرَّاتٌ	کئی بار چند بار، بہت دفعہ	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	بروزن فَعْلَاتٌ	(جمع) واحد مَرَّةٌ
مَرَاضِعُ	دائیاں چھاتیاں	(ر ض ع) صحیح	بروزن مَفَاعِلُ	(جمع) واحد مُرْضِعَةٌ
مُرَاغَمٌ	بھاگنے کی جگہ (قلعہ، جائے پناہ)	(ر غ م) صحیح	رَاغَمَ يُرَاغِمُ مُرَاغَمَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	ظرف مکان بروزن مُفَاعَلٌ
مَرَافِقُ	کہنیاں	(ر ف ق) صحیح	بروزن مَفَاعِلُ	(جمع) واحد مِرْفَقٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مِرَّةٌ	عقل، زور، پتا، بزرگی، خوش منظری (کثیر المعانی)	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	بروزن فِعْلَةٌ	(واحد) جمع مِرَرٌ، جج اَمْرَارٌ
مَرَّةٌ	ایک بار (کسی کام کا ایک بار کرنا)	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	بروزن فَعْلَةٌ	(واحد) جمع مَرَّاتٌ
مَرَّتْ	وہ گزری	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	مَرَّ يَمُرُّ (ن) مُرُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	ماضی واحد مؤنث غائب
مُرْتَابٌ	شک کرنے والے۔ (ایسا شک جس میں اضطراب بھی شامل ہو)	(ر ی ب) اجوف یائی	اِرْتَابَ يَرْتَابُ اِرْتِيَابٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مَرَّتَانِ	دوبار (کسی کام کو دوبار کرنا)	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	بروزن فَعْلَتَانِ	مَرَّةٌ کا تثنیہ
مُرْتَفَقٌ	آرام گاہ، تکیہ گاہ۔ (آرام وسکون کے لیے کہنی بچھا کر اوپر سر رکھنا)	(ر ف ق) صحیح	اِرْتَفَقَ يَرْتَفِقُ اِرْتِفَاقٌ (اِفْتِعَالٌ)	ظرف مکان
مُرْتَقِبُوْنَ	انتظار کرنے والے۔ (ایسا انتظار جس میں انسان چوکس وچوکنا رہے)	(ر ق ب) صحیح	اِرْتَقَبَ يَرْتَقِبُ اِرْتِقَابٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مَرَّتَيْنِ	دوبار۔ (حالت نصبی وجری) (کسی کام کو دوبار کرنا)	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	بروزن فَعْلَتَيْنِ	مَرَّةٌ کا تثنیہ
مَرَجَ	اس نے ملا کر چلایا، چھوڑا۔ (دو ہم جنس چیزوں کا اس طرح ملانا کہ ان کی انفرادی حیثیت برقرار رہے)	(م ر ج) صحیح	مَرَجَ يَمْرُجُ (ن) مَرْجٌ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَرْجَانٌ	مونگا، چھوٹا مونگا چھوٹے موتی	مرجان	بروزن فَعْلَانٌ	(اسم جمع) واحد اَلْمَرْجَانَةُ
مَرْجِعٌ	لوٹنے کی جگہ، لوٹنا (کسی چیز کا اپنے مبدا کی طرف لوٹنا)	(ر ج ع) صحیح	رَجَعَ يَرْجِعُ (ض) مَرْجِعٌ (مَفْعِلٌ)	اسم مصدر
مُرْجِفُوْنَ	غلط خبریں اُڑانے والے (کسی ایسی بات کا پھیلانا جس سے اضطراب پیدا ہو)	(ر ج ف) صحیح	اَرْجَفَ يُرْجِفُ اِرْجَافٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَرْجُوًّا	امید کیا ہوا۔ (ایسی امید جس کے وقوع پذیر ہونے کا ظن غالب ہو)	(ر ج و) ناقص واوی	رَجَا يَرْجُوْ (ن) رَجَاءٌ (فَعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَرْجُوْمِيْنَ	سنگسار کیے ہوئے (دور سے پتھر کنکر پھینک کر مار ڈالنا)	(ر ج م) صحیح	رَجَمَ يَرْجُمُ (ن) رَجْمٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُرْجَوْنَ	مہلت دیئے جانے والے (پرامید ہونے کی وجہ سے دیر کرنا)	(ر ج و) ناقص واوی	اَرْجٰى يُرْجِيْ اِرْجَاءٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مَرَحًا	اتراتے ہوئے، اکڑتے ہوئے۔ (ناز و ادا سے اکڑ اکڑ کر چلنا، شدّتِ فرحت)	(م ر ح) صحیح	مَرِحَ يَمْرَحُ (س) مَرَحٌ (فَعَلٌ)	اسم فعل
مَرْحَبٌ	کشادہ جگہ، آرام پانا۔ (صرف جگہ کی فراخی کے لیے مستعمل ہے)	(ر ح ب) صحیح	رَحِبَ يَرْحَبُ (س) رَحْبٌ (فَعْلٌ)	مصدر میمی اور اسم ظرف بروزن مَفْعَلٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَرْحَمَةٌ	مہربانی کرنا، نرمی کرنا (ایسا رحم جس میں رقت، لطف اور رافت پائی جائے)	(ر ح م) صحیح	رَحِمَ يَرْحَمُ (س) رَحْمَةٌ (فَعْلَةٌ) بروزن مَفْعَلَةٌ	مصدر میمی
مَرَدٌّ	لوٹ جانا، انجام۔ (نا قابل قبول ہونے کی وجہ سے لوٹانا، قبول نہ کرنا)	(ر د د) ثلاثی، مضاعف	رَدَّ يَرُدُّ (ن) رَدٌّ (فَعْلٌ)	مصدر میمی بروزن مَفْعَلٌ
مُرْدِفِيْنَ	لگاتار آنے والے۔ (حالت نصبی وجری) (کسی چیز کے پیچھے اسی طرح کی دوسری چیز کا لگاتار آنا)	(ر د ف) صحیح	اَرْدَفَ يُرْدِفُ اِرْدَافٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَرَدُوْا	انہوں نے سرکشی کی، وہ اڑے رہے۔ (سرکش ہونا پھر اس میں آگے نکل جانا، اڑ جانا)	(م ر د) صحیح	مَرَدَ يَمْرُدُ (ن) مَرْدٌ (فَعْلٌ) بروزن فَعَلُوْا	ماضی جمع مذکر غائب
مَرْدُوْدٌ	رد کیا ہوا، پھیرا ہوا۔ (نا قابل قبول ہونے کی وجہ سے لوٹانا، قبول نہ کرنا)	(ر د د) ثلاثی، مضاعف	رَدَّ يَرُدُّ (ن) رَدٌّ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَرْدُوْدُوْنَ	لوٹائے ہوئے، پھیرے ہوئے۔ (نا قابل قبول ہونے کی وجہ سے لوٹانا، قبول نہ کرنا)	(ر د د) ثلاثی، مضاعف	رَدَّ يَرُدُّ (ن) رَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلُوْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مُرْسٰى	ٹھہرنا، ٹھہراؤ۔ (کسی چیز کو زمین میں اس طرح گاڑنا کہ اس کا زیادہ حصہ اندر ہو اور تھوڑا باہر ہو)	(ر س و) ناقص واوی	اَرْسٰى يُرْسِىْ اِرْسَاءٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعَلٌ	مصدر میمی

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُرْسِلٌ	بھیجنے والا (پیغام دے کر بھیجنا)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُرْسِلِيْنَ	بھیجنے والے۔(پیغام دے کر بھیجنا) (حالت نصبی وجری)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُرْسَلٌ	بھیجا ہوا (پیغام دے کر بھیجنا)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُرْسَلَاتٌ	بھیجی ہوئیں (اس سے مراد ہوائیں یا فرشتے ہیں)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مؤنث
مُرْسِلَةٌ	بھیجنے والی (پیغام دے کی بھیجنا)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث
مُرْسِلُوْ	بھیجنے والے	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُرْسَلُوْنَ	بھیجے ہوئے۔(حالت رفعی) (پیغام دے کر بھیجنا)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُرْسَلِيْنَ	بھیجے ہوئے۔(حالت نصبی وجری) (پیغام دے کر بھیجنا)	(ر س ل) صحیح	اَرْسَلَ یُرْسِلُ اِرْسَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُرْشِدٌ	رہبر راہ دکھانے والا	(ر ش د) صحیح	اَرْشَدَ یُرْشِدُ اِرْشَادٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مِرْصَادٌ	گھات، گھات لگانے کی جگہ۔ (گھات میں بیٹھا ہوا چوکیدار کہ کب شکار آئے اور ہاتھوں ہاتھ لے)	(ر ص د) صحیح	رَصَدَ يَرْصُدُ (ن) رَصْدٌ (فَعْلٌ) بروزن مِفْعَالٌ	ظرف مکان جمع مَرَاصِيْدُ
مَرْصَدٌ	گھات کی جگہ، انتظار کی جگہ۔ (گھات میں بیٹھا ہوا چوکیدار کہ کب شکار آئے اور ہاتھوں ہاتھ لے)	(ر ص د) صحیح	رَصَدَ يَرْصُدُ (ن) رَصْدٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعَلٌ	ظرف مکان جمع مَرَاصِدُ
مَرْصُوْصٌ	مضبوط سیسہ پلائی ہوئی (سیسہ پلا کر کسی چیز کو مضبوط کرنا)	(ر ص ص) ثلاثی، مضاعف	رَصَّ يَرُصُّ (ن) رَصٌّ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَرَضٌ	بیماری، روگ، بیمار ہونا (ہر طرح کی بیماری کے لیے مستعمل)	(م ر ض) صحیح	مَرِضَ يَمْرَضُ (س) مَرَضٌ (فَعَلٌ)	اسم مصدر جمع اَمْرَاضٌ
مَرْضٰى	بیمار لوگ۔ (جسمانی، قلبی، معمولی، یا سخت ہر طرح کے بیمار لوگ)	(م ر ض) صحیح	بروزن فَعْلٰى	(جمع) واحد مَرِيْضٌ
مَرْضَاتٌ	رضامندی خوشنودی	(ر ض ی) ناقص یائی	رَضِيَ يَرْضٰى (س) مَرْضَاةٌ (مَفْعَلَةٌ)	مصدر میمی بروزن مَفْعَلَةٌ
مَرِضْتُ	میں بیمار ہوا	(م ر ض) صحیح	مَرِضَ يَمْرَضُ (س) مَرَضٌ (فَعَلٌ)	ماضی واحد متکلم
مُرْضِعَةٌ	دودھ پلانے والی	(ر ض ع) صحیح	اَرْضَعَ يُرْضِعُ اِرْضَاعٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
اسم مفعول واحد مذکر	رَضِیَ یَرْضٰی (س) رِضًی (فِعَلٌ)	(ر ض ی) ناقص یائی	پسندیدہ (مذکر)	مَرْضِیٌّ
اسم مفعول واحد مؤنث	رَضِیَ یَرْضٰی (س) رِضًی (فِعَلٌ)	(ر ض ی) ناقص یائی	پسندیدہ (مؤنث)	مَرْضِیَّةٌ
مصدر، ظرف مکان (واحد) جمع مَرَاعٍ	رَعٰی یَرْعٰی (ف) مَرْعًی (مَفْعَلٌ)	(ر ع ی) ناقص یائی	چراگاہ چارہ، تازہ گھاس	مَرْعٰی
مصدر میمی بروزن مِفْعَلٌ	رَفَقَ یَرْفُقُ (ن) رَفْقٌ (فَعْلٌ)	(ر ف ق) صحیح	تکیہ گاہ، نفع بخش کام، آسانی وسہولت۔ (ہر وہ چیز جس کے ذریعے آرام حاصل ہو)	مِرْفَقًا
اسم مفعول واحد مذکر	رَفَدَ یَرْفِدُ (ض) رِفْدٌ (فِعْلٌ)	(ر ف د) صحیح	انعام میں دیا ہوا۔ (کسی مفلس کو بطورِ امداد وظیفہ وغیرہ دینا)	مَرْفُوْدٌ
اسم مفعول واحد مذکر	رَفَعَ یَرْفَعُ (ف) رَفْعٌ (فَعْلٌ)	(ر ف ع) صحیح	اونچا اُٹھایا ہوا۔ (کسی چیز کو زمین سے بلند کرنا، اونچا کرنا)	مَرْفُوْعٌ
اسم مفعول واحد مؤنث	رَفَعَ یَرْفَعُ (ف) رَفْعٌ (فَعْلٌ)	(ر ف ع) صحیح	اونچی بچھی ہوئی، اُٹھائی ہوئی۔ (کسی چیز کو زمین سے بلند کرنا، اونچا کرنا)	مَرْفُوْعَةٌ
ظرف مکان بروزن مَفْعَلٌ	رَقَدَ یَرْقُدُ (ن) رُقُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	(ر ق د) صحیح	خواب گاہ قبر، مدفن	مَرْقَدٌ
اسم مفعول واحد مذکر	رَقَمَ یَرْقُمُ (ن) رَقْمٌ (فَعْلٌ)	(ر ق م) صحیح	لکھا ہوا، درج کیا ہوا (ایسے لکھنا کہ تحریر واضح اور موٹی ہو)	مَرْقُوْمٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَرْكُوْمٌ	تہہ بہ تہہ، گاڑھا۔ (بغیر کسی نظم وترتیب کے کسی چیز کا اوپر نیچے یا آگے پیچھے ڈھیر لگا دینا)	(ر ک م) صحیح	رَكَمَ يَرْكُمُ (ن) رَكْمٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مَرُّوْا	وہ گزرے	(م ر ر) ثلاثی، مضاعف	مَرَّ يَمُرُّ (ن) مُرُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	ماضی جمع مذکر غائب
اَلْمَرْوَةُ	مکہ میں ایک پہاڑی کا نام، کوہ صفا اور اس کے درمیان سعی ہوتی ہے۔	(م ر و) ناقص واوی	بروزن فَعْلَةٌ	اسم علم
مَرِيْءٌ	خوشگوار، جلد ہضم ہونے والا۔ (کسی چیز کا بسہولت معدہ تک پہنچ جانا)	(م ر أ) مہموز اللام	مَرَأَ يَمْرَأُ (ف) مَرَاءَةٌ (فَعَالَةٌ)	صفت مشبہ بروزن فَعِيْلٌ
مُرِيْبٌ	شک میں ڈالنے والا، قلق میں ڈالنے والا۔ (ایسا شک جس میں اضطراب پایا جائے)	(ر ی ب) اجوف یائی	اَرَابَ يُرِيْبُ اِرَابَةٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مِرْيَةٌ	شک، شبہ، دھوکا۔ (جس امر میں شک ہو اس میں جھگڑا کرنا)	(م ر ی) ناقص یائی	مَرٰى يَمْرِىْ (ض) مِرْيَةٌ (فِعْلَةٌ)	اسم مصدر
مَرِيْجٌ	الجھا ہوا کام، دھوکا	(م ر ج) صحیح	مَرَجَ يَمْرُجُ (ن) مَرْجٌ (فَعْلٌ)	صفت مشبہ بروزن فَعِيْلٌ
مَرِيْدٌ	سرکش، اللہ تعالیٰ کا نافرمان، ہر خیر سے خالی۔ (سرکش ہونا پھر اس میں آگے نکل جانا، اڑ جانا)	(م ر د) صحیح	مَرَدَ يَمْرُدُ (ن) مَرْدٌ (فَعْلٌ) بروزن فَعِيْلٌ	صفت مشبہ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَرِيْضٌ	بیمار	(م ر ض) صحیح	مَرِضَ يَمْرَضُ (س) مَرَضٌ (فَعَلٌ)	صفت مشبہ (واحد) جمع مَرْضٰى
مَرْيَمُ	عمران کی بیٹی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ مریم علیہا السلام کی والدہ کا نام حنہ تھا۔ سریانی زبان میں معنی ہے خدمت گزار۔	مریم (ر ی م) اجوف یائی اسم ثلاثی مزید فیہ	.... بروزن مَفْعَلُ	اسم علم
مِزَاجٌ	ملونی جو شراب میں ملائیں (کسی مشروب میں کوئی چیز ملانا)	(م ز ج) صحیح	مَزَجَ يَمْزُجُ (ن) مِزَاجٌ (فِعَالٌ)	اسم مصدر
مُزْجَاةٌ	تھوڑی، ناقص، بے اعتبار (ایسی ردّی چیز جسے کوئی قبول کرنے پر تیار نہ ہو)	(ز ج و) ناقص واوی	اَزْجٰى يُزْجِيْ اِزْجَاءٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعَلَةٌ	اسم مفعول واحد مؤنث
مُزَحْزِحٌ	دور کرنے والا۔ سرکانے والا (کسی کو کسی مقام سے دور کر کے تکلیف سے بچانا)	(ز ح ز ح) مضاعف رباعی	زَحْزَحَ يُزَحْزِحُ زَحْزَحَةٌ (فَعْلَلَةٌ) بروزن مُفَعْلِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُزْدَجَرٌ	ڈانٹ، جھڑکنا (کسی کو جھڑک کر نکال دینا)	(ز ج ر) صحیح	اِزْدَجَرَ يَزْدَجِرُ اِزْدِجَارٌ (اِفْتِعَالٌ)	مصدر میمی ظرف مکان
مُزِّقْتُمْ	تم ٹکڑے ٹکڑے کیے گئے (ٹکڑے ٹکڑے کر کے تباہ کر دینا)	(م ز ق) صحیح	مَزَّقَ يُمَزِّقُ تَمْزِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	ماضی مجہول جمع مذکر حاضر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَزَّقْنَا	ہم نے پھاڑا، ٹکڑے ٹکڑے کردیا (ٹکڑے ٹکڑے کر کے تباہ کردینا)	(م ز ق) صحیح	مَزَّقَ يُمَزِّقُ تَمْزِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	ماضی معروف جمع متکلم
اَلْمُزَّمِّلُ	کپڑا اوڑھ کر لیٹنے والا (کسی ڈر، کمزوری یا بددلی کی وجہ سے کپڑا اوڑھنا)	(ز م ل) صحیح بروزن مُتَفَعِّلٌ	تَزَمَّلَ يَتَزَمَّلُ تَزَمُّلٌ (تَفَعُّلٌ) اِزَّمَّلَ يَزَّمَّلُ اِزَّمُّلٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُزْنٌ	سفید چمکدار بادل مینہ، پانی سے بھرا ہوا بادل	(م ز ن) صحیح	بروزن فُعْلٌ	(جمع) واحد مُزْنَةٌ
مَزِيْدٌ	زیادہ، بہت (کسی چیز کے پورا ہونے کے بعد مقدار اور صفات میں اضافہ کرنا)	(ز ی د) اجوف یائی	زَادَ يَزِيْدُ (ض) مَزِيْدٌ (مَفْعِلٌ)	اسم مصدر اسم مفعول
مَسٌّ	چھونا، لگنا، دیوانہ ہونا جن کی جھپٹ	(م س س) ثلاثی، مضاعف	مَسَّ يَمَسُّ (س) مَسٌّ (فَعْلٌ)	اسم مصدر
مَسَّ	اس نے چھوا، وہ لگا۔ (جسم کے کسی حصے کے ساتھ کسی چیز کا لگنا)	(م س س) ثلاثی، مضاعف	مَسَّ يَمَسُّ (س) مَسٌّ (فَعْلٌ)	ماضی واحد مذکر غائب
مِسَاسٌ	چھونا، ہاتھ لگانا۔ (جسم کے کسی حصے کے ساتھ کسی چیز کا لگنا)	(م س س) مضاعف ثلاثی	مَاسَّ يُمَاسُّ مِسَاسٌ (فِعَالٌ)	مصدر از باب مفاعلہ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَسَاجِدُ	مسجدیں	(س ج د) صحیح	سَجَدَ يَسْجُدُ (ن) سُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	(جمع) واحد مَسْجِدٌ ظرف مکان
مُسَافِحَاتٌ	بدکاری کرنے والیاں۔ (بدکاری کے تعلقات علانیہ استوار رکھنا)	(س ف ح) صحیح	سَافَحَ يُسَافِحُ مُسَافَحَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	اسم فاعل جمع مؤنث
مُسَافِحِيْنَ	زنا کرنے والے (بدکاری کے تعلقات علانیہ استوار رکھنا) (حالت نصبی وجری)	(س ف ح) صحیح	سَافَحَ يُسَافِحُ مُسَافَحَةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بروزن مُفَاعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَسَاقُ	چلنا، کھینچ کر لے جانا (پیچھے سے چلانا)	(س و ق) اجوف واوی	سَاقَ يَسُوْقُ (ن) سِيَاقَةٌ (فِعَالَةٌ)	مصدر میمی
مَسَاكِنُ	گھر، مجلسیں۔ (وہ جگہ جہاں انسان رہائش اختیار کرلے)	(س ک ن) صحیح	سَكَنَ يَسْكُنُ (ن) سُكُوْنٌ (فُعُوْلٌ)	(جمع) واحد مَسْكَنٌ ظرف مکان
مَسَاكِيْنُ	محتاج لوگ، مسکین لوگ۔ (وہ شخص ہے جس کے پاس ضروریات زندگی نہ ہونے کے برابر ہوں)	(س ک ن) صحیح	بروزن مَفَاعِيْلُ	(جمع) واحد مِسْكِيْنٌ
مَسْئُوْلٌ	جوابدہ جس سے سوال کیا جائے	(س أ ل) مہموز العین	سَأَلَ يَسْأَلُ (ف) سُؤَالٌ (فُعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْئُوْلُوْنَ	پوچھے جانے والے جوابدہ لوگ	(س أ ل) مہموز العین	سَأَلَ يَسْأَلُ (ف) سُؤَالٌ (فُعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
اسم فاعل جمع مذکر	سَبَّحَ يُسَبِّحُ تَسْبِيْحٌ (تَفْعِيْلٌ)	(س ب ح) صحیح	تسبیح پڑھنے والے (حالت رفعی)	مُسَبِّحُوْنَ
اسم فاعل جمع مذکر	سَبَّحَ يُسَبِّحُ تَسْبِيْحٌ (تَفْعِيْلٌ)	(س ب ح) صحیح	تسبیح پڑھنے والے (حالت نصبی وجری)	مُسَبِّحِيْنَ
اسم مفعول جمع مذکر	سَبَقَ يَسْبِقُ (ض) سَبْقٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلِيْنَ	(س ب ق) صحیح	پیچھے چھوڑے گئے، عاجز (پیچھے چھوڑنا تاکہ دوسرے آگے بڑھ جائیں)	مَسْبُوْقِيْنَ
ماضی واحد مؤنث غائب	مَسَّ يَمَسُّ (س) مَسٌّ (فَعْلٌ)	(م س س) ثلاثی، مضاعف	اس نے چھوا۔ (جسم کے کسی حصے کے ساتھ کسی چیز کا لگنا)	مَسَّتْ
اسم فاعل جمع مذکر	اِسْتَاخَرَ يَسْتَاخِرُ اِسْتِيْخَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	(ا خ ر) مہموز الفاء	پیچھے رہنے والے (اپنے اختیار وارادہ سے پیچھے رہنا)	مُسْتَأْخِرِيْنَ
اسم فاعل جمع مذکر	اِسْتَانَسَ يَسْتَانِسُ اِسْتِيْنَاسٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلِيْنَ	(ا ن س) مہموز الفاء	اُنس پکڑنے والے، جی لگانے والے۔ (اپنے کسی قول وفعل سے دوسروں کو متعارف کرانا)	مُسْتَأْنِسِيْنَ
اسم فاعل واحد مؤنث	اِسْتَبْشَرَ يَسْتَبْشِرُ اِسْتِبْشَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	(ب ش ر) صحیح	خوش ہونے والے (اچھی خبر یا اچھی چیز ملنے پر خوش ہونا)	مُسْتَبْشِرَةٌ
اسم فاعل جمع مذکر	اِسْتَبْصَرَ يَسْتَبْصِرُ اِسْتِبْصَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	(ب ص ر) صحیح	ہوشیار بصارت رکھنے والے	مُسْتَبْصِرِيْنَ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْتَبِيْنَ	روشن، ظاہر۔ (کسی چیز کا دوسری سے الگ ہو کر ظاہر اور واضح ہونا)	(ب ی ن) اجوف یائی	اِسْتَبَانَ يَسْتَبِيْنُ اِسْتِبَانَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَخْفٍ	چھپنے والا۔ (کسی بات یا کسی چیز کا دوسروں سے پوشیدہ ہونا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اِسْتَخْفٰى يَسْتَخْفِيْ اِسْتِخْفَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَخْلَفِيْنَ	جانشین ہونے والے۔ (ایسی حکومت یا جانشینی جو احکام شرعیہ کو رائج کریں)	(خ ل ف) صحیح	اِسْتَخْلَفَ يَسْتَخْلِفُ اِسْتِخْلَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُسْتَسْلِمُوْنَ	سپرد کرنے والے (کسی تکلیف سے بچنے کے لیے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا)	(س ل م) صحیح	اِسْتَسْلَمَ يَسْتَسْلِمُ اِسْتِسْلَامٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بر وزن مُسْتَفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَضْعَفُوْنَ	کمزور و ناتواں لوگ۔ (حالت رفعی) (کمزور کرنا، کمزور بنانا، کمزور رکھنا)	(ض ع ف) صحیح	اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ اِسْتِضْعَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُسْتَضْعَفِيْنَ	کمزور و ناتواں لوگ۔ (حالت نصبی) (کمزور کرنا، کمزور بنانا، کمزور رکھنا)	(ض ع ف) صحیح	اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ اِسْتِضْعَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُسْتَطَرٌ	لکھا ہوا (سطر بندی کر کے لکھنا)	(س ط ر) صحیح	اِسْتَطَرَ يَسْتَطِرُ اِسْتِطَارٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُسْتَطِيْرٌ	پھیلنے والا منتشر ہونے والا	(ط ی ر) اجوف یائی	اِسْتَطَارَ يَسْتَطِيْرُ اِسْتِطَارَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُسْتَعَانٌ	وہ جس سے مدد چاہی جائے	(ع و ن) اجوف واوی	اِسْتَعَانَ يَسْتَعِيْنُ اِسْتِعَانَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْتَغْفِرِيْنَ	مغفرت چاہنے والے (حالت نصبی)	(غ ف ر) صحیح	اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ اِسْتِغْفَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَقْبِلٌ	سامنے آنے والا، آگے ہونے والا (سامنے آنا اور آگے بڑھنا)	(ق ب ل) صحیح	اِسْتَقْبَلَ يَسْتَقْبِلُ اِسْتِقْبَالٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَقْدِمِيْنَ	آگے ہونے والے۔ (حالت نصبی) (آگے بڑھنے کا ارادہ رکھنا)	(ق د م) صحیح	اِسْتَقْدَمَ يَسْتَقْدِمُ اِسْتِقْدَامٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَقِرٌّ	ٹھہرنے والا (کچھ مدت کے لیے ٹھہرے رہنا)	(ق ر ر) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَقَرَّ يَسْتَقِرُّ اِسْتِقْرَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَقَرٌّ	ٹھہرنے کی جگہ (کسی چیز کا کسی جگہ قرار پکڑنا)	(ق ر ر) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَقَرَّ يَسْتَقِرُّ اِسْتِقْرَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	ظرف مکان
مُسْتَقِيْمٌ	سیدھا، درست۔ (وہ چیز جو سیدھی بھی ہو اور متوازن و معتدل بھی ہو)	(ق و م) اجوف واوی	اِسْتَقَامَ يَسْتَقِيْمُ اِسْتِقَامَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَكْبِرٌ	غرور کرنے والا، متکبر (گھمنڈ کا آخری درجہ، حق بات کو رد کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا)	(ک ب ر) صحیح	اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ اِسْتِكْبَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَكْبِرُوْنَ	غرور کرنے والے۔ (حالت رفعی) (گھمنڈ کا آخری درجہ، حق بات کو رد کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا)	(ک ب ر) صحیح	اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ اِسْتِكْبَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْتَكْبِرِيْنَ	غرور کرنے والے۔ (حالت نصبی) (گھمنڈ کا آخری درجہ، حق بات کو رد کرنا اور لوگوں کو حقیر جاننا)	(ک ب ر) صحیح	اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ اِسْتِكْبَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَمِرٌّ	ہمیشہ، مضبوط، جاری، چلا آنے والا (شروع سے اب تک کسی حالت یا طریقہ کا بدستور رہنا)	(م ر ر) ثلاثی مضاعف	اِسْتَمَرَّ يَسْتَمِرُّ اِسْتِمْرَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَمْسِكُوْنَ	مضبوط پکڑنے والے، چنگل مارنے والے۔ (جو چیز پاس ہے اسے مضبوطی سے تھامے رکھنا)	(م س ک) صحیح	اِسْتَمْسَكَ يَسْتَمْسِكُ اِسْتِمْسَاكٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَمِعٌ	خوب سننے والا توجہ سے سننے والا	(س م ع) صحیح	اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ اِسْتِمَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْتَمِعُوْنَ	کان لگا کر سننے والے توجہ سے سننے والے	(س م ع) صحیح	اِسْتَمَعَ يَسْتَمِعُ اِسْتِمَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَنْفِرَةٌ	بدکنے والی، بھاگنے والی (بدک کر بھاگنا)	(ن ف ر) صحیح	اِسْتَنْفَرَ يَسْتَنْفِرُ اِسْتِنْفَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث
مُسْتَوْدَعٌ	امانت کی جگہ، پناہ کی جگہ (بطورِ امانت کسی کے پاس کچھ رکھنا)	(و د ع) مثال واوی	اِسْتَوْدَعَ يَسْتَوْدِعُ اِسْتِيْدَاعٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	ظرف مکان
مَسْتُوْرٌ	چھپایا ہوا۔ (جزوی طور پر حائل ہونے والے پردے)	(س ت ر) صحیح	سَتَرَ يَسْتُرُ (ن) سَتْرٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْتَهْزِءُوْنَ	مذاق کرنے والے۔ (حالت رفعی) (کسی چیز کو خلاف عقل اور عجیب سمجھ کر مذاق اڑانا)	(ہ ز ء) مہموز اللام	اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِءُ اِسْتِهْزَآءٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَهْزِءِيْنَ	مذاق کرنے والے۔ (حالت نصبی) (کسی چیز کو خلاف عقل اور عجیب سمجھ کر مذاق اڑانا)	(ہ ز ء) مہموز اللام	اِسْتَهْزَءَ يَسْتَهْزِءُ اِسْتِهْزَآءٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْتَيْقِنِيْنَ	یقین کرنے والے (کسی بات کا تجربہ کرنے کے بعد آہستہ آہستہ یقین کرنا)	(ی ق ن) مثال یائی	اِسْتَيْقَنَ يَسْتَيْقِنُ اِسْتِيْقَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن مُسْتَفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَسْجِدٌ	سجدہ گاہ مسلمانوں کا عبادت خانہ	(س ج د) صحیح	سَجَدَ يَسْجُدُ (ن) سُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	ظرف مکان (واحد) جمع مَسَاجِدُ
اَلْمَسْجِدُ الْحَرَامُ	ادب واحترام والی مسجد یعنی خانہ کعبہ	....	....	مرکب توصیفی
مَسْجُوْرٌ	بھرا ہوا، بھڑکایا ہوا (سمندر بھرا ہوا بھی ہو اور جوش تلاطم میں ابل بھی رہا ہو)	(س ج ر) صحیح	سَجَرَ يَسْجُرُ (ن) سُجُوْرٌ (فُعُوْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْجُوْنِيْنَ	قیدی لوگ۔ (عدالت بطورِ سزا کسی مجرم کو قید میں ڈالنا)	(س ج ن) صحیح	سَجَنَ يَسْجُنُ (ن) سَجْنٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَسْحٌ	چھونا، ہاتھ پھیرنا (ہاتھ پھیر کر کسی چیز کو چھونا)	(م س ح) صحیح	مَسَحَ يَمْسَحُ (ف) مَسْحٌ (فَعْلٌ)	اسم مصدر
مُسَحَّرِيْنَ	جادو کئے ہوئے (حالت نصبی و جری) (وہ لوگ جن پر جادو کیا گیا ہو)	(س ح ر) صحیح	سَحَّرَ يُسَحِّرُ تَسْحِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعَّلِيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مَسْحُوْرٌ	جادو کیا گیا (وہ آدمی جس پر جادو کیا گیا ہو)	(س ح ر) صحیح	سَحَرَ يَسْحَرُ (ف) سِحْرٌ (فِعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْحُوْرُوْنَ	جادو کیے ہوئے (وہ لوگ جن پر جادو کیا گیا ہو)	(س ح ر) صحیح	سَحَرَ يَسْحَرُ (ف) سِحْرٌ (فِعْلٌ)	اسم مفعول جمع مذکر
مُسَخَّرٌ	فرمانبردار کیا ہوا۔ (کسی چیز کو کسی مقصد کی طرف زبردستی لے جانا)	(س خ ر) صحیح	سَخَّرَ يُسَخِّرُ تَسْخِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُسَخَّرَاتٌ	فرمانبردار بنائی ہوئیں (کسی چیز کو کسی مقصد کی طرف زبردستی لے جانا)	(س خ ر) صحیح	سَخَّرَ يُسَخِّرُ تَسْخِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعَّلَاتٌ	اسم مفعول جمع مؤنث
مَسَخْنَا	ہم نے صورت بگاڑ دی	(م س خ) صحیح	مَسَخَ يَمْسَخُ (ف) مَسْخٌ (فَعْلٌ)	ماضی جمع متکلم
مَسَدٌ	کھجور کی چھال سے نکالے ہوئے ریشے کی رسی بٹنا۔	(م س د) صحیح	مَسَدَ يَمْسُدُ (ن) مَسْدٌ (فَعْلٌ)	اسم جامد

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْرِفٌ	حد سے گزرنے والا، بے جا خرچ کرنے والا۔ (حد اعتدال سے آگے نکل جانا)	(س ر ف) صحیح	اَسْرَفَ يُسْرِفُ إِسْرَافٌ (إِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْرِفُوْنَ	اسراف کرنے والے۔ (حالت رفعی) (حدِ اعتدال سے آگے نکل جانا یا جائز کاموں میں ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا)	(س ر ف) صحیح	اَسْرَفَ يُسْرِفُ إِسْرَافٌ (إِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْرِفِيْنَ	اسراف کرنے والے (حالت نصبی وجری) (حدِ اعتدال سے آگے نکل جانا یا جائز کاموں میں ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا)	(س ر ف) صحیح	اَسْرَفَ يُسْرِفُ إِسْرَافٌ (إِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَسْرُوْرٌ	خوش، خوش کیا ہوا (دل ہی دل میں خوش ہونا)	(س ر ر) ثلاثی، مضاعف	سَرَّ يَسُرُّ (ن) سُرُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْطُوْرٌ	لکھا ہوا (سطر بندی کر کے لکھنا)	(س ط ر) صحیح	سَطَرَ يَسْطُرُ (ن) سَطْرٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْغَبَةٌ	بھوک۔ (قحط سالی کے دور میں لوگوں کا بھوکا ہونا)	(س غ ب) صحیح	سَغِبَ يَسْغَبُ (س) مَسْغَبَةٌ (مَفْعَلَةٌ)	مصدر میمی
مُسْفِرَةٌ	روشن، تابناک، چمکنے والے۔ (صبح کی روشنی، چہرے کی چمک اور رونق)	(س ف ر) صحیح	اَسْفَرَ يُسْفِرُ إِسْفَارٌ (إِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَسْفُوْحٌ	بہایا ہوا، گرایا ہوا۔ (بہنے والی چیز کا سرعت سے بہنا اور جاری ہونا)	(س ف ح) صحیح	سَفَحَ یَسْفَحُ (ف) سَفْحٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مِسْكٌ	مُشک کستوری	(م س ک) صحیح	بروزن فِعْلٌ	اسم جامد
مَسْكَنٌ	مکان، رہنے کی جگہ، گھر (وہ جگہ جہاں کوئی رہتا بستا ہو)	(س ک ن) صحیح	سَكَنَ يَسْكُنُ (ن) سُكُوْنٌ (فُعُوْلٌ)	ظرف مکان (جمع) مَسَاكِنُ
مَسْكَنَةٌ	محتاجی، مفلسی، فقیری	(س ک ن) صحیح	سَكُنَ يَسْكُنُ (ک) مَسْكَنَةٌ (مَفْعَلَةٌ)	مصدر میمی بروزن مَفْعَلَةٌ
مَسْكُوْبٌ	بہایا ہوا، گرایا ہوا۔ (کسی بہنے والی چیز کا بکثرت گرانا کہ بہہ نکلے جیسے لگا تار بارش)	(س ک ب) صحیح	سَكَبَ يَسْكُبُ (ن) سَكْبٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مَسْكُوْنَةٌ	بستی، آباد (وہ مکان جس میں کوئی رہتا بستا ہو)	(س ک ن) صحیح	سَكَنَ يَسْكُنُ (ن) سُكُوْنٌ (فُعُوْلٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مِسْكِيْنٌ	محتاجی، مفلس، نادار (وہ شخص جس کے پاس ضروریاتِ زندگی نہ ہونے کے برابر ہو)	(س ک ن) صحیح	بروزن مِفْعِيْلٌ	(واحد) جمع مَسَاكِيْنُ صفت مشبّہ
مُسْلِمٌ	فرمانبردار مسلمان۔ (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْلِمَةٌ	فرمانبردار مسلمان عورت۔ (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث
مُسْلِمَاتٌ	فرمانبردار مسلمان عورتیں۔ (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مؤنث
مُسَلَّمَةٌ	سونپی ہوئی، تندرست، صحیح وسالم، اعتبار کی ہوئی۔ (کسی تکلیف سے بچنے کے لیے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا)	(س ل م) صحیح	سَلَّمَ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعَّلَةٌ	اسم مفعول واحد مؤنث
مُسْلِمُوْنَ	فرمانبردار مسلمان لوگ (حالت رفعی) (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْلِمِيْنَ	فرمانبردار مسلمان لوگ (حالت نصبی وجری) (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُسْلِمَيْنِ	دو فرمانبرداری کرنے والے۔ (حالت نصبی وجری) (کسی کی رضا کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا)	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلَيْنِ	مُسْلِمٌ کا تثنیہ
مُسَمًّى	نام رکھا ہوا مقرر، معین	(س م و) ناقص واوی	سَمّٰى يُسَمِّيْ تَسْمِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	اسم مفعول واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسْمِعٌ	سنانے والا	(س م ع) صحیح	اَسْمَعَ يُسْمِعُ اِسْمَاعٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسْمَعٌ	سنایا ہوا	(س م ع) صحیح	اَسْمَعَ يُسْمِعُ اِسْمَاعٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُسَنَّدَةٌ	دیوار کے سہارے لگائی ہوئی (سہارا دے کر مضبوط کرنا)	(س ن د) صحیح	سَنَّدَ يُسَنِّدُ تَسْنِيْدٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مَسْنُوْنٌ	گندہ، سڑا ہوا، متغیر (طویل مدت گزرنے پر کسی چیز کا خراب یا بدبودار ہونا)	(س ن ن) ثلاثی، مضاعف	سَنَّ يَسُنُّ (ن) سَنٌّ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مُسْوَدٌّ	سیاہ کیا ہوا سیاہ	(س و د) اجوف واوی	اِسْوَدَّ يَسْوَدُّ اِسْوِدَادٌ (اِفْعِلَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُسْوَدَّةٌ	سیاہ کالی کی ہوئی	(س و د) اجوف واوی	اِسْوَدَّ يَسْوَدُّ اِسْوِدَادٌ (اِفْعِلَالٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مُسَوَّمَةٌ	نشانی کی ہوئی، چرائی ہوئی (ایسا نشان کرنا جو دوسروں سے امتیاز ہو سکے)	(س و م) اجوف واوی	سَوَّمَ يُسَوِّمُ تَسْوِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعَّلَةٌ	اسم مفعول واحد مؤنث
مُسَوِّمِيْنَ	نشانی کرنے والے۔ (حالت نصبی) (ایسا نشان کرنا جو دوسروں سے امتیاز ہو سکے)	(س و م) اجوف واوی	سَوَّمَ يُسَوِّمُ تَسْوِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعِّلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُسَوَّمِيْنَ	نشانی کیے ہوئے (حالت نصبی وجری) (ایسا نشان کرنا جو دوسروں سے امتیاز ہو سکے)	(س و م) اجوف واوی	سَوَّمَ يُسَوِّمُ تَسْوِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن مُفَعَّلِيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مُسِيْءٌ	بدکار گنہگار	(س و ء) اجوف واوی مہموز اللام	اَسَاءَ يُسِيْءُ اِسَاءَةٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مَسِيْحٌ	چلنے پھرنے والا ہاتھ پھیرنے والا	(م س ح) صحیح	بروزن فَعِيْلٌ	اسم علم
مُسَيْطِرٌ	داروغہ، نگہبان۔ (غالب ہونے کی وجہ سے کڑی نگہداشت کرنے والا)	(س ی ط ر) رباعی مجرد	سَيْطَرَ يُسَيْطِرُ سَيْطَرَةٌ (فَعْلَلَةٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُسَيْطِرُوْنَ	نگہبان لوگ، محافظ (غالب ہونے کی وجہ سے کڑی نگہداشت کرنے والا)	(س ی ط ر) رباعی مجرد	سَيْطَرَ يُسَيْطِرُ سَيْطَرَةٌ (فَعْلَلَةٌ) بروزن مُفَيْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَشَّآءٌ	بہت چلنے والا جانے والا	(م ش ی) ناقص یائی	مَشٰی يَمْشِيْ (ض) مَشْيٌ (فَعْلٌ)	اسم مبالغہ
مَشَارِبُ	گھاٹ پانی پینے کے مقامات	(ش ر ب) صحیح	شَرِبَ يَشْرَبُ (س) مَشْرَبٌ (مَفْعَلٌ) بروزن مَفَاعِلُ	مصدر میمی ظرف مکان وزمان (جمع) واحد مَشْرَبٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَشَارِقُ	سورج نکلنے کے مقامات	(ش ر ق) صحیح	شَرَقَ يَشْرُقُ (ن) شَرْقٌ (فَعْلٌ)	(جمع) واحد مَشْرِقٌ ظرف مکان
مَشْئَمَةٌ	بائیں طرف، بدبختی (اعمال کے نتیجہ میں متوقع بدبختی)	(ش أ م) مہموز العین	شَأَمَ يَشْأَمُ (ف) شَأْمٌ (فَعْلٌ)	اسم جامد
مُشْتَبِهٌ	شبہ میں ڈالنے والا، ملا جلا (دو چیزوں میں اس قدر مشابہت کہ ان میں صحیح تمیز نہ ہو سکے)	(ش ب ہ) صحیح	اِشْتَبَهَ يَشْتَبِهُ اِشْتِبَاهٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُشْتَرِكُوْنَ	شریک ہونے والے	(ش ر ک) صحیح	اِشْتَرَكَ يَشْتَرِكُ اِشْتِرَاكٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مَشْحُوْنٌ	بھرا ہوا۔ (کشتی یا جہاز کو سوار اور سامان لاد کر بھرنا)	(ش ح ن) صحیح	شَحَنَ يَشْحَنُ (ف) شَحْنٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَشْرَبٌ	گھاٹ، پینا، پینے کی جگہ	(ش ر ب) صحیح	شَرِبَ يَشْرَبُ (س) مَشْرَبٌ (مَفْعَلٌ)	مصدر میمی ظرف مکان وزمان
مَشْرِقٌ	سورج نکلنے کی جگہ	(ش ر ق) صحیح	شَرَقَ يَشْرُقُ (ن) شَرْقٌ (فَعْلٌ)	اسم ظرف مکان
مَشْرِقَيْنِ	سورج نکلنے کے دو مقام	(ش ر ق) صحیح	شَرَقَ يَشْرُقُ (ن) شَرْقٌ (فَعْلٌ)	مَشْرِقٌ کا تثنیہ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُشْرِقِيْنَ	سورج نکلتے وقت، چمکنے والے۔ (حالت نصبی) (کسی چیز پر روشنی پڑنا اور پھیلنا اور اسے منور کر دینا)	(ش ر ق) صحیح	اَشْرَقَ يُشْرِقُ اِشْرَاقٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُشْرِكٌ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والا۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کرنے والا)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلٌ	اسم فاعل واحد مذکر
مُشْرِكَاتٌ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والی عورتیں۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کرنے والیاں)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلَاتٌ	اسم فاعل جمع مؤنث
مُشْرِكَةٌ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والی عورت۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کرنے والی)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلَةٌ	اسم فاعل واحد مؤنث
مُشْرِكُوْنَ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والے مرد۔ (حالت رفعی) (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کرنے والے)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُشْرِكِيْنَ	اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے والے مرد۔ (حالت نصبی وجری) (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں شرک کرنے والے)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَشْعَرٌ	علامت، نشاناتِ حج، قربان گاہ، مزدلفہ۔	(ش ع ر) صحیح	شَعَرَ يَشْعُرُ (ک) مَشْعَرٌ (مَفْعَلٌ)	مصدر میمی (واحد) جمع مَشَاعِرُ
اَلْمَشْعَرُ الْحَرَامُ	مقام مزدلفہ۔ (مزدلفہ کے پاس ایک پہاڑی کا نام)	....	....	مرکب توصیفی
مُشْفِقُوْنَ	ڈرنے والے، مہربان (حالت رفعی) (ڈر اور رحم کے ملے جلے جذبات)	(ش ف ق) صحیح	اَشْفَقَ يُشْفِقُ اِشْفَاقٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُشْفِقِيْنَ	ڈرنے والے، مہربان (حالت نصبی وجری) (ڈر اور رحم کے ملے جلے جذبات)	(ش ف ق) صحیح	اَشْفَقَ يُشْفِقُ اِشْفَاقٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مِشْكٰوةٌ	طاق جس میں چراغ رکھا جائے۔ (طاق: چراغ رکھنے کی چھوٹی الماری جو آر پار نہ ہو)	(ش ک و) ناقص واوی	شَكَا يَشْكُوْا (ن) شَكْوٌ (فَعْلٌ) بروزن مِفْعَلَةٌ	وزن اسم آلہ معنا ظرف مکان
مَشْكُوْرٌ	شکر کا بدلہ دیا ہوا قدر کیا ہوا، مقبول	(ش ک ر) صحیح	شَكَرَ يَشْكُرُ (ن) شُكْرٌ (فُعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَشَوْا	وہ چلے	(م ش ی) ناقص یائی	مَشٰی یَمْشِیْ (ض) مَشْیٌ (فَعْلٌ)	ماضی جمع مذکر غائب
مَشْهَدٌ	فرشتوں کے حاضر ہونے کی جگہ گواہی دینے کی جگہ	(ش ہ د) صحیح	شَهِدَ یَشْهَدُ (س) شُهُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مصدر میمی
مَشْهُوْدٌ	روزِ عرفہ، روزِ قیامت جمعہ، شہادت گاہ	(ش ہ د) صحیح	شَهِدَ یَشْهَدُ (س) شُهُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَشْیٌ	چلنا، چال، رفتار	(م ش ی) ناقص یائی	مَشٰی یَمْشِیْ (ض) مَشْیٌ (فَعْلٌ)	اسم مصدر
مَشِیْدٌ	مضبوط اور بلند بنایا ہوا (چونے وغیرہ کا پلستر کر کے عمارت کو مضبوط کرنا)	(ش ی د) اجوف یائی	شَادَ یَشِیْدُ (ض) شَیْدٌ (فَعْلٌ) بروزن مَفْعُوْلٌ	اسم مفعول واحد مذکر
مُشَیَّدَةٌ	مضبوط کی ہوئی، بلند بنائی ہوئی۔ (چونے وغیرہ کا پلستر کر کے عمارت کو مضبوط کرنا)	(ش ی د) اجوف یائی	شَیَّدَ یُشَیِّدُ تَشْیِیْدٌ (تَفْعِیْلٌ) بروزن مُفَعَّلَةٌ	اسم مفعول واحد مؤنث
مَصَابِیْحُ	چراغ، ستارے۔ (وہ ہے جس کی روشنی سفیدی مائل ہو)	(ص ب ح) صحیح	بروزن مَفَاعِیْلُ	(جمع) واحد مِصْبَاحٌ
مَصَانِعُ	قلعے، کنویں، حوض، تالاب	(ص ن ع) صحیح	بروزن مَفَاعِلُ	(جمع) واحد مَصْنَعٌ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مِصْبَاحٌ	چراغ، ستارہ، صبح کا وقت۔ (وہ ہے جس کی روشنی سفیدی مائل ہو)	(ص ب ح) صحیح	بروزن مِفْعَالٌ	(واحد) جمع مَصَابِیْحُ
مُصْبِحِیْنَ	صبح کرنے والے، صبح کے وقت کو پانے والے۔ (حالت نصبی)	(ص ب ح) صحیح	اَصْبَحَ يُصْبِحُ اِصْبَاحٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُصَدِّقٌ	سچا کرنے والا یا بتانے والا	(ص د ق) صحیح	صَدَّقَ يُصَدِّقُ تَصْدِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُصَّدِّقَاتٌ	خیرات کرنے والیاں	(ص د ق) صحیح	تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ تَصَدُّقٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم فاعل جمع مؤنث
مُصَدِّقِیْنَ	سچ ماننے والے باور کرنے والے	(ص د ق) صحیح	صَدَّقَ يُصَدِّقُ تَصْدِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُصَّدِّقِیْنَ	خیرات کرنے والیاں	(ص د ق) صحیح	تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ تَصَدُّقٌ (تَفَعُّلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مِصْرُ	ملکِ مصر (ملک مصر جو افریقہ میں ہے)	(م ص ر) صحیح	بروزن فِعْلُ	اسم معرفہ اسم علم
مِصْرٌ	کوئی شہر	(م ص ر) صحیح	بروزن فِعْلٌ	اسم نکرہ (واحد) جمع اَمْصَارٌ
مُصْرِخٌ	فریادرس، فریاد کو پہنچنے والا (چیخنا، چلانا تاکہ فریاد کو کوئی پہنچے)	(ص ر خ) صحیح	اَصْرَخَ يُصْرِخُ اِصْرَاخٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُصْرِخِيَّ	میرا فریادرس (چیخنا، چلانا تا کہ فریاد کو کوئی پہنچے)	(ص ر خ) صحیح	اَصْرَخَ يُصْرِخُ اِصْرَاخٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل مذکر یائے ضمیر متکلم
مَصْرِفٌ	پھرنے کی جگہ، بچاؤ کی جگہ (رخ پھیرنا)	(ص ر ف) صحیح	صَرَفَ يَصْرِفُ (ض) صَرْفٌ (فَعْلٌ)	اسم ظرف مکان
مَصْرُوْفٌ	پھیرا ہوا، لوٹایا ہوا (رخ پھیرنا)	(ص ر ف) صحیح	صَرَفَ يَصْرِفُ (ض) صَرْفٌ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُصْطَفَيْنَ	برگزیدہ لوگ، پسند کیے ہوئے۔ (کسی چیز کا پاکیزگی کی بنا پر انتخاب کرنا)	(ص ف و) ناقص واوی	اِصْطَفٰى يَصْطَفِىْ اِصْطِفَاءٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعَيْنَ	اسم مفعول جمع مذکر
مُصَفًّى	صاف کیا ہوا، جھاگ اتارا ہوا۔ (آمیزہ سے آمیزش کو الگ کر کے صاف کرنا)	(ص ف و) ناقص واوی	صَفّٰى يُصَفِّىْ تَصْفِيَةٌ (تفعلة) بروزن مُفَعًّا	اسم مفعول واحد مذکر
مُصْفَرًّا	زرد، زرد کیا ہوا	(ص ف ر) صحیح	اِصْفَرَّ يَصْفَرُّ اِصْفِرَارٌ (اِفْعِلَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَصْفُوْفَةٌ	قطار در قطار صف باندھی ہوئی	(ص ف ف) ثلاثی، مضاعف	صَفَّ يَصُفُّ (ن) صَفٌّ (فَعْلٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مُصَلًّى	نماز کی جگہ	(ص ل و) ناقص واوی	صَلّٰى يُصَلِّىْ تَصْلِيَةٌ (تفعلة)	ظرف مکان بروزن مُفَعًّا

صیغہ/وغیرہ	باب/مصدر/وزن	مادہ/ہفت اقسام	ترجمہ/توضیح	کلمات
اسم فاعل واحد مذکر	اَصْلَحَ یُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ)	(ص ل ح) صحیح	اصلاح کرنے والا۔ (فتنہ وفساد دور کرنا، اخلاقی بگاڑ درست کرنا)	مُصْلِحٌ
اسم فاعل جمع مذکر	اَصْلَحَ یُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	(ص ل ح) صحیح	اصلاح کرنے والے۔ (حالت رفعی) (فتنہ وفساد دور کرنا، اخلاقی بگاڑ درست کرنا)	مُصْلِحُوْنَ
اسم فاعل جمع مذکر	اَصْلَحَ یُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِیْنَ	(ص ل ح) صحیح	اصلاح کرنے والے (حالت نصبی وجری) (فتنہ وفساد دور کرنا، اخلاقی بگاڑ درست کرنا)	مُصْلِحِیْنَ
اسم فاعل جمع مذکر	صَلّٰی یُصَلِّیْ تَصْلِیَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	(ص ل و) ناقص واوی	نمازی لوگ درود بھیجنے والے	مُصَلِّیْنَ
اسم فاعل واحد مذکر	صَوَّرَ یُصَوِّرُ تَصْوِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ)	(ص و ر) اجوف واوی	صورت بنانے والا (جاندار اشیاء کی شکل وصورت بنانا)	مُصَوِّرٌ
اسم فاعل واحد مذکر	اَصَابَ یُصِیْبُ اِصَابَةٌ (اِفْعَالٌ)	(ص و ب) اجوف واوی	پہنچنے والا۔ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کو تنگی یا بھلائی پہنچنا)	مُصِیْبٌ
اسم فاعل واحد مؤنث	اَصَابَ یُصِیْبُ اِصَابَةٌ (اِفْعَالٌ)	(ص و ب) اجوف واوی	تکلیف، غم، پہنچنے والی۔ (اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسان کو تنگی یا بھلائی پہنچنا)	مُصِیْبَةٌ
ظرف مکان اسم مصدر	صَارَ یَصِیْرُ (ض) مَصِیْرٌ (مَفْعِلٌ) بروزن مَفْعِلاً	(ص ی ر) اجوف یائی	پھرنے کی جگہ، لوٹنے کی جگہ، لوٹنا۔ (کسی کام کی انجام اور اس کے ختم ہونے کا رخ اور طور طریق)	مَصِیْرٌ

صیغہ/وغیرہ	باب/مصدر/وزن	مادہ/ہفت اقسام	ترجمہ/توضیح	کلمات
اسم فاعل واحد مذکر	سَیْطَرَ یُسَیْطِرُ سَیْطَرَۃٌ (فَعْلَلَۃٌ) بروزن مُفَیْعِلٌ	(س ی ط ر) رباعی مجرد	نگہبان، داروغہ، محافظ۔ (غالب ہونے کی وجہ سے کڑی نگہداشت کرنے والا)	مُصَیْطِرٌ
ماضی واحد مذکر غائب	مَضٰی یَمْضِیْ (ض) مُضِیٌّ (فُعِیْلٌ)	(م ض ی) ناقص یائی	وہ گزرا۔ (گزشتہ زمانہ میں کسی کام کا سرانجام پانا)	مَضٰی
(جمع) واحد مَضْجَعٌ	بروزن مفَاعِلُ	(ض ج ع) صحیح	بچھونے، خواب گاہیں (ہر ایسی چیز جس کے ساتھ انسان ٹیک لگا کر آرام کر سکے)	مَضَاجِعُ
اسم فاعل، اسم مفعول واحد مذکر	ضَارَّ یُضَارُّ مُضَارَّۃٌ (مُفَاعَلَۃٌ)	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	نقصان پہنچانے والا نقصان پہنچایا ہوا	مُضَآرٌّ
اسم مفعول واحد مؤنث	ضَاعَفَ یُضَاعِفُ مُضَاعَفَۃٌ (مُفَاعَلَۃٌ)	(ض ع ف) صحیح	دو گنا کرنا، بڑھانا (دگنا یا اس سے بھی زیادہ کرنا)	مُضَاعَفَۃٌ
ماضی واحد مؤنث غائب	مَضٰی یَمْضِیْ (ض) مُضِیٌّ (فُعِیْلٌ)	(م ض ی) ناقص یائی	وہ گزری۔ (گزشتہ زمانہ میں کسی کام کا سرانجام پانا)	مَضَتْ
اسم فاعل واحد مذکر	اِضْطَرَّ یَضْطَرُّ اِضْطِرَارٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن مُفْتَعَلٌ	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	بے چارہ، بے کس، بے اختیار، پھنسا ہوا۔ (کسی ضروری حاجت کی تکمیل کے لیے بے قرار ہونا)	مُضْطَرٌّ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُضْعِفُوْنَ	دوگنا کرنے والے، دوگنا لینے والے۔ (دگنا یا اس سے بھی زیادہ کرنا)	(ض ع ف) صحیح	اَضْعَفَ يُضْعِفُ إِضْعَافٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلُوْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُضْغَةٌ	گوشت کی بوٹی۔ (نطفہ پر تیسرا دور جیسے کچے گوشت کا لوتھڑا یا بوٹی)	(م ض غ) صحیح	بروزن فُعْلَةٌ	(واحد) جمع مُضَغٌ
مُضِلٌّ	گمراہ کرنے والا۔ (کسی کو بہکا کر غلط راستے پر ڈال دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُضِلِّيْنَ	گمراہ کرنے والے۔ (کسی کو بہکا کر غلط راستے پر ڈال دینا) (حالت نصبی وجری)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ) بروزن مُفْعِلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُضِيٌّ	گزرنا، آگے چلنا، بڑھنا۔ (گزشتہ زمانے میں کسی کام کا سرانجام پانا)	(م ض ی) ناقص یائی	مَضٰى يَمْضِىْ (ض) مُضِيٌّ (فُعِلٌ)	مصدر میمی بروزن فُعُوْلٌ
مُطَاعٌ	پیشوا جس کی اطاعت کی جائے	(ط و ع) اجوف واوی	اَطَاعَ يُطِيْعُ اِطَاعَةٌ (اِفْعَالٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَطَرٌ	بارش	(م ط ر) صحیح	مَطَرَ يَمْطُرُ (ن) مَطْرٌ (فَعْلٌ)	(واحد) جمع اَمْطَارٌ
مُطَفِّفِيْنَ	ناپ تول میں کمی کرنے والے	(ط ف ف) ثلاثی، مضاعف	طَفَّفَ يُطَفِّفُ تَطْفِيْفٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مَطْلَعِ	طلوع ہونا، نکلنا	(ط ل ع) صحیح	طَلَعَ يَطْلُعُ (ن) طُلُوْعٌ (فُعُوْلٌ) بروزن مَفْعَلٌ	مصدر میمی ظرف مکان (واحد) جمع مطالع
مَطْلِعَ	سورج نکلنے کی جگہ	(ط ل ع) صحیح	طَلَعَ يَطْلُعُ (ن) طُلُوْعٌ (فُعُوْلٌ) بروزن مَفْعِلٌ	مصدر میمی ظرف مکان (واحد) جمع مطالِعُ
مُطَّلِعُوْنَ	جھانکنے والے واقف ہونے والے	(ط ل ع) صحیح	اِطَّلَعَ يَطَّلِعُ اِطِّلَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُطَلَّقَاتٌ	طلاق دی ہوئی عورتیں	(ط ل ق) صحیح	طَلَّقَ يُطَلِّقُ تَطْلِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول جمع مؤنث
مَطْلُوْبٌ	طلب کیا ہوا۔ (وہ مقصود جس کی خواہش اور جستجو کی جائے)	(ط ل ب) صحیح	طَلَبَ يَطْلُبُ (ن) طَلَبٌ (فَعَلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مُطْمَئِنٌّ	پرسکون۔ (کوفت یا شکوک وشبہات کے بعد سکون قلب حاصل ہونا)	(ط م ن) صحیح	اِطْمَأَنَّ يَطْمَئِنُّ اِطْمِيْنَانٌ (اِفْعِيْلَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُطْمَئِنَّةٌ	سکون پانے والی (کوفت یا شکوک وشبہات کے بعد سکونِ قلب حاصل ہونا)	(ط م ن) صحیح	اِطْمَأَنَّ يَطْمَئِنُّ اِطْمِيْنَانٌ (اِفْعِيْلَالٌ)	اسم فاعل واحد مؤنث

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُطْمَئِنِّيْنَ	آرام پکڑنے والے، قرار والے۔ (کوفت یا شکوک وشبہات کے بعد سکونِ قلب حاصل ہونا)	(ط م ن) صحیح	اِطْمَئَنَّ يَطْمَئِنُّ اِطْمِيْنَانٌ (اِفْعِيْلَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُطَّوِّعِيْنَ	خیرات کرنے والے (صاحبِ استطاعت برغبت خیرات کرنے والے)	(ط و ع) اجوف واوی	تطوّع يتطوّع تَطَوُّعٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن مُتَفَعِّلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مَطْوِيَّاتٌ	لپیٹی ہوئیں۔ (کسی چیز کو تہ کر کے لپیٹنا جیسے دستر خوان)	(ط و ی) لفیف مقرون	طَوٰی يَطْوِیْ (ض) طَیٌّ (فَعْلٌ)	اسم مفعول جمع مؤنث
مُطَهِّرٌ	پاک کرنے والا۔ (ظاہری وباطنی نجاست سے پاک کرنا)	(ط ہ ر) صحیح	طَهَّرَ يُطَهِّرُ تَطْهِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل واحد مذکر
مُطَهَّرَةٌ	پاک کی ہوئی۔ (ظاہری وباطنی نجاست سے پاک کرنا)	(ط ہ ر) صحیح	طَهَّرَ يُطَهِّرُ تَطْهِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم مفعول واحد مؤنث
مُطَهَّرُوْنَ	پاک کئے ہوئے۔ (ظاہری وباطنی نجاست سے پاک کرنا)	(ط ہ ر) صحیح	طَهَّرَ يُطَهِّرُ تَطْهِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مُطَّهِّرِيْنَ	خوب پاک صاف رہنے والے۔ (ظاہری وباطنی نجاست سے پاک کرنا)	(ط ہ ر) صحیح	تَطَهَّرَ يَتَطَهَّرُ تَطَهُّرٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن مُتَفَعِّلِيْنَ	اسم فاعل جمع مذکر
مُظْلِمٌ	تاریک، اندھیری (رات)	(ظ ل م) صحیح	اَظْلَمَ يُظْلِمُ اِظْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
مُظْلِمُوْنَ	اندھیرے میں داخل ہونے والے اندھیرے میں رہ جانے والے	(ظ ل م) صحیح	اَظْلَمَ يُظْلِمُ اِظْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مَظْلُوْمًا	ظلم سے، ناانصافی سے ستم رسیدہ	(ظ ل م) صحیح	ظَلَمَ يَظْلِمُ (ض) ظُلْمٌ (فُعْلٌ)	اسم مفعول واحد مذکر
مَعَ	ساتھ، ہمراہ، مدد	مع	....	اسم
مُعَاجِزِيْنَ	عاجز کردینے والے	(ع ج ز) صحیح	عَاجَزَ يُعَاجِزُ مُعَاجَزَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	اسم فاعل جمع مذکر
مَعَادٌ	پھرنے کی جگہ عالم آخرت	(ع و د) اجوف واوی	عَادَ يَعُوْدُ (ن) عَوْدٌ (فَعْلٌ)	ظرف مکان
مَعَاذٌ	پناہ، جائے پناہ (تمام بدروحوں کے شر سے پناہ)	(ع و ذ) اجوف واوی	عَاذَ يَعُوْذُ (ن) عَوْذٌ (فَعْلٌ)	مصدر میمی
مَعَاذِيْرُ	بہانے پردے	(ع ذ ر) صحیح	بروزن مَفَاعِيْلُ	(جمع) واحد مَعْذِرَةٌ
مَعَارِجُ	سیڑھیاں، درجے (رک رک کر چڑھنا)	(ع ر ج) صحیح	عَرَجَ يَعْرِجُ (ض) عُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ)	(جمع) واحد مِعْرَاجٌ اسم آلہ
مَعَاشًا	روزگار۔ (ایسے جاندار کا جینا جس کی زندگی کا دارومدار کھانے پینے پر ہو)	(ع ی ش) اجوف یائی	عَاشَ يَعِيْشُ (ض) عَيْشٌ (فَعْلٌ)	اسم اور مصدر
مَعَايِشُ	روزیاں۔ (سامان زیست اور لوازماتِ زندگی)	(ع ی ش) اجوف یائی	عَاشَ يَعِيْشُ (ض) عَيْشٌ (فَعْلٌ)	(جمع) واحد مَعِيْشَةٌ

صیغہ/وغیرہ	باب/مصدر/وزن	مادہ/ہفت اقسام	ترجمہ/توضیح	کلمات
يَسْبِتُوْنَ	وہ ہفتہ مناتے ہیں (وہ ہفتہ کے دن چھٹی کرتے ہیں)	(س ب ت) صحیح	سَبَتَ يَسْبِتُ (ض) سَبْتٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُسَبِّحُ	وہ تسبیح بیان کرتا ہے، پاکی بیان کرتا ہے۔ (تسبیح کہنا یعنی سبحان اللہ کا ذکر کرنا)	(س ب ح) صحیح	سَبَّحَ يُسَبِّحُ تَسْبِيْحٌ (تَفْعِيْلٌ) بر وزن يُفَعِّلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُسَبِّحْنَ	وہ پاکی بیان کرتے ہیں۔ (صیغہ مؤنث) (تسبیح کہنا یعنی سبحان اللہ کا ذکر کرنا)	(س ب ح) صحیح	سَبَّحَ يُسَبِّحُ تَسْبِيْحٌ (تَفْعِيْلٌ) بر وزن يُفَعِّلْنَ	مضارع جمع مؤنث غائب
يُسَبِّحُوْنَ	وہ تسبیح کرتے ہیں (تسبیح کہنا یعنی سبحان اللہ کا ذکر کرنا)	(س ب ح) صحیح	سَبَّحَ يُسَبِّحُ تَسْبِيْحٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْبَحُوْنَ	وہ (خلا میں) تیزی سے تیرتے ہیں	(س ب ح) صحیح	سَبَحَ يَسْبَحُ (ف) سَبْحٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْبِقُوْا	(کہ) وہ آگے بڑھ جائیں گے۔ (دوسروں سے مقابلۃً آگے بڑھنا)	(س ب ق) صحیح	سَبَقَ يَسْبِقُ (ض) سَبْقٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَأْذِنُوْا	(یہاں تک) کہ وہ اجازت حاصل کرلیں	(ا ذ ن) مہموز الفاء	اِسْتَأْذَنَ يَسْتَأْذِنُ اِسْتِيْذَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یَسْبِقُوْنَ	وہ آگے بڑھتے ہیں (دوسروں سے مقابلۃً آگے بڑھنا)	(س ب ق) صحیح	سَبَقَ یَسْبِقُ (ض) سَبْقٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسُبُّوْا	وہ گالی دیتے ہیں	(س ب ب) ثلاثی، مضاعف	سَبَّ یَسُبُّ (ن) سَبٌّ (فَعْلٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
یَسْتَأْخِرُوْنَ	وہ دیر کرتے ہیں۔ (مقررہ وقت سے پیچھے کرنا یا مہلت دینا)	(ا خ ر) مہموز الفاء	اِسْتَأْخَرَ یَسْتَأْخِرُ اِسْتِیْخَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَأْذِنُ	وہ اجازت لے	(ا ذ ن) مہموز الفاء	اِسْتَأْذَنَ یَسْتَأْذِنُ اِسْتِیْذَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْتَأْذِنَ	وہ اجازت لے	(ا ذ ن) مہموز الفاء	اِسْتَأْذَنَ یَسْتَأْذِنُ اِسْتِیْذَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْتَأْذِنُوْنَ	وہ اجازت چاہتے ہیں	(ا ذ ن) مہموز الفاء	اِسْتَأْذَنَ یَسْتَأْذِنُ اِسْتِیْذَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَبْدِلْ	وہ بدل دے گا	(ب د ل) صحیح	اِسْتَبْدَلَ یَسْتَبْدِلُ اِسْتِبْدَالٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
یَسْتَبْشِرُوْنَ	وہ خوش ہوتے ہیں (کسی اچھی خبر پر خوش ہونا)	(ب ش ر) صحیح	اِسْتَبْشَرَ یَسْتَبْشِرُ اِسْتِبْشَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَثْنُوْنَ	وہ اِنْ شَاءَ اللّٰہ کہتے ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں۔	(ث ن ی) ناقص یائی	اِسْتَثْنٰی یَسْتَثْنِیُ اِسْتِثْنَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَسْتَجِيبُ	وہ جواب دے گا، وہ قبول کرتا ہے یا کرے گا۔ (دعا قبول کرنا اور پھر دادرسی کرنا)	(ج و ب) اجوف واوی	اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيبُ اِسْتِجَابَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ) وزن۔ يَسْتَفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَجِيبُوْا	انہیں چاہیے کہ کہ وہ قبول کریں۔ (دعا قبول کرنا اور پھر دادرسی کرنا)	(ج و ب) اجوف واوی	اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيبُ اِسْتِجَابَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	امر غائب جمع مذکر
يَسْتَجِيبُوْنَ	وہ جواب دیتے ہیں، قبول کرتے ہیں۔ (دعا قبول کرنا اور پھر دادرسی کرنا)	(ج و ب) اجوف واوی	اِسْتَجَابَ يَسْتَجِيبُ اِسْتِجَابَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ) وزن۔ يَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَحِبُّوْنَ	وہ دوست رکھتے ہیں، پسند کرتے ہیں۔ (پسندیدہ چیز کے حصول میں حکمت سے کام لینا)	(ح ب ب) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَحَبَّ يَسْتَحِبُّ اِسْتِحْبَابٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَحْسِرُوْنَ	وہ تھکتے ہیں، اکتاتے ہیں۔ (تھکاوٹ کی وجہ سے سخت لاچار ہونا)	(ح س ر) صحیح	اِسْتَحْسَرَ يَسْتَحْسِرُ اِسْتِحْسَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَحْيُوْنَ	وہ زندہ چھوڑ دیتے ہیں	(ح ی و) لفیف مقرون	اِسْتَحْيَى يَسْتَحْيِي اِسْتِحْيَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَحْيِي	وہ شرماتا ہے، زندہ رکھتا ہے (ازراہِ حیا کسی کا شرمانا)	(ح ی ی) لفیف مقرون	اِسْتَحْيَى يَسْتَحْيِي اِسْتِحْيَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَخْرِجَا	(کہ) وہ دونوں نکال لیں	(خ ر ج) صحیح	اِسْتَخْرَجَ يَسْتَخْرِجُ اِسْتِخْرَاجٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع منصوب تثنیہ مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَا یَسْتَخِفَنَّ	وہ ہرگز ہلکا نہ کردے، بے یقینی پیدا نہ کردے۔ (کسی چیز کی قدر و منزلت کو بتدریج ہلکا کرنے کی کوشش کرنا)	(خ ف ف) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَخَفَّ یَسْتَخِفُّ اِسْتِخْفَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع منفی بانون تاکید ثقیلہ واحد مذکر غائب
یَسْتَخْفُوْا	(تاکہ) وہ پوشیدہ رکھ لیں (کوئی بات یا خیال دل میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اِسْتَخْفٰی یَسْتَخْفِیْ اِسْتِخْفَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَخْفُوْنَ	وہ پوشیدہ رکھتے ہیں (کوئی بات یا خیال دل میں چھپانا)	(خ ف ی) ناقص یائی	اِسْتَخْفٰی یَسْتَخْفِیْ اِسْتِخْفَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَخْلِفُ	وہ خلیفہ بناتا ہے، پیچھے لاتا ہے	(خ ل ف) صحیح	اِسْتَخْلَفَ یَسْتَخْلِفُ اِسْتِخْلَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْتَخْلِفَنَّ	وہ ضرور نائب بنائے گا	(خ ل ف) صحیح	اِسْتَخْلَفَ یَسْتَخْلِفُ اِسْتِخْلَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع بانون ثقیلہ واحد مذکر غائب
یَسْتَسْخِرُوْنَ	وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ (کسی کے عیب بیان کرکے ازراہِ حقارت مذاق اڑانا)	(س خ ر) صحیح	اِسْتَسْخَرَ یَسْتَسْخِرُ اِسْتِسْخَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَصْرِخُ	وہ چیختا چلاتا ہے، فریاد کرتا ہے (چیخنا اور چلانا تاکہ کوئی فریاد کو پہنچے)	(ص ر خ) صحیح	اِسْتَصْرَخَ یَسْتَصْرِخُ اِسْتِصْرَاخٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَسْتَضْعِفُ	وہ کمزور سمجھتا ہے (طاقت اور قوت میں کمزور سمجھنا)	(ض ع ف) صحیح	اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ اِسْتِضْعَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُسْتَضْعَفُوْنَ	وہ کمزور خیال کیے جاتے ہیں۔ (طاقت اور قوت میں کمزور سمجھنا)	(ض ع ف) صحیح	اِسْتَضْعَفَ يَسْتَضْعِفُ اِسْتِضْعَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَسْتَطِيْعُ	وہ طاقت رکھتا ہے۔ (کام سرانجام دینے کے لیے طاقت کے علاوہ اسباب بھی رکھنا)	(ط و ع) اجوف واوی	اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ اِسْتِطَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَطِيْعُوْنَ	وہ طاقت رکھتے ہیں۔ (کام سرانجام دینے کے لیے طاقت کے علاوہ اسباب بھی رکھنا)	(ط و ع) اجوف واوی	اِسْتَطَاعَ يَسْتَطِيْعُ اِسْتِطَاعٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَعْتِبُوْا	توبہ کریں۔ (اگر) وہ منانے کی خواہش کریں۔ (ناراضی دور کر کے منانے کی کوشش کرنا)	(ع ت ب) صحیح	اِسْتَعْتَبَ يَسْتَعْتِبُ اِسْتِعْتَابٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
يُسْتَعْتَبُوْنَ	ان کی توبہ قبول کی جائے گی۔ (ناراضی دور کر کے منانے کی کوشش کرنا)	(ع ت ب) صحیح	اِسْتَعْتَبَ يَسْتَعْتِبُ اِسْتِعْتَابٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَسْتَعْجِلُ	وہ جلدی کرتا ہے، یا کرے گا۔ (کوئی چیز جلدی یا پیش از وقت طلب کرنا)	(ع ج ل) صحیح	اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ اِسْتِعْجَالٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَعْجِلُوْنَ	وہ جلدی کرتے ہیں یا کریں گے۔ (کوئی چیز جلدی یا پیش از وقت طلب کرنا)	(ع ج ل) صحیح	اِسْتَعْجَلَ يَسْتَعْجِلُ اِسْتِعْجَالٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَعْفِفْ	اسے چاہیے کہ وہ بچے۔ (حرام کاموں سے بہ تکلف بچنا)	(ع ف ف) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَعَفَّ يَسْتَعِفُّ اِسْتِعْفَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَسْتَعْفِفْنَ	(اگر) وہ بچتی ہیں، پرہیز کریں۔ (حرام کاموں سے بہ تکلف بچنا)	(ع ف ف) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَعَفَّ يَسْتَعِفُّ اِسْتِعْفَافٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
يَسْتَغْشُوْنَ	وہ اوڑھتے ہیں، ڈھانپتے ہیں۔ (لباس سے جسم ڈھانپنا)	(غ ش ی) ناقص یائی	اِسْتَغْشٰی يَسْتَغْشِیْ اِسْتِغْشَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَغْفِرُ	وہ بخشش چاہتا ہے	(غ ف ر) صحیح	اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ اِسْتِغْفَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَغْفِرُوْنَ	وہ بخشش چاہتے ہیں	(غ ف ر) صحیح	اِسْتَغْفَرَ يَسْتَغْفِرُ اِسْتِغْفَارٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَغِيْثَانِ	وہ دونوں فریاد کرتے ہیں۔ (سختی کے وقت اللہ تعالیٰ یا حاکم مجاز سے مدد طلب کرنا)	(غ و ث) اجوف واوی	اِسْتَغَاثَ يَسْتَغِيْثُ اِسْتِغَاثَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلَانِ	مضارع تثنیہ مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَسْتَغِيْثُوْا	(اگر) وہ فریاد کریں گے۔ (سختی کے وقت اللہ تعالیٰ یا حاکم مجاز سے مدد طلب کرنا)	(غ و ث) اجوف واوی	اِسْتَغَاثَ يَسْتَغِيْثُ اِسْتِغَاثَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلُوْا	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَفْتِحُوْنَ	وہ مدد چاہتے ہیں۔ (دشمن کے مقابلے میں فتح کی مدد چاہنا)	(ف ت ح) صحیح	اِسْتَفْتَحَ يَسْتَفْتِحُ اِسْتِفْتَاحٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَفْتُوْنَ	وہ فتویٰ چاہتے ہیں، حکمِ شرعی دریافت کرتے ہیں۔	(ف ت ی) ناقص یائی	اِسْتَفْتٰى يَسْتَفْتِىْ اِسْتِفْتَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَفِزَّ	(کہ) وہ پھسلا دے، قدم اُکھاڑ دے۔ (کسی کو مضطرب کر کے یا دھوکے سے اس کی عقل مار دینا)	(ف ز ز) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَفَزَّ يَسْتَفِزُّ اِسْتِفْزَازٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلَ	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْتَفِزُّوْنَ	وہ بہکاتے ہیں۔ (کسی کو مضطرب کر کے یا دھوکے سے اس کی عقل مار دینا)	(ف ز ز) ثلاثی، مضاعف	اِسْتَفَزَّ يَسْتَفِزُّ اِسْتِفْزَازٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَقْدِمُوْنَ	وہ جلدی کرتے ہیں، وہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ (آگے بڑھنے کا ارادہ رکھنا)	(ق د م) صحیح	اِسْتَقْدَمَ يَسْتَقْدِمُ اِسْتِقْدَامٌ (اِسْتِفْعَالٌ) وزن۔ يَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْتَقِيْمَ	(کہ) وہ سیدھا ہو جائے، سیدھے راستہ پر چلے۔ (کسی بات پر برقرار رہنا یا وہ چیز جو سیدھی اور متوازن ہو)	(ق و م) اجوف واوی	اِسْتَقَامَ يَسْتَقِيْمُ اِسْتِقَامَةٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن يَسْتَفْعِلَ	مضارع منصوب واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ/توضیح	مادہ/ہفت اقسام	باب/مصدر/وزن	صیغہ/وغیرہ
یَسْتَوِیَانِ	وہ دونوں برابر ہیں (حالت اور مقدار میں برابر ہونا)	(س و ی) لفیف مقرون	اِسْتَوٰی یَسْتَوِیْ اِسْتِوَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع تثنیہ مذکر غائب
یَسْتَهْزِئُ	وہ مذاق اُڑاتا ہے۔ (کسی چیز کو خلافِ عقل اور عجیب سمجھ کر مذاق اُڑانا)	(ہ ز ء) مہموز اللام	اِسْتَهْزَءَ یَسْتَهْزِئُ اِسْتِهْزَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن یَسْتَفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
یُسْتَهْزَأُ	مذاق اُڑایا جاتا ہے۔ (کسی چیز کو خلافِ عقل اور عجیب سمجھ کر مذاق اُڑانا)	(ہ ز ء) مہموز اللام	اِسْتَهْزَءَ یَسْتَهْزِئُ اِسْتِهْزَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن یُسْتَفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
یَسْتَهْزِئُوْنَ	وہ مذاق اُڑاتے ہیں۔ (کسی چیز کو خلافِ عقل اور عجیب سمجھ کر مذاق اُڑانا)	(ہ ز ء) مہموز اللام	اِسْتَهْزَءَ یَسْتَهْزِئُ اِسْتِهْزَاءٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن یَسْتَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْتَیْقِنَ	(تاکہ) وہ یقین کرلے۔ (کسی بات کا تجربہ کرنے کے بعد آہستہ آہستہ یقین کرنا)	(ی ق ن) مثال یائی	اِسْتَیْقَنَ یَسْتَیْقِنُ اِسْتِیْقَانٌ (اِسْتِفْعَالٌ) بروزن یَسْتَفْعِلَ	مضارع منصوب واحد مذکر غائب
یَسْجُدُ	وہ سجدہ کرتا ہے	(س ج د) صحیح	سَجَدَ یَسْجُدُ (ن) سُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْجُدَانِ	وہ دونوں سجدہ کرتے ہیں	(س ج د) صحیح	سَجَدَ یَسْجُدُ (ن) سُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع تثنیہ مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یَسْجُدُوْنَ	وہ سب سجدہ کرتے ہیں	(س ج د) صحیح	سَجَدَ یَسْجُدُ (ن) سُجُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یُسْجَرُوْنَ	وہ گرم کیے جائیں گے۔ (ایندھن بھر کر بھڑک میں شدت پیدا کرنا)	(س ج ر) صحیح	سَجَرَ یَسْجُرُ (ن) سَجْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
یُسْجَنَ	(کہ) اس کو قید میں ڈال دیا جائے	(س ج ن) صحیح	سَجَنَ یَسْجُنُ (ن) سَجْنٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
یُسْجَنَنَّ	وہ ضرور قید میں ڈال دیا جائے گا	(س ج ن) صحیح	سَجَنَ یَسْجُنُ (ن) سَجْنٌ (فَعْلٌ) بروزن لُیُفْعَلَنَّ	مضارع مجہول بانون تاکید واحد مذکر غائب
یُسْحَبُوْنَ	ان کو گھسیٹا جائے گا	(س ح ب) صحیح	سَحَبَ یَسْحَبُ (ف) سَحْبٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
یُسْحِتَ	(ایسا نہ ہو کہ) وہ ہلاک کر دے۔ (مفلوک الحالی سے تباہ ہونا)	(س ح ت) صحیح	اَسْحَتَ یُسْحِتُ اِسْحَاتٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
لَا یَسْخَرْ	وہ ہنسی نہ اڑائے۔ (کسی کے عیب بیان کر کے ازراہِ حقارت مذاق اڑانا)	(س خ ر) صحیح	سَخِرَ یَسْخَرُ (س) سَخْرٌ (فَعْلٌ)	نہی غائب معلوم واحد مذکر
یَسْخَرُوْنَ	وہ مذاق اڑاتے ہیں۔ (کسی کے عیب بیان کر کے ازراہِ حقارت مذاق اڑانا)	(س خ ر) صحیح	سَخِرَ یَسْخَرُ (س) سَخْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْخَطُوْنَ	وہ سخت ناراض ہوتے ہیں۔ (مرضی کے خلاف کام پر ناخوش ہونا)	(س خ ط) صحیح	سَخِطَ یَسْخَطُ (س) سَخَطٌ (فَعَلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یُسْرٌ	آسان ہونا۔ (وہ کام جو آسانی اور سہولت کے ساتھ سرانجام پا جائے)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَرَ یَیْسِرُ (ض) یُسْرٌ (فُعْلٌ)	اسم مصدر
یَسِّرْ	تو آسان کر دے۔ (وہ کام جو آسانی اور سہولت کے ساتھ سرانجام پا جائے)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَّرَ یُیَسِّرُ تَیْسِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ) بر وزن فَعِّلْ	امر واحد مذکر
یَسَّرَ	اس نے آسان کر دیا۔ (وہ کام جو آسانی اور سہولت کے ساتھ سرانجام پا جائے)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَّرَ یُیَسِّرُ تَیْسِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ) بر وزن فَعَّلَ	ماضی واحد مذکر غائب
یَسْرِ	وہ رات کو چلے گا	(س ر ی) ناقص یائی	سَرٰی یَسْرِیْ (ض) سُرًی (فُعَلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یُسْرًا	آسانی، سہولت۔ (وہ کام جو آسانی اور سہولت کے ساتھ سرانجام پا جائے)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَرَ یَیْسِرُ (ض) یُسْرٌ (فُعْلٌ) بر وزن فُعْلًا	اسم مصدر
یُسْرٰی	آسانی، سہولت۔ (مراد آسان شریعت) (وہ عمل خیر جو رضائے الٰہی کے حصول کا سبب ہو)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَرَ یَیْسِرُ (ض) یُسْرٌ (فُعْلٌ) بر وزن فُعْلٰی	اسم تفضیل واحد مؤنث
لَا یُسْرِفْ	وہ اسراف نہ کرے (جائز کاموں میں فضول خرچی کرنا)	(س ر ف) صحیح	اَسْرَفَ یُسْرِفُ اِسْرَافٌ (اِفْعَالٌ)	نہی غائب معلوم واحد مذکر

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
لَمْ يُسْرِفُوْا	انہوں نے اسراف نہیں کیا۔ (جائز کاموں میں فضول خرچی کرنا)	(س ر ف) صحیح	اَسْرَفَ يُسْرِفُ اِسْرَافٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
يَسْرِقْ	(اگر) اس نے چوری کی ہے	(س ر ق) صحیح	سَرَقَ يَسْرِقُ (ض) سَرَقٌ (فَعَلٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَسْرِقْنَ	وہ چوری کرتی ہیں یا کریں گی	(س ر ق) صحیح	سَرَقَ يَسْرِقُ (ض) سَرَقٌ (فَعَلٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
يَسَّرْنَا	ہم نے آسان کر دیا ہے۔ (وہ کام جو آسانی اور سہولت کے ساتھ سرانجام پا جائے)	(ی س ر) مثال یائی	يَسَّرَ يُيَسِّرُ تَيْسِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن فَعَّلْنَا	ماضی جمع متکلم
يُسِرُّوْنَ	وہ چھپاتے ہیں۔ (کسی راز کی بات کو ازراہِ مصلحت چھپانا)	(س ر ر) ثلاثی، مضاعف	اَسَرَّ يُسِرُّ اِسْرَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْطُرُوْنَ	وہ لکھتے ہیں، تحریر کرتے ہیں (سطور بنا کر لکھنا)	(س ط ر) صحیح	سَطَرَ يَسْطُرُ (ن) سَطْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْطُوْنَ	وہ حملہ کرتے ہیں۔ (حملہ میں سختی کرنا اور مغلوب کرنے کی کوشش کرنا)	(س ط و) ناقص واوی	سَطَا يَسْطُوْ (ن) سَطْوَةٌ (فَعْلَةٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
اَلْيَسَعُ	ایک پیغمبرؑ کا نام۔ (حضرت الیاس علیہ السلام کے خلیفہ تھے۔ بعد میں نبوت عطا ہوئی۔ آپ علیہ السلام کا حلقۂ تبلیغ شام کا علاقہ تھا)	(ی س ع) مثال یائی	بروزن فَعَلُ	اسم علم

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یَسْعٰی	وہ دوڑتا ہے، کوشش کرتا ہے (چلنے اور دوڑنے کی درمیانی چال)	(س ع ی) ناقص یائی	سَعٰی یَسْعٰی (ف) سَعْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْعَوْنَ	وہ دوڑتے ہیں، کوشش کرتے ہیں۔ (چلنے اور دوڑنے کی درمیانی چال)	(س ع ی) ناقص یائی	سَعٰی یَسْعٰی (ف) سَعْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یَسْفِكُ	وہ خون بہائے، خون ریزی کرتا ہے۔ (ناجائز قتل کرنا اور خون ریزی کرنا)	(س ف ک) صحیح	سَفَکَ یَسْفِکُ (ض) سَفْکٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یُسْقٰی	اسے پلایا جاتا ہے یا پلایا جائے گا۔ (کسی کو پانی پلانا)	(س ق ی) ناقص یائی	سَقٰی یَسْقِیْ (ض) سَقْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
یَسْقُوْنَ	وہ پلاتے ہیں، سیراب کرتے ہیں۔ (کسی کو پانی پلانا)	(س ق ی) ناقص یائی	سَقٰی یَسْقِیْ (ض) سَقْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
یُسْقَوْنَ	ان کو پلایا جائے گا، سیراب کیا جائے گا۔ (کسی کو پانی پلانا)	(س ق ی) ناقص یائی	سَقٰی یَسْقِیْ (ض) سَقْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
یَسْقِیْ	وہ پلاتا ہے، یا پلائے گا (کسی کو پانی پلانا)	(س ق ی) ناقص یائی	سَقٰی یَسْقِیْ (ض) سَقْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْقِیْنِ	وہ مجھ کو پلاتا ہے، مجھے سیراب کرتا ہے۔ (کسی کو پانی پلانا)	(س ق ی) ناقص یائی	سَقٰی یَسْقِیْ (ض) سَقْیٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسْکُنَ	(تاکہ) وہ سکون حاصل کرے	(س ک ن) صحیح	سَکَنَ یَسْکُنُ (ن) سُکُوْنٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُسْكِنْ يُسْكِنِ	وہ ساکن کردے	(س ک ن) صحیح	اَسْكَنَ يُسْكِنُ اِسْكَانٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَسْكُنُوْا	(تاکہ) وہ سکون حاصل کریں	(س ک ن) صحیح	سَكَنَ يَسْكُنُ (ن) سُكُوْنٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَسْلُبْ	(اگر) وہ چھین لے۔ (کسی چیز کو دوسرے سے زبردستی لے لینا)	(س ل ب) صحیح	سَلَبَ يَسْلُبُ (ن) سَلْبٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يُسَلِّطُ	وہ مسلط کرتا ہے، غالب کرتا ہے۔ (ایسا غلبہ جس کے ساتھ دباؤ بھی ہو)	(س ل ط) صحیح	سَلَّطَ يُسَلِّطُ تَسْلِيْطٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْلُكُ	وہ چلاتا ہے، داخل کرتا ہے (راستہ پر چلانا یا راہ چلنا)	(س ل ک) صحیح	سَلَكَ يَسْلُكُ (ن) سَلْكٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُسْلِمْ	وہ سونپ دے، سپرد کردے فرمانبرداری کرے	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يُسَلِّمُوْا	وہ قبول کرلیں، خوشی سے مان لیں	(س ل م) صحیح	سَلَّمَ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يُسْلِمُوْنَ	وہ اسلام لاتے ہیں فرمانبرداری کرتے ہیں	(س ل م) صحیح	اَسْلَمَ يُسْلِمُ اِسْلَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسْمَعُ	وہ سنتا ہے یا سنے گا	(س م ع) صحیح	سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یُسْمِعُ	وہ سناتا ہے یا سنائے گا	(س م ع) صحیح	اَسْمَعَ يُسْمِعُ اِسْمَاعٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسْمَعُوْنَ	وہ سنتے ہیں یا سنیں گے	(س م ع) صحیح	سَمِعَ يَسْمَعُ سَمْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَسَّمَّعُوْنَ	وہ خوب کان لگا کر سنتے ہیں۔ (اصل میں يَتَسَمَّعُوْنَ تھا۔ ت کو س سے بدل کر س میں ادغام کر دیا)	(س م ع) صحیح	تَسَمَّعَ يَتَسَمَّعُ تَسَمُّعٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن يَتَفَعَّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يُسَمُّوْنَ	وہ نام رکھتے ہیں نام لیتے ہیں	(س م و) ناقص واوی	سَمّٰى يُسَمِّيْ تَسْمِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُسْمِنُ	وہ فربہ کرے گا	(س م ن) صحیح	اَسْمَنَ يُسْمِنُ اِسْمَانٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَسُوْٓءُ	(تاکہ) وہ بگاڑ دیں۔ (ظاہری اور معنوی بدصورتی دونوں کے لیے مستعمل ہے)	(س و ء) اجوف واوی مہموز اللام	سَآءَ يَسُوْءُ (ن) سَوْءٌ (فَعْلٌ) بروزن لِيَفْعَلُوْا	مضارع واحد مذکر غائب
يَسُوْمُ	وہ تکلیف دیتا تھا۔ (ایسی تکلیف جس میں ذلت وخواری کا پہلو بھی شامل ہو)	(س و م) اجوف واوی	سَامَ يَسُوْمُ (ن) سَوْمٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلُ	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یَسُوْمُوْنَ	وہ تکلیف دیتے ہیں، ستاتے ہیں۔ (ایسی تکلیف جس میں ذلت وخواری کا پہلو بھی شامل ہو)	(س و م) اجوف واوی	سَامَ یَسُوْمُ (ن) سَوْمٌ (فَعْلٌ) بروزن یَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
یُسَیِّرُ	وہ چلاتا ہے، سیر کرواتا ہے، لے چلتا ہے۔	(س ی ر) اجوف یائی	سَیَّرَ یُسَیِّرُ تَسْیِیْرٌ (تَفْعِیْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَسِیْرٌ	آسان، تھوڑا، ہلکا۔ (بات یا کام جو فاعل سے بسہولت سرانجام پائے)	(ی س ر) مثال یائی	یَسَرَ یَیْسِرُ (ض) یُسْرٌ (فُعْلٌ)	صفت مشبہ واحد مذکر
لَمْ یَسِیْرُوْا	انہوں نے سیر نہیں کی	(س ی ر) اجوف یائی	سَارَ یَسِیْرُ (ض) سَیْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
یُسِیْغُ	وہ بآسانی حلق سے اتارتا ہے۔ (کسی چیز کا خوشگوار ہونے کی وجہ سے بسہولت معدہ میں اتر جانا)	(س و غ) اجوف واوی	اَسَاغَ یُسِیْغُ اِسَاغَۃٌ (اِفْعَالٌ) بروزن یُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
یَشَآءُ	وہ چاہتا ہے، ارادہ کرتا ہے۔ (ایسی خواہش یا ارادہ جو اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے تابع ہو)	(ش ی أ) اجوف یائی، مہموز اللام	شَآءَ یَشَآءُ (ف) مَشِیْئَۃٌ (مَفْعِلَۃٌ) بروزن یَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر غائب
یَشَآءُوْنَ	وہ چاہتے ہیں یا چاہیں گے۔ (ایسی خواہش یا ارادہ جو اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے تابع ہو)	(ش ی أ) اجوف یائی، مہموز اللام	شَآءَ یَشَآءُ (ف) مَشِیْئَۃٌ (مَفْعِلَۃٌ) بروزن یَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُشَاقِقْ	وہ مخالفت کرے گا، وہ دشمنی کرے۔ (ایسی مخالفت جس میں ہر فریق مخالف جانب کو اختیار کرے)	(ش ق ق) ثلاثی، مضاعف	شَاقَّ يُشَاقُّ مُشَاقَّةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بروزن يُفَاعِلُ	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يُشَاقِّ	(کہ) وہ دشمنی کرے، مخالفت کرے۔ (ایسی مخالفت جس میں ہر فریق مخالف جانب کو اختیار کرے)	(ش ق ق) ثلاثی مضاعف	شَاقَّ يُشَاقُّ مُشَاقَّةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بروزن يُفَاعِلِ	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَشْتَرُوْا	(تاکہ) وہ خرید لیں	(ش ر ی) ناقص یائی	اِشْتَرٰی يَشْتَرِیْ اِشْتِرَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَشْتَرُوْنَ	وہ خرید لیتے ہیں بدلہ میں لیتے ہیں	(ش ر ی) ناقص یائی	اِشْتَرٰی يَشْتَرِیْ اِشْتِرَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْتَرِیْ	وہ خریدتا ہے بدلہ میں لیتا ہے	(ش ر ی) ناقص یائی	اِشْتَرٰی يَشْتَرِیْ اِشْتِرَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْتَهُوْنَ	وہ خواہش کرتے ہیں، وہ چاہتے ہیں۔ (مرغوب چیزوں کی خواہش کرنا)	(ش ہ و) ناقص واوی	اِشْتَهٰی يَشْتَهِیْ اِشْتِهَاءٌ (اِفْتِعَالٌ) بروزن يَفْتَعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْرَبُ	وہ پیتا ہے یا پیئے گا	(ش ر ب) صحیح	شَرِبَ يَشْرَبُ (س) شُرْبٌ (فُعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْرَبُوْنَ	وہ پئیں گے	(ش ر ب) صحیح	شَرِبَ يَشْرَبُ (س) شُرْبٌ (فُعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَشْرَحُ	وہ کھول دیتا ہے یا کھولے گا (مشکل کلام کے معانی کھولنا)	(ش ر ح) صحیح	شَرَحَ يَشْرَحُ (ف) شَرْحٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُشْرِكُ	وہ شرک کرتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں غیر کو شریک کرنا)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُشْرَكُ	اگر (اس کے ساتھ) شریک کیا جائے۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں غیر کو شریک کرنا)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُشْرِكْنَ	شرک کریں گی۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں غیر کو شریک کرنا)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
يُشْرِكُوْنَ	وہ شرک کرتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں غیر کو شریک کرنا)	(ش ر ک) صحیح	اَشْرَكَ يُشْرِكُ اِشْرَاكٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْرُوْنَ	وہ بیچ دیتے ہیں وہ لین دین کرتے ہیں	(ش ر ی) ناقص یائی	شَرٰى يَشْرِىْ (ض) شِرَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْرِىْ	وہ بیچتا ہے وہ لین دین کرتا ہے	(ش ر ی) ناقص یائی	شَرٰى يَشْرِىْ (ض) شِرَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُشْعِرُ	وہ بتا دیتا ہے، خبردار کرے گا (کسی معاملہ سے آگاہ کرنا)	(ش ع ر) صحیح	اَشْعَرَ يُشْعِرُ اِشْعَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْعُرُوْنَ	جانتے ہیں، سمجھتے ہیں۔ (کسی معاملہ کی باریکی یا لطافت کو سمجھ لینا)	(ش ع ر) صحیح	شَعَرَ يَشْعُرُ (ن) شُعُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَشْفَعُ	وہ سفارش کرتا ہے، شفاعت کرے گا۔	(ش ف ع) صحیح	شَفَعَ يَشْفَعُ (ف) شَفَاعَةٌ (فَعَالَةٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْفَعُوْنَ	وہ سفارش کرتے ہیں شفاعت کریں گے	(ش ف ع) صحیح	شَفَعَ يَشْفَعُ (ف) شَفَاعَةٌ (فَعَالَةٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْفِ	وہ شفا دے گا۔ (مرض سے نجات پانا، سلامتی سے، ہمکنار ہونا)	(ش ف ی) ناقص یائی	شَفٰی يَشْفِيْ (ض) شِفَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَشْفِيْنِ	وہ مجھ کو شفا دیتا ہے۔ (مرض سے نجات پانا، سلامتی سے، ہمکنار ہونا)	(ش ف ی) ناقص یائی	شَفٰی يَشْفِيْ (ض) شِفَاءٌ (فِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
لَا يَشْقٰى	وہ بدنصیب نہیں ہوگا (وہ شخص جو فطرتاً ہی بدبخت اور بدنصیب ہو)	(ش ق ی) ناقص یائی (ش ق و) ناقص واوی	شَقٰی يَشْقٰى (س) شَقَاوَةٌ (فَعَالَةٌ) بروزن يَفْعَلُ	مضارع منفی واحد مذکر غائب
يَشَّقَّقُ	وہ پھٹ جاتا ہے (اصل میں يَتَشَقَّقُ تھا) (کسی سخت چیز کا پھٹ کر دو حصے ہو جانا)	(ش ق ق) ثلاثی، مضاعف	تَشَقَّقَ يَتَشَقَّقُ تَشَقُّقٌ (تَفَعُّلٌ) بروزن يَتَفَعَّلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْكُرُ	وہ شکر کرتا ہے (اللہ تعالیٰ کے احسانات وانعامات کا اظہار واقرار کرنا)	(ش ک ر) صحیح	شَكَرَ يَشْكُرُ (ن) شُكْرٌ (فُعْلٌ) بروزن يَفْعُلُ	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَشْكُرُوْنَ	وہ شکر کرتے ہیں (اللہ تعالیٰ کے احسانات وانعامات کا اظہار واقرار کرنا)	(ش ک ر) صحیح	شَكَرَ يَشْكُرُ (ن) شُكْرٌ (فُعْلٌ) بروزن يَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَشْوِيْ	وہ بھون دے گا۔ (گوشت وغیرہ کو آگ میں بھونا)	(ش و ی) لفیف مقرون	شَوٰى يَشْوِيْ (ض) شَيٌّ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْهَدُ	وہ گواہی دیتا ہے، حاضر ہوتا ہے۔ (ایسی بات کا اقرار جس کا تعلق اپنی ذات سے ہو)	(ش ہ د) صحیح	شَهِدَ يَشْهَدُ (س) شُهُوْدٌ (فُعُوْلٌ) بروزن يَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُشْهِدُ	وہ گواہ بناتا ہے (موجود ہونا، دیکھنا اور بیان کرنا)	(ش ہ د) صحیح	اَشْهَدَ يُشْهِدُ اِشْهَادٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَشْهَدُوْا	(تاکہ) وہ حاضر ہوں (موجود ہونا، دیکھنا اور بیان کرنا)	(ش ہ د) صحیح	شَهِدَ يَشْهَدُ (س) شُهُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَشْهَدُوْنَ	وہ گواہی دیتے ہیں، حاضر ہوتے ہیں۔ (موجود ہونا، دیکھنا اور بیان کرنا)	(ش ہ د) صحیح	شَهِدَ يَشْهَدُ (س) شُهُوْدٌ (فُعُوْلٌ) بروزن يَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يُصَبُّ	وہ ڈالا جائے گا (پانی کا گرانا یا انڈیلنا)	(ص ب ب) ثلاثی، مضاعف	صَبَّ يَصُبُّ (ن) صَبٌّ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
لَمْ يُصِبْ	وہ نہیں پہنچا۔ (خدا کی طرف سے انسان کو تنگی یا بھلائی پہنچنا)	(ص و ب) اجوف واوی	اَصَابَ يُصِيْبُ اِصَابَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُصْبِحُ	وہ صبح کرے گا، وہ ہو جائے گا۔ (بمعنی صیرورۃ۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی تبدیلی کے لیے)	(ص ب ح) صحیح	اَصْبَحَ يُصْبِحُ اِصْبَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْبِحُوْا	وہ صبح کرتے ہیں، وہ ہو جائیں۔ (بمعنی صیرورۃ۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی تبدیلی کے لیے)	(ص ب ح) صحیح	اَصْبَحَ يُصْبِحُ اِصْبَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُوْا	مضارع جمع مذکر غائب
يُصْبِحُنَّ	وہ ضرور ہو جائیں گے۔ (بمعنی صیرورۃ۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی تبدیلی کے لیے)	(ص ب ح) صحیح	اَصْبَحَ يُصْبِحُ اِصْبَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُنَّ	مضارع مؤکد جمع مذکر غائب
يَصْبِرْ	وہ صبر کرتا ہے، ثابت قدم رہے گا۔ (ہر قسم کی سختی اور مصیبت کے وقت بے قراری سے پرہیز کرنا)	(ص ب ر) صحیح	صَبَرَ يَصْبِرُ (ض) صَبْرٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعِلْ	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَصْبِرُوْا	(اگر) وہ صبر کریں گے۔ (ہر قسم کی سختی اور مصیبت کے وقت بے قراری سے پرہیز کرنا)	(ص ب ر) صحیح	صَبَرَ يَصْبِرُ (ض) صَبْرٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعِلُوْا	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
يُصْحَبُوْنَ	ان کا ساتھ دیا جائے گا۔ (عرصہ دراز تک ساتھ رہنے والا)	(ص ح ب) صحیح	اَصْحَبَ يُصْحِبُ اِصْحَابٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَصُدَّ	(کہ) وہ روک دے۔ (نرم برتاؤ سے آہستہ آہستہ کسی کو اس کے قصد وارادہ سے روکنا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصُدُّ (ن) صَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلَ	مضارع منصوب واحد مذکر غائب
يَصْدُرُ	وہ ظاہر ہوگا، وہ نکلے گا۔ (کسی کام سے بخیروخوبی فراغت پانا)	(ص د ر) صحیح	صَدَرَ يَصْدُرُ (ن) صُدُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْدِرَ	(یہاں تک کہ) وہ پرے ہٹالیں۔ (پانی سے سیر ہوکر لوٹنا)	(ص د ر) صحیح	اَصْدَرَ يُصْدِرُ اِصْدَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع منصوب واحد مذکر غائب
يَصَّدَّعُوْنَ	گروہ درگروہ ہو جائیں گے، جدا جدا ہو جائیں گے۔ (پھٹ کر کئی حصوں میں بٹ جانا)	(ص د ع) صحیح	تَصَدَّعَ يَتَصَدَّعُ تَصَدُّعٌ (تَفَعُّلٌ) وزن۔ يَتَفَعَّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يُصَدَّعُوْنَ	ان کے سر میں درد ہوگا	(ص د ع) صحیح	صَدَّعَ يُصَدِّعُ تَصْدِيْعٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَصْدِفُوْنَ	وہ کنارہ کرتے ہیں، پھر جاتے ہیں، اعراض کرتے ہیں۔ (سخت اعراض کرنا)	(ص د ف) صحیح	صَدَفَ يَصْدِفُ (ض) صَدْفٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يُصَدِّقُ	وہ سچا کہے گا، سچا بتلائے گا (خلاف واقعہ کوئی بات نہ کہنا)	(ص د ق) صحیح	صَدَّقَ يُصَدِّقُ تَصْدِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / دغیرہ
يَصَّدَّقُوْا	(کہ) وہ خیرات کردیں، چھوڑ دیں، معاف کر دیں۔ (اپنا حق دوسرے کو معاف کر دینا)	(ص د ق) صحیح	تَصَدَّقَ يَتَصَدَّقُ تَصَدُّقٌ (تَفَعُّلٌ) وزن ۔ يَتَفَعَّلُوْا	مضارع جمع مذکر غائب
يُصَدِّقُوْنَ	وہ سچا جانتے ہیں (خلاف واقعہ کوئی بات نہ کہنا)	(ص د ق) صحیح	صَدَّقَ يُصَدِّقُ تَصْدِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
لَا يَصُدَّنَّ	(ایسا) ہرگز نہ ہو کہ وہ باز رکھے۔ (نرم برتاؤ سے آہستہ آہستہ کسی کو اس کے قصد وارادہ سے روکنا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصُدُّ (ن) صَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلَنَّ	نہی غائب بانون تاکید جمع مذکر
لَا يَصُدُّنَّ	وہ ہرگز روک نہ دیں۔ (نرم برتاؤ سے آہستہ آہستہ کسی کو اس کے قصد وارادہ سے روکنا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصُدُّ (ن) صَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن لَيَفْعُلُنَّ	نہی غائب بانون تاکید جمع مذکر غائب
يَصُدُّوْا	(تاکہ) وہ روک دیں، ہٹادیں۔ (نرم برتاؤ سے آہستہ آہستہ کسی کو اس کے قصد وارادہ سے روکنا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصُدُّ (ن) صَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن لِيَفْعُلُوْا	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَصُدُّوْنَ	وہ روکتے ہیں۔ (نرم برتاؤ سے آہستہ آہستہ کسی کو اس کے قصد وارادہ سے روکنا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصُدُّ (ن) صَدٌّ (فَعْلٌ) بروزن لَيَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَصِدُّوْنَ	وہ شور کرتے ہیں (خواہ مخواہ شور مچانا)	(ص د د) ثلاثی، مضاعف	صَدَّ يَصِدُّ (ض) صَدِيْدٌ (فَعِيْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُصِرُّ	وہ ضد کرتا ہے، قائم رہتا ہے۔ (کسی برے کام پر اڑ جانا یا اڑے رہنا)	(ص ر ر) ثلاثی، مضاعف	اَصَرَّ يُصِرُّ اِصْرَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَصْرِفُ	وہ پھیر دیتا ہے، ہٹا دیتا ہے۔ (رخ پھیرنے کے لیے مستعمل ہے)	(ص ر ف) صحیح	صَرَفَ يَصْرِفُ (ض) صَرْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْرَفُ	وہ پھیر لیا جائے گا۔ (محض رخ پھیرنے کے معنی میں مستعمل ہے)	(ص ر ف) صحیح	صَرَفَ يَصْرِفُ (ض) صَرْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُصْرَفُوْنَ	وہ پھیرے جاتے ہیں۔ (محض رخ پھیرنے کے معنی میں مستعمل ہے)	(ص ر ف) صحیح	صَرَفَ يَصْرِفُ (ض) صَرْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَصْرِمُنَّ	وہ ضرور توڑ لیں گے۔ (تیز دھار آلہ سے پھلوں کے گچھے کاٹنا)	(ص ر م) صحیح	صَرَمَ يَصْرِمُ (ض) صَرْمٌ (فَعْلٌ)	مضارع مؤکد جمع مذکر غائب
لَمْ يُصِرُّوْا	انہوں نے اصرار نہیں کیا۔ (کسی برے کام پر اڑ جانا یا اڑے رہنا)	(ص ر ر) ثلاثی، مضاعف	اَصَرَّ يُصِرُّ اِصْرَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جحد معلوم جمع مذکر غائب
يُصِرُّوْنَ	وہ اصرار کرتے ہیں۔ (کسی برے کام پر اڑ جانا یا اڑے رہنا)	(ص ر ر) ثلاثی، مضاعف	اَصَرَّ يُصِرُّ اِصْرَارٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَصْطَرِخُوْنَ	وہ چلائیں گے۔ (فریاد کے طور پر چلاّنا)	(ص ر خ) صحیح	اِصْطَرَخَ يَصْطَرِخُ اِصْطِرَاخٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَصْطَفِيْ	وہ چن لیتا ہے۔ (کسی چیز کو پاکیزگی کی بنا پر چن لینا)	(ص ف و) ناقص واوی	اِصْطَفٰى يَصْطَفِيْ اِصْطِفَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَصْعَدُ	وہ چڑھتا ہے۔ (کسی بلند مقام پر مشقت سے چڑھنا)	(ص ع د) صحیح	صَعِدَ يَصْعَدُ (س) صُعُوْدٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَصَّعَّدُ	وہ مشکل سے چڑھتا ہے۔ (کسی بلند مقام پر مشقت سے چڑھنا)	(ص ع د) صحیح	تَصَعَّدَ يَتَصَعَّدُ تَصَعُّدٌ (تَفَعُّلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْعَقُوْنَ	وہ سخت آواز سے بے ہوش ہو جائیں گے، بجلی گرے گی۔ (کسی آسمان حادثہ سے بے ہوش ہونا)	(ص ع ق) صحیح	صَعِقَ يَصْعَقُ (س) صَعْقٌ (فَعْلٌ) بر وزن يُفْعَلُوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَصْفَحُوْا	ان کو چاہیے کہ درگزر کریں۔ (کسی کو اس کے قصور کا احساس نہ ہونے دینا اور درگزر کرنا)	(ص ف ح) صحیح	صَفَحَ يَصْفَحُ (ف) صَفْحٌ (فَعْلٌ) بر وزن يَفْعَلُوْا	مضارع جمع مذکر غائب
يَصِفُوْنَ	وہ صفت بیان کرتے ہیں یا کریں گے۔ (کسی چیز کا حلیہ یا منظر کشی کرنا خواہ وہ صحیح ہو یا غلط)	(و ص ف) مثال واوی	وَصَفَ يَصِفُ (ض) وَصْفٌ (فَعْلٌ) بر وزن يَعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَصْلٰى	داخل ہوگا، وہ آگ میں جلے گا	(ص ل ی) ناقص یائی	صَلِيَ يَصْلٰى (س) صِلِيٌّ (فِعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْلَبُ	اس کو سولی پر لٹکا دیا جائے گا	(ص ل ب) صحیح	صَلَبَ يَصْلِبُ (ض) صَلْبٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُصَلَّبُوْا	(یا کہ) ان کو سولی پر چڑھا دیا جائے	(ص ل ب) صحیح	صَلَّبَ يُصَلِّبُ تَصْلِيْبٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب

صیغہ/وغیرہ	باب/مصدر/وزن	مادہ/ہفت اقسام	ترجمہ/توضیح	کلمات
مضارع واحد مذکر غائب	اَصْلَحَ يُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ)	(ص ل ح) صحیح	وہ اصلاح کرتا ہے۔ (ہر قسم کی خرابی اور بگاڑ کو درست کرنا)	يُصْلِحُ يُصْلِحُ
مضارع تثنیہ مذکر غائب	اَصْلَحَ يُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ)	(ص ل ح) صحیح	(کہ) وہ دونوں صلح کر لیں۔ (ہر قسم کی خرابی اور بگاڑ کو درست کرنا)	يُصْلِحَا
مضارع جمع مذکر غائب	اَصْلَحَ يُصْلِحُ اِصْلَاحٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُوْنَ	(ص ل ح) صحیح	وہ اصلاح کرتے ہیں، درست کرتے ہیں۔ (ہر قسم کی خرابی اور بگاڑ کو درست کرنا)	يُصْلِحُوْنَ
امر غائب جمع مذکر	صَلّٰى يُصَلِّيْ تَصْلِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	(ص ل و) ناقص واوی	انہوں چاہیے کہ وہ نماز پڑھ لیں	يُصَلُّوْا
مضارع جمع مذکر غائب	صَلّٰى يُصَلِّيْ تَصْلِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ) بروزن يُفَعُّوْنَ	(ص ل و) ناقص واوی	وہ رحمت بھیجتے ہیں، رحمت کی دعا کرتے ہیں۔ (اگر صلہ عَلٰی ہو تو رحمت کی دعا کرنا درود بھیجنا)	يُصَلُّوْنَ عَلٰى
مضارع واحد مذکر غائب	صَلّٰى يُصَلِّيْ تَصْلِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ)	(ص ل و) ناقص واوی	وہ نماز پڑھتا ہے، نماز پڑھ رہا ہے	يُصَلِّيْ
مضارع واحد مذکر غائب	صَلّٰى يُصَلِّيْ تَصْلِيَةٌ (تَفْعِلَةٌ) بروزن يُفَعِّلُ	(ص ل و) ناقص واوی	وہ رحمت بھیجتا ہے، رحمت کی دعا کرتا ہے۔ (اگر صلہ عَلٰی ہو تو رحمت کی دعا کرنا درود بھیجنا)	يُصَلِّيْ عَلٰى
مضارع مؤکد جمع مذکر غائب	وَصَلَ يَصِلُ (ض) وَصْلٌ (فَعْلٌ)	(و ص ل) مثال واوی	وہ ہرگز نہیں پہنچ سکتے۔ (کسی چیز تک پہنچنا اور مل جانا)	لَنْ يَّصِلُوْا

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَصِلُوْنَ	وہ جوڑتے ہیں، ملاتے ہیں۔ (کسی چیز تک پہنچنا اور مل جانا)	(و ص ل) مثال واوی	وَصَلَ يَصِلُ (ض) وَصْلٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَصْلَوْنَ	وہ داخل ہوں گے، وہ آگ میں جلیں گے۔	(ص ل ی) ناقص یائی	صَلِيَ يَصْلٰى (س) صِلِيٌّ (فِعِيْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَصُمْ	اس کو چاہیے کہ روزہ رکھے	(ص و م) اجوف واوی	صَامَ يَصُوْمُ (ن) صَوْمٌ (فَعْلٌ)	امر غائب واحد مذکر
يَصْنَعُ	وہ بناتا ہے یا بنا رہا ہے۔ (کسی کام کو فنی مہارت سے کرنا)	(ص ن ع) صحیح	صَنَعَ يَصْنَعُ (ف) صُنْعٌ (فُعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَصْنَعُوْنَ	وہ بناتے ہیں۔ (کسی کام کو فنی مہارت سے کرنا)	(ص ن ع) صحیح	صَنَعَ يَصْنَعُ (ف) صُنْعٌ (فُعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُصَوِّرُ	وہ صورت بناتا ہے	(ص و ر) اجوف واوی	صَوَّرَ يُصَوِّرُ تَصْوِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصْهَرُ	وہ پگھلایا جائے گا۔ (اتنی حرارت جس سے چربی پگھل جائے اور گوشت گل جائے)	(ص ہ ر) صحیح	صَهَرَ يَصْهَرُ (ف) صَهْرٌ (فَعْلٌ) بروزن يُفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُصِيْبُ	وہ پہنچتا ہے یا پہنچے گا۔ (اللہ کی طرف سے انسان کو تنگی یا بھلائی پہنچنا)	(ص و ب) اجوف واوی	اَصَابَ يُصِيْبُ اِصَابَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُصِيْبُ (ب)	وہ پہنچاتا ہے۔ (اللہ کی طرف سے انسان کو تنگی یا بھلائی پہنچنا)	(ص و ب) اجوف واوی	اَصَابَ يُصِيْبُ اِصَابَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

صیغہ/وغیرہ	باب/مصدر/وزن	مادہ/ہفت اقسام	ترجمہ/توضیح	کلمات
نفی مضارع مجہول واحد مذکر غائب	ضَارَّ يُضَارُّ ضِرَارٌ (فِعَالٌ، مُفَاعَلَةٌ)	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	اسے نقصان نہ پہنچایا جائے	لَا يُضَآرَّ
مضارع واحد مذکر غائب	ضَاعَفَ يُضَاعِفُ مُضَاعَفَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	(ض ع ف) صحیح	وہ دوگنا کرتا ہے، بڑھاتا ہے۔ (دوگنا یا اس سے بھی زیادہ بڑھانا)	يُضَاعِفُ
مضارع مجہول واحد مذکر غائب	ضَاعَفَ يُضَاعِفُ مُضَاعَفَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	(ض ع ف) صحیح	وہ دوگنا کیا جائے گا، بڑھایا جائے گا۔ (دوگنا یا اس سے بھی زیادہ بڑھانا)	يُضَاعَفُ
مضارع جمع مذکر غائب	ضَاهٰى يُضَاهِيُ مُضَاهَاةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بروزن يُفَاعِلُوْنَ	(ض ہ ء) مہموز اللام	وہ مشابہت کرتے ہیں۔ (شکل وصورت یا عادات واطوار میں مشابہ ہونا)	يُضَاهِئُوْنَ
امر غائب جمع مذکر	ضَحِكَ يَضْحَكُ (س) ضِحْكٌ (فِعْلٌ)	(ض ح ک) صحیح	ان کو چاہیے کہ وہ ہنسیں	يَضْحَكُوْا
مضارع واحد مذکر غائب	ضَرَّ يَضُرُّ (ن) ضَرٌّ (فَعْلٌ)	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	وہ تکلیف دیتا ہے وہ نقصان کرتا ہے	يَضُرُّ
مضارع مؤکد واحد مذکر غائب	ضَرَّ يَضُرُّ (ن) ضَرٌّ (فَعْلٌ)	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	وہ ہرگز تکلیف نہیں دے سکتا	لَنْ يَّضُرَّ
مضارع واحد مذکر غائب	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبٌ (فَعْلٌ)	(ض ر ب) صحیح	وہ مارتا ہے، واضح کرتا ہے، وہ بیان کرے۔ (مختلف الفاظ کے ساتھ مختلف معانی دیتا ہے)	يَضْرِبُ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَضْرِبْنَ	(ان کو چاہیے) کہ وہ اوڑھے رہا کریں۔	(ض ر ب) صحیح	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
لَا يَضْرِبْنَ	وہ مت ماریں، زور سے مت رکھیں	(ض ر ب) صحیح	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبٌ (فَعْلٌ)	نفی مضارع جمع مؤنث غائب
يَضْرِبُوْنَ	وہ مارتے ہیں وہ چلتے ہیں	(ض ر ب) صحیح	ضَرَبَ يَضْرِبُ ضَرْبٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَضَّرَّعُوْنَ	وہ عاجزی کرتے ہیں، گڑگڑاتے ہیں۔ (چپکے چپکے رو کر اللہ کے سامنے اپنی عاجزی کا اظہار کرنا)	(ض ر ع) صحیح	تَضَرَّعَ يَتَضَرَّعُ تَضَرُّعٌ (تَفَعُّلٌ) بر وزن يَتَفَعَّلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَضُرُّوْنَ	وہ نقصان پہنچاتے ہیں	(ض ر ر) ثلاثی، مضاعف	ضَرَّ يَضُرُّ (ن) ضَرٌّ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَضَعُ	وہ رکھتا ہے، دور کر دے گا	(و ض ع) مثال واوی	وَضَعَ يَضَعُ (ف) وَضْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَضَعْنَ	وہ جنتی ہیں، رکھتی ہیں	(و ض ع) مثال واوی	وَضَعَ يَضَعُ (ف) وَضْعٌ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
يَضِلُّ	وہ گمراہ ہوتا ہے۔ (عمداً یا سہواً راہِ راست سے بھٹک جانا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	ضَلَّ يَضِلُّ (ض) ضَلَالٌ (فَعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُضَلُّ	وہ گمراہ کیا جاتا ہے (راہِ راست سے بہکا دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	ضَلَّ يَضِلُّ (ض) ضَلَالٌ (فَعَالٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ/توضیح	مادہ/ہفت اقسام	باب/مصدر/وزن	صیغہ/وغیرہ
يُضِلُّ يُضِلَّ	وہ گمراہ کرتا ہے (راہِ راست سے بہکا دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُضْلِلْ	وہ گمراہ کرتا ہے یا کرے گا (راہِ راست سے بہکا دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يُضِلُّوْا	(تاکہ) وہ گمراہ کردیں (راہِ راست سے بہکا دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يُضِلُّوْنَ	وہ گمراہ کرتے ہیں (راہِ راست سے بہکا دینا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	اَضَلَّ يُضِلُّ اِضْلَالٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَضِلُّوْنَ	وہ گمراہ ہوتے ہیں۔ (عمداً یا سہواً راہِ راست سے بھٹک جانا)	(ض ل ل) ثلاثی، مضاعف	ضَلَّ يَضِلُّ (ض) ضَلَالٌ (فَعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُضِيْٓءُ	وہ روشنی کرتا ہے (ایسی روشنی جس میں حرارت اور سرخی بھی ہو)	(ض و ء) اجوف واوی مہموز اللام	اَضَاءَ يُضِيْءُ اِضَاءَةٌ (اِفْعَالٌ) بر وزن يُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُضِيْعُ	وہ ضائع کرتا ہے۔ (کسی بھی وجہ سے کوئی چیز ضائع کردینا)	(ض ی ع) اجوف یائی	اَضَاعَ يُضِيْعُ اِضَاعَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُضَيِّفُوْا	(کہ) وہ مہمان نوازی کریں	(ض ی ف) اجوف یائی	ضَيَّفَ يُضَيِّفُ تَضْيِيْفٌ (تَفْعِيْلٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَضِيْقُ	وہ تنگ ہوتا ہے، گھٹتا ہے (جگہ کی تنگی پر استعمال ہوتا ہے)	(ض ی ق) اجوف یائی	ضَاقَ يَضِيْقُ ضِيْقٌ (فِعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُطَاعَ يُطَاعَ	(کہ) اس کا حکم مانا جائے، اس کی اطاعت کی جائے۔ (دل کی خوشی کے ساتھ کسی کا حکم بجالانا)	(ط و ع) اجوف واوی	اَطَاعَ يُطِيْعُ اِطَاعَةٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُطَافُ	پھیرا جائے گا (کسی چیز کے چاروں طرف پھرنا)	(ط و ف) اجوف واوی	طَافَ يَطُوْفُ (ن) طَوْفٌ (فَعْلٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يَطَئُوْنَ	وہ روندتے ہیں، طے کرتے ہیں۔ (پاؤں کے نیچے روندنا)	(و ط ء) مثال وای مہموز اللام	وَطَأَ يَطَأُ (ف) وَطْأٌ (فَعْلٌ) بروزن يَحَلُوْنَ	مضارع واحد مذکر غائب
يَطْبَعُ	وہ مہر جڑ دیتا ہے، بند کر دیتا ہے۔ (کسی چیز کے مکمل ہونے پر مُہر لگا دینا)	(ط ب ع) صحیح	طَبَعَ يَطْبَعُ طَبْعٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُطِعْ	وہ (جو) اطاعت کرتا ہے۔ (دل کی خوشی کے ساتھ کسی کا حکم بجالانا)	(ط و ع) اجوف واوی	اَطَاعَ يُطِيْعُ اِطَاعَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب
يَطْعَمُ	وہ کھاتا ہے	(ط ع م) صحیح	طَعِمَ يَطْعَمُ (س) طَعْمٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُطْعَمُ	اسے کھلایا جاتا ہے	(ط ع م) صحیح	اَطْعَمَ يُطْعِمُ اِطْعَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُطْعِمُ	وہ کھلاتا ہے (کسی انسان کو غذا کھلانا)	(ط ع م) صحیح	اَطْعَمَ يُطْعِمُ اِطْعَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُطْعِمُوْنَ	وہ کھلاتے ہیں (کسی انسان کو غذا کھلانا)	(ط ع م) صحیح	اَطْعم يُطْعِمُ اِطْعَامٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَطْغٰى	وہ سرکشی کرتا ہے۔ (کہ) وہ نافرمانی کرے۔ (نافرمانی میں حد سے گزر جانا)	(ط غ ی) ناقص یائی	طَغٰى يَطْغٰى (ف) طُغْيَانٌ (فُعْلَانٌ) بروزن يَفْعَلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُطْفِئُوْا	(تاکہ) وہ بجھا دیں (آگ کا بالکل بجھ جانا)	(ط ف ء) مہموز اللام	اَطْفَأَ يُطْفِأُ اِطْفَاءٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع منصوب جمع مذکر غائب
يَطْلُبُ	وہ طلب کرتا ہے	(ط ل ب) صحیح	طَلَبَ يَطْلُبُ (ن) طَلَبٌ (فَعَلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُطْلِعَ	(کہ) وہ آگاہ کر دے، خبردار کرے، دکھا دے۔ (کسی کو حقیقتِ حال سے واقف کرنا)	(ط ل ع) صحیح	اَطْلَعَ يُطْلِعُ اِطْلَاعٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يَطْمَئِنَّ	(تاکہ) وہ آرام پکڑے، مطمئن ہو جائے۔ (شک وشبہ سے نجات کے بعد نفس کا سکون پذیر ہونا)	(ط م ء ن) مہموز اللام رباعی مزید فیه	اِطْمَئَنَّ يَطْمَئِنُّ اِطْمِيْنَانٌ (اِفْعِلَّالٌ) بروزن يَفْعَلِلُّ	مضارع واحد مذکر غائب
لَمْ يَطْمِثْ	اس نے ہاتھ نہیں لگایا، اس نے جماع نہیں کیا۔ (مرد کا عورت کے پردۂ بکارت کو زائل کرنا)	(ط م ث) صحیح	طَمَثَ يَطْمِثُ (ض) طَمْثٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعِلُ	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب

صیغہ / وغیرہ	باب / مصدر / وزن	مادہ / ہفت اقسام	ترجمہ / توضیح	کلمات
مضارع واحد مذکر غائب	طَمِعَ يَطْمَعُ (ف) طَمَعٌ (فَعَلٌ) بروزن يَفْعِلُ	(ط م ع) صحیح	وہ حرص کرتا ہے، امید رکھتا ہے۔ (کسی بات کی دل میں قوی امید رکھنا)	يَطْمَعُ
مضارع جمع مذکر غائب	طَمِعَ يَطْمَعُ (ف) طَمَعٌ (فَعَلٌ) بروزن يَفْعَلُوْنَ	(ط م ع) صحیح	وہ امید کرتے ہونگے، چاہتے ہوں گے۔ (کسی بات کی دل میں قوی امید رکھنا)	يَطْمَعُوْنَ
مضارع واحد مذکر غائب	طَافَ يَطُوْفُ طَوْفٌ (فَعْلٌ)	(ط و ف) اجوف واوی	وہ گھومتا ہے، چکر لگاتا ہے۔ (کسی چیز کے چاروں طرف پھرنا)	يَطُوْفُ
مضارع جمع مذکر غائب	طَافَ يَطُوْفُ طَوْفٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلُوْنَ	(ط و ف) اجوف واوی	وہ پھریں گے، اردگرد چکر لگائیں گے۔ (کسی چیز کے چاروں طرف پھرنا)	يَطُوْفُوْنَ
مضارع واحد مذکر غائب	تَطَوَّفَ يَتَطَوَّفُ تَطَوُّفٌ (تَفَعُّلٌ)	(ط و ف) اجوف واوی	(کہ) وہ طواف کرے۔ (کسی چیز کے چاروں طرف پھرنا)	يَطَّوَّفَ
مضارع مجہول جمع مذکر غائب	طَوَّقَ يُطَوِّقُ تَطْوِيْقٌ (تَفْعِيْلٌ)	(ط و ق) اجوف واوی	ان کو طوق پہنائے جائیں	يُطَوَّقُوْنَ
مضارع واحد مذکر غائب	طَهَّرَ يُطَهِّرُ تَطْهِيْرٌ (تَفْعِيْلٌ)	(ط ہ ر) صحیح	(کہ) وہ پاک کر دے۔ (ظاہری و باطنی نجاست سے پاک کرنا)	يُطَهِّرُ
مضارع جمع مؤنث غائب	طَهَرَ يَطْهُرُ (ن) طُهْرٌ (فُعْلٌ)	(ط ہ ر) صحیح	(یہاں تک کہ) وہ حیض سے پاک ہو جائیں۔	حَتّٰی يَطْهُرْنَ

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَطِيْرُ	وہ اڑتا ہے	(ط ی ر) اجوف یائی	طَارَ يَطِيْرُ (ض) طَيْرٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَطَّيَّرُوْا	وہ بدفال لیتے ہیں	(ط ی ر) اجوف یائی	تَطَيَّرَ يَتَطَيَّرُ تَطَيُّرٌ (تَفَعُّلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُطِيْعُ	وہ اطاعت کرتا ہے۔ (دل کی خوشی کے ساتھ کسی کا حکم بجالانا)	(ط و ع) اجوف واوی	اَطَاعَ يُطِيْعُ اِطَاعَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُطِيْعُوْنَ	وہ پیروی کرتے ہیں۔ (دل کی خوشی کے ساتھ کسی کا حکم بجالانا)	(ط و ع) اجوف واوی	اَطَاعَ يُطِيْعُ اِطَاعَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُطِيْقُوْنَ	وہ طاقت رکھتے ہیں۔ (کسی کام کی ہمت وطاقت رکھنا)	(ط و ق) اجوف واوی	اَطَاقَ يُطِيْقُ اِطَاقَةٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
لَمْ يُظَاهِرُوْا	انہوں نے مدد نہیں کی، پشت پناہی نہ کریں۔ (پشت پناہی کر کے کسی کی مدد کرنا)	(ظ ہ ر) صحیح	ظَاهَرَ يُظَاهِرُ مُظَاهَرَةٌ (مُفَاعَلَةٌ) بروزن يُفَاعِلُوْا	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
يُظَاهِرُوْنَ	وہ ظہار کرتے ہیں۔ (بیوی کو محرمات سے تشبیہ دے کر حرام کرنا)	(ظ ہ ر) صحیح	ظَاهَرَ يُظَاهِرُ مُظَاهَرَةٌ (مُفَاعَلَةٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَظْلَلْنَ	وہ ہو جائیں، وہ رہ جائیں۔ (سارا دن ایک جیسی حالت رہنا)	(ظ ل ل) ثلاثی، مضاعف	ظَلَّ يَظَلُّ (س) ظَلٌّ (فَعْلٌ)	مضارع جمع مؤنث غائب
يَظْلِمُ	وہ ظلم کرتا ہے	(ظ ل م) صحیح	ظَلَمَ يَظْلِمُ (س) ظُلْمٌ (فُعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَظْلِمُوْنَ	وہ ظلم کرتے ہیں	(ظ ل م) صحیح	ظَلَمَ يَظْلِمُ (س) ظُلْمٌ (فُعْلٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُظْلَمُوْنَ	ان پر ظلم کیا جائے گا۔ (بے انصافی کی بات خواہ اس کا تعلق حقوق اللہ سے ہو یا معاملات سے ہو)	(ظ ل م) صحیح	ظَلَمَ يَظْلِمُ (س) ظُلْمٌ (فُعْلٌ) بروزن يُفْعَلُوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَظُنُّ	وہ گمان کرتا ہے، یقین کرتا ہے۔ (گمان، خیال، یقین سب معنوں میں استعمال ہوتا ہے)	(ظ ن ن) ثلاثی، مضاعف	ظَنَّ يَظُنُّ (ن) ظَنٌّ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يَظُنُّوْنَ	وہ گمان کرتے ہیں، یقین رکھتے ہیں۔ (گمان، خیال، یقین سب معنوں میں استعمال ہوتا ہے)	(ظ ن ن) ثلاثی، مضاعف	ظَنَّ يَظُنُّ (ن) ظَنٌّ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يُظْهِرُ يُظْهِرَ	وہ ظاہر کرتا ہے، وہ غالب کردے۔ (قوت کے ساتھ سامنے آنا، ظاہر ہونا)	(ظ ہ ر) صحیح	اَظْهَرَ يُظْهِرُ اِظْهَارٌ (اِفْعَالٌ) بروزن يُفْعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
اِنْ يَظْهَرُوْا	(اگر) وہ غلبہ پالیں۔ (قوت کے ساتھ سامنے آنا، ظاہر ہونا)	(ظ ہ ر) صحیح	ظَهَرَ يَظْهَرُ (ف) ظُهُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب
لَمْ يَظْهَرُوْا	ان پر ظاہر نہیں ہوئیں، وہ واقف نہیں ہوئے۔ (قوت کے ساتھ سامنے آنا، ظاہر ہونا)	(ظ ہ ر) صحیح	ظَهَرَ يَظْهَرُ (ف) ظُهُوْرٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَظْهَرُوْنَ	وہ چڑھتے ہیں، غالب ہوتے ہیں۔ (قوت کے ساتھ سامنے آنا، ظاہر ہونا)	(ظ ہ ر) صحیح	ظَهَرَ يَظْهَرُ (ف) ظُهُوْرٌ (فُعُوْلٌ) بروزن يَفْعَلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
يَعْبَؤُا	وہ توجہ کرتا ہے، وہ جھکتا ہے	(ع ب ء) مہموز اللام	عَبَأَ يَعْبَأُ (ف) عَبْأً (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَعْبُدُ	وہ عبادت کرتا ہے	(ع ب د) صحیح	عَبَدَ يَعْبُدُ (ن) عِبَادَةٌ (فِعَالَةٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَعْبُدُوْنَ	وہ عبادت کرتے ہیں یا کریں گے	(ع ب د) صحیح	عَبَدَ يَعْبُدُ (ن) عِبَادَةٌ (فِعَالَةٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُعْبَدُوْنَ	ان کی عبادت کی جاتی ہو	(ع ب د) صحیح	عَبَدَ يَعْبُدُ (ن) عِبَادَةٌ (فِعَالَةٌ)	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يَعْتَدُوْنَ	وہ حد سے تجاوز کرتے ہیں، زیادتی کرتے ہیں۔ (راہِ حق سے تجاوز کرنا)	(ع د و) ناقص واوی	اِعْتَدٰى يَعْتَدِىْ اِعْتِدَاءٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَعْتَذِرُوْنَ	وہ بہانہ کرتے ہیں، وہ عذر پیش کریں گے۔	(ع ذ ر) صحیح	اِعْتَذَرَ يَعْتَذِرُ اِعْتِذَارٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
لَمْ يَعْتَزِلُوْا	وہ الگ نہیں ہوئے۔ (کسی کام یا عقیدہ میں اختلاف کرکے الگ ہونا)	(ع ز ل) صحیح	اِعْتَزَلَ يَعْتَزِلُ اِعْتِزَالٌ (اِفْتِعَالٌ)	مضارع مجزوم جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يَعْتَصِمْ	وہ (جو) مضبوطی سے تھام لے۔ (دونوں ہتھیلیوں سے کسی چیز کو مضبوط پکڑنا)	(ع ص م) صحیح	اِعْتَصَمَ يَعْتَصِمُ اِعْتِصَامٌ اِفْتِعَالٌ) بروزن يَفْتَعِلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يُعْجِبُ	وہ خوش کرتا ہے، تعجب میں ڈالتا ہے۔ (خوشی اور تعجب کا مجموعہ)	(ع ج ب) صحیح	اَعْجَبَ يُعْجِبُ اِعْجَابٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُعْجِزَ	(کہ) وہ عاجز کردے، تھکا دے، مجبور کردے۔	(ع ج ز) صحیح	اَعْجَزَ يُعْجِزُ اِعْجَازٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يُعْجِزُوْنَ	وہ عاجز کردیں گے	(ع ج ز) صحیح	اَعْجَزَ يُعْجِزُ اِعْجَازٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُعَجِّلُ	(اگر) وہ جلدی کرتا۔ (کسی چیز کو اس کے وقت سے پہلے حاصل کرنے کی کوشش کرنا)	(ع ج ل) صحیح	عَجَّلَ يُعَجِّلُ تَعْجِيْلٌ (تَفْعِيْلٌ) بروزن يُفَعِّلُ	مضارع واحد مذکر غائب
يَعِدُ	وہ وعدہ کرتا ہے، امید دلاتا ہے	(و ع د) مثال واوی	وَعَدَ يَعِدُ وَعْدٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَعْدِلُوْنَ	وہ برابر کرتے ہیں، شریک کرتے ہیں۔ (ماپ تول میں برابری، دوسرے کا حق دینا)	(ع د ل) صحیح	عَدَلَ يَعْدِلُ (ض) عَدْلٌ (فَعْلٌ) بروزن يَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
یَعْدُوْنَ	وہ حد سے بڑھتے ہیں، نافرمانی کرتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ کے احکام وحدود کا خیال نہ رکھنا)	(ع د و) ناقص واوی	عَدٰی یَعْدُوْ (ن) عُدْوَانٌ (فُعْلَانٌ) بروزن یَفْعُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
یُعَذِّبُ	وہ عذاب دیتا ہے۔ (برے کام کا برا بدلہ، سخت سزا دینا)	(ع ذ ب) صحیح	عَذَّبَ یُعَذِّبُ تَعْذِیْبٌ (تَفْعِیْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَعْرُجُ	وہ چڑھتا ہے یا چڑھے گا۔ (رک رک کر چڑھنا، سیڑھی پر چڑھنے کی طرح)	(ع ر ج) صحیح	عَرَجَ یَعْرُجُ (ن) عُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
یَعْرُجُوْنَ	وہ چڑھتے ہیں یا چڑھیں گے۔ (رک رک کر چڑھنا، سیڑھی پر چڑھنے کی طرح)	(ع ر ج) صحیح	عَرَجَ یَعْرُجُ (ن) عُرُوْجٌ (فُعُوْلٌ) بروزن یَفْعُلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
یَعْرِشُوْنَ	وہ چھت بناتے ہیں، بلند کرتے ہیں۔ (چھت اور اس میں استعمال ہونے والی لکڑیاں)	(ع ر ش) صحیح	عَرَشَ یَعْرِشُ (ض) عَرْشٌ (فَعْلٌ) بروزن یَفْعِلُوْنَ	مضارع جمع مذکر غائب
یُعْرَضُ	وہ پیش کیے جائیں گے۔ (غیر ذوی العقول چیزیں پیش کرنا جیسے عرضداشت، پیغام وغیرہ)	(ع ر ض) صحیح	عَرَضَ یَعْرِضُ (ض) عَرْضٌ (فَعْلٌ) بروزن یُفْعَلُ	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
یُعْرِضْ	وہ (جو) منہ موڑ لے۔ (سامنے سے ہٹ جانا اور منہ پھیر لینا)	(ع ر ض) صحیح	اَعْرَضَ یُعْرِضُ اِعْرَاضٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب

کلمات	ترجمہ / توضیح	مادہ / ہفت اقسام	باب / مصدر / وزن	صیغہ / وغیرہ
يُعْرِضُوْا	وہ منہ پھیر لیتے ہیں۔ (سامنے سے ہٹ جانا اور منہ پھیر لینا)	(ع ر ض) صحیح	اَعْرَضَ يُعْرِضُ اِعْرَاضٌ (اِفْعَالٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يُعْرَضُوْنَ	ان کو پیش کیا جائے۔ (غیر ذوی العقول چیزیں پیش کرنا جیسے عرضداشت پیغام وغیرہ)	(ع ر ض) صحیح	عَرَضَ يَعْرِضُ (ض) عَرْضٌ (فَعْلٌ) بروزن يُفْعَلُوْنَ	مضارع مجہول جمع مذکر غائب
يُعْرَفُ	وہ پہچانا جاتا ہے۔ (علامات و آثار سے کسی چیز کو پہچاننا)	(ع ر ف) صحیح	عَرَفَ يَعْرِفُ (ض) عِرْفَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع مجہول واحد مذکر غائب
يُعْرَفْنَ	(کہ) ان کی شناخت ہو جائے۔ (علامات و آثار سے کسی چیز کو پہچاننا)	(ع ر ف) صحیح	عَرَفَ يَعْرِفُ (ض) عِرْفَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع مجہول جمع مؤنث غائب
يَعْرِفُوْنَ	وہ پہچانتے ہیں۔ (علامات و آثار سے کسی چیز کو پہچاننا)	(ع ر ف) صحیح	عَرَفَ يَعْرِفُ (ض) عِرْفَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع جمع مذکر غائب
يَعْزُبُ	وہ چھپتا ہے۔ (دور نکل جانے کی وجہ سے غائب ہو جانا)	(ع ز ب) صحیح	عَزَبَ يَعْزُبُ (ن) عُزُوْبٌ (فُعُوْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَعْشُ	وہ (جو) اعراض کرتا ہے۔ (آنکھیں بند کر کے اندھیرے میں چلا جانا)	(ع ش و) ناقص واوی	عَشَا يَعْشُوْا (ن) عَشْوٌ (فَعْلٌ)	مضارع واحد مذکر غائب
يَعْصِ	وہ نافرمانی کرتا ہے۔ (کسی بھلائی کی بات کی تعمیل نہ کرنا خواہ یہ دانستہ ہو یا نادانستہ)	(ع ص ی) ناقص یائی	عَصٰى يَعْصِىْ (ض) عِصْيَانٌ (فِعْلَانٌ)	مضارع مجزوم واحد مذکر غائب

